# فائنل صحیح بخاری

## ششماہی اول

## فیصد نصاب 80

مدرس::: شیخ الحدیث مفتی نوازش عطاری مدنی

محمد صائم عطاری

Composer: RAZA abny allah Rakha

اس فائل میں آپ کو بخاری شریف ششماہی اول کا 80 فیصد نصاب مل جائے گا۔۔۔

اگر آپ درس نظامی کی مندرجہ ذیل کتب کے ہمارے لکھے نوٹس چاہتے ہیں تو نیچے دیئے گئے نمبر پر رابطہ کریں۔
(1) شرح وقایہ (کتاب الجہاد)) (2) حسامی ((باب القیاس)) (3) تیسیر مصطلح الحدیث (4) القصائد المنتخبہ (5) فقہ السیرہ (6) منہاج العابدین مکمل (7) تفسیر بیضاوی ((ششماہی اول وثانی)) (8) ہدایہ جلد اول و دوم (9) النور المبین مکمل (10) فتح المنان (11) مناظر رشیدیہ (12) اجابۃ الغوث (13) اصول الدعوہ والارشاد (14) الفقہ الاکبر مکمل (15) شرح نخبۃ الفکر (16) ہدایہ جلد سوم و چھارم (17) میزان الادیان (18) شرح عقائد نسفیہ ششماہی اول و دوم (19) موطا امام مالک (20) شرح معانی الآثار (21) السراجی (22) تحقیق و تدوین کا طریقہ کار (23) موطا امام محمد (24) توضیح و تلویح (25) صحیح مسلم ششماہی اول

عنقریب تیار ہونے والی فائلز:::
(1) صحیح بخاری ششماہی ثانی (2) صحیح مسلم ششماہی ثانی (3) ترمذی ششماہی اول وثانی (4) سنن ابی داؤد (5) سنن ابن ماجہ (6) سنن نسائی


محمد صائم عطاری

دورہ حدیث شریف

مرکزی جامعۃ المدینہ گجرات

03238599095

## ((حالات مصنف))

نام ونسب:::

امام بخاری کانام """محمد بن اسماعیل بخاری جعفی"""ہے،،آپ 13 شوال 194ھ میں مشہور شہر """بخارا"""میں پیدا ہوئے،،آپ کے والد اسماعیل ایک عظیم محدث اور نیک بزرگ تھے۔۔۔۔۔

ابتدائی حالات:::

بچپن میں ہی آپ کے والد کاانتقال ہوگیا تھااور پرورش کی ذمہ داری والدہ نے سنبھال لی،،صغر سنی میں ہی آپ رحمۃاللہ علیہ نابینا ہوگئے معالجین سے رجوع کیا گیا لیکن کچھ نہ ہو سکا،،آپ کی والدہ نے رو رو کر اللہ سے دعائیں کیں جس کی بدولت آپ کی بینائی واپس آگئی۔۔۔۔۔

زمانہ تعلیم:::

ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد دس سال کی عمر میں آپ نے بخارا کے درس حدیث میں داخلہ لے لیااور 16 سال کی عمر میں کئی کتب زبانیں یاد کرلیں،،18 سال کی عمر میں بڑے بھائی احمد اور والدہ کے ساتھ حج پہ روانہ ہوئے اور اور امام بخاری علم کے حصول کے لیے وہیں رک گئے،، اسی دوران آپ نے """قضایاالصحابۃ والتابعین"""اور تاریخ کبیر """تصنیف فرمائیں۔۔۔۔۔

طلب حدیث کے لیے 216ھ میں پہلا سفر مکے کی جانب کیااس کے علاوہ بھی کئی شہروں مثلا مصر،شام،حجاز،بصرہ،کوفہ اور بغداد وغیرہ کا سفر کیا اوران گنت محدثین سے احادیث سنیں۔۔۔۔۔

آپ کے حافظے کا یہ عالم تھا کہ جس کتاب کوایک نظر دیکھ لیتے وہ انہیں حفظ ہو جاتی،،آپ کوایک لاکھ صحیح احادیث اور دو لاکھ غیر صحیح احادیث یاد تھیں۔۔۔۔

اساتذہ ومشائخ:::

آپ کے اساتذہ کی تعداد ایک ہزار سے زائد ہے چند کے نام درج ذیل ہیں:::

محمد بن عبداللہ انصاری،مکی بن ابراہیم،عبیداللہ بن موسیٰ،اسماعیل بن ابی خالد،ایوب بن سلیمان،علی بن مدینی،یحییٰ بن معین،احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ وغیرہ

تلامذہ:::

آپ کے کثیر تلامذہ ہیں جنہیں گننا بہت مشکل ہے چند کے نام درج ذیل ہیں:::

امام مسلم،امام نسائی،امام ترمذی،ابو بکر بن ابی الدنیا،ابوالقاسم بغوی،ابو بکر بزار،ابوزرعہ،ابوحاتم رازی وغیرہ

تصانیف:::

چند کے نام:::

الجامع الصحیح،التاریخ الکبیر،التاریخ الاوسط،التاریخ الصغیر،کتاب الضعفاء،الادب المفرد،کتاب العلل،کتاب المبسوط وغیرہ

وصال:::

بخارا سے سمرقند جاتے ہوئے راستے میں """حرتنگ""" نامی بستی میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا یکم شوال 256ھ کو باسٹھ سال کی عمر میں وصال ہوا،، آپ کا مزار شریف بخارا میں واقع ہے۔۔۔۔۔۔

## ((بسم اللہ الرحمٰن الرحیم))

## ((باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم))

سوال::: نیت کی اہمیت پہ ایک حدیث تحریر کریں۔۔۔۔۔

جواب::: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"""اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کے لیے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی،، جو دنیا کی طرف ہجرت کرے گا وہ اسے پالے گا اور جو کسی عورت کی طرف ہجرت کرے گا وہ اس سے نکاح کر لے گا"""۔۔۔۔۔

سوال::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ کس کس انداز میں وحی نازل ہوتی تھی؟؟؟

جواب::: کبھی کبھی وحی کے وقت مسلسل گھنٹی کے بجنے کی آواز آتی جیسے ہی وہ آواز بند ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وحی کو یاد فرما لیا کرتے،، کبھی کبھی فرشتہ انسانی شکل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوتا اور کلام کرتا۔۔۔۔

سوال::: وحی کا کون سا انداز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ زیادہ سخت تھا؟؟؟

جواب::: گھنٹی کی آواز والا انداز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے زیادہ سخت تھا،، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سخت سردی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیشانی مبارک سے پسینے کے قطرے ٹپک رہے ہوتے۔۔۔۔۔

سوال::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ وحی کی ابتداء کس سے ہوئی؟؟؟

جواب::: شروع شروع میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب آنے لگے اور جو خواب آتا وہ بعینہ پورا ہو جاتا۔۔۔۔

سوال::: وحی سے پہلے کس چیز کی محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب اقدس میں ڈالی گئی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب اقدس میں تنہائی کی محبت ڈال دی گئی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کئی کئی دن غار حراء میں قیام فرماتے اور اللہ پاک کی عبادت کرتے۔۔۔۔۔

سوال::: پہلی وحی کے نزول کا واقعہ تحریر کریں۔۔۔۔۔

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس غار حراء میں ایک فرشتہ آیا اور عرض کی کہ پڑھیے!!! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں پڑھنے والا نہیں ہوں،، فرشتے نے پوری قوت سے دبایا اور پھر پڑھنے کے لیے عرض کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہی جواب ارشاد فرمایا پھر اس نے دبایا یوں تین مرتبہ ہوا،، پھر فرشتے نے کہا:::

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ ۚ(1) خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ ۚ(2) اِقۡرَاۡ وَ رَبُّکَ الۡاَکۡرَمُ ۙ(3)

ترجمہ کنزالعرفان:::

اپنے رب کے نام سے پڑھو جس نے پیدا کیا،، انسان کو خون کے لوتھڑے سے بنایا،، پڑھو اور تمہارا رب ہی سب سے بڑا کریم ہے۔۔۔۔۔

سوال::: پہلی وحی کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ طاری ہونے والی کیفیت بیان کریں۔۔۔۔۔

جواب::: جب فرشتہ چلا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر تشریف لے گئے آپ کا قلب مبارک دھڑک رہا تھا، گھر جا کر آپ نے حضرت خدیجہ بن خویلد رضی اللہ عنہا سے فرمایا""مجھے چادر اوڑھادو مجھے چادر اوڑھادو"" تو انہوں نے چادر اوڑھا دی پھر تھوڑی دیر بعد یہ کیفیت ختم ہو گئی۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلی وحی کا سن کر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کن الفاظ میں تسلی دی؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا::: اللہ آپ کو کبھی رسوا نہیں کرے گا آپ صلہ رحمی کرتے ہیں لوگوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں غریبوں کے لیے کماتے ہیں مہمانوں کی مہمان نوازی کرتے ہیں اور حق کا ساتھ دیتے ہیں،، پھر وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس چلی گئیں جو آپ رضی اللہ عنہا کے چچازاد بھائی تھے۔۔۔۔

سوال::: ورقہ بن نوفل کا تعارف کروائیں نیز یہ بتائیں کہ انہوں نے وحی کی خبر سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا کہا؟؟؟

جواب::: ورقہ بن نوفل حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے چچازاد بھائی تھے،، وہ نصرانی تھے عبرانی زبان میں کتابیں لکھا کرتے تھے انہوں نے انجیل کا بھی عبرانی میں ترجمہ کیا ہوا تھا اور اس وقت وہ بہت بوڑھے تھے اور نابینا ہو چکے تھے۔۔۔۔

انہوں نے وحی کی خبر سن کر کہا::: یہ وہی ناموس ہے جسے اللہ پاک نے موسیٰ علیہ السلام پہ نازل کیا تھا کاش میں قوی جوان ہوتا کاش میں اس وقت زندہ رہتا جب آپ کی قوم آپ کو اس شہر سے نکال دے گی،، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: کیا وہ مجھے نکالیں گے؟؟؟ تو ورقہ نے کہا::: جی ہاں جو بھی اس دعوت کو لے کر آیا لوگوں نے اس سے دشمنی کی اگر میں اس وقت زندہ ہوا تو آپ کی پوری مدد کروں گا۔۔۔۔

سوال::: پہلی وحی اور دوسری وحی کے درمیان کتنے عرصے کا فاصلہ ہے؟؟؟

جواب::: تین سال کا

سوال::: سورۃ مدثر کے نزول کا واقعہ تحریر کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ وحی کے رک جانے کے زمانے میں ایک دفعہ میں چل رہا تھا تو میں نے آسمان سے ایک آواز سنی جب نگاہ اوپر اٹھائی تو وہی فرشتہ جو غار میں آیا تھا وہ زمین وآسمان کے درمیان ایک کرسی پہ بیٹھا ہوا تھا،، میرے دل میں خوف پیدا ہوا اور گھر آکر کہا مجھے چادر اوڑھادو مجھے چادر اوڑھادو،، تو اللہ پاک نے یہ آیات نازل فرمائیں:::

یٰاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ(1) قُمْ فَاَنْذِرْ (2) وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ (3) وَثِیَابَكَ فَطَهِّرْ (4) وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ

ترجمہ کنزالعرفان:::

اے چادر اوڑھنے والے،، کھڑے ہو جاؤ پھر ڈر سناؤ،، اور اپنے رب ہی کی بڑائی بیان کرو،، اور اپنے کپڑے پاک رکھو،، اور گندگی سے دور رہو۔۔۔۔

پھر اس کے بعد مسلسل وحی نازل ہونا شروع ہو گئی۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آیت"""لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ""" کی کیا تفسیر بیان فرمائی ہے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب وحی نازل ہوتی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن کو یاد کرنے کے لیے اپنے ہونٹ مبارک ہلاتے تھے اور اس سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سختی محسوس فرمایا کرتے تھے پھر آپ رضی اللہ عنہما نے ہونٹ ہلا کر دکھائے۔۔۔۔

اس سلسلے میں اللہ پاک نے یہ آیات نازل فرمائیں:::

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ(16)اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ(17)فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِـعْ قُرْاٰنَهٗ(18)ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ(19)

ترجمہ کنزالعرفان:::

تم یاد کرنے کی جلدی میں قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو حرکت نہ دو،، بیشک اس کا جمع کرنا اور اس کا پڑھنا ہمارے ذمہ ہے،، تو جب ہم اسے پڑھ لیں تو اس وقت اس پڑھے ہوئے کی اتباع کرو۔ پھر بیشک اسے بیان فرمانا ہمارے ذمہ ہے۔۔۔۔

اس آیت کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نزول وحی کے وقت ہونٹ نہیں ہلاتے تھے بلکہ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام واپس چلے جاتے تب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نازل کردہ آیات کی تلاوت فرماتے۔۔۔۔۔

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کن اوقات میں زیادہ سخاوت فرماتے تھے؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں میں سے سب سے زیادہ سخی تھے اور زیادہ سخاوت رمضان المبارک میں اس وقت فرماتے جب جبرائیل علیہ السلام آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوتے۔۔۔۔

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت جبرائیل علیہ السلام رمضان کی راتوں میں کون سا مبارک عمل کیا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::یہ دونوں عظیم ہستیاں رمضان المبارک کی راتوں میں قرآن مجید کا دور کرتی تھیں۔۔۔۔

سوال:::ہرقل نے کس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں سوالات کیے؟؟؟

جواب:::حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے ہرقل نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں سوالات کیے۔۔۔۔۔

سوال:::ابوسفیان ملک شام کس غرض سے گئے تھے؟؟؟

جواب:::آپ ملک شام تجارت کی غرض سے گئے تھے۔۔۔۔۔

سوال:::ہرقل اور ابوسفیان رضی اللہ عنہ کا مکالمہ کس مدت میں اور کس جگہ ہوا؟؟؟

جواب:::یہ وہ مدت چل رہی تھی جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور کفار قریش کے درمیان صلح حدیبیہ والا معاہدہ چل رہا تھا اور یہ مکالمہ ایلیاء یعنی بیت المقدس میں ہوا۔۔۔۔۔

سوال:::ہرقل اور ابوسفیان کے درمیان ہونے والا مکالمہ تفصیل سے لکھیں۔۔۔۔

جواب:::ہرقل نے قریش کے تاجروں کو دربار میں بلایا اور پوچھا کہ تم میں نبوت کا دعویٰ کرنے والے شخص کا قریبی رشتہ دار کون ہے؟؟؟ ابوسفیان آگے بڑھے،، ہرقل نے ان کے بقیہ ساتھیوں کو ان کے پیچھے کھڑا کر دیا اور کہا کہ اگر یہ((ابوسفیان)) جھوٹ بولیں تو تم ان کی تکذیب کرنا،، ابوسفیان کہتے ہیں کہ اگر مجھے ان کے جھٹلانے سے حیاء نہ آتی تو ضرور میں غلط بیانی سے کام لیتا۔۔۔۔۔۔

چنانچہ مکالمہ شروع ہوا:::

ہرقل:::تم لوگوں میں اس کا نسب کیسا ہے؟؟؟

ابوسفیان:::وہ ہم میں سے اعلیٰ نسب والے ہیں۔۔۔۔

ہرقل:::کیا تم لوگوں میں اس سے پہلے کسی نے ایسا دعویٰ کیا؟؟؟

ابوسفیان:::جی نہیں

ہرقل:::کیا ان کے آباؤ اجداد میں کوئی بادشاہ تھا؟؟؟

ابوسفیان:::جی نہیں

ہر قل:::ان کے پیروکار بڑے لوگ ہیں یا کمزور لوگ ؟؟؟

ابوسفیان::: کمزور لوگ

ہر قل::: کیاان کے ماننے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہاہے یا کمی ہو رہی ہے ؟؟؟

ابوسفیان:::اضافہ ہو رہاہے۔۔۔۔

ہر قل::: کیاان کے دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی مرتد ہواہے ؟؟؟

ابوسفیان:::جی نہیں

ہر قل::: کیاان کے دعویٰ نبوت سے پہلے کسی نے ان پہ جھوٹ کاالزام لگایا تھا؟؟؟

ابوسفیان:::جی نہیں

ہر قل::: کیاوہ وعدہ خلافی کرتے ہیں ؟؟؟

ابوسفیان::: نہیں،، البتہ ابھی ہمارااور ان کا معاہدہ چل رہاہے پتا نہیں وہ کیا کرتے ہیں ؟؟؟((ابوسفیان کہتے ہیں کہ صرف یہ بات میں نے اپنی طرف سے شامل کی))۔۔۔۔

ہر قل::: کیا تمہاری کبھی ان کے ساتھ جنگ ہوئی ؟؟؟اور اس کا کیا نتیجہ رہا؟؟؟

ابوسفیان:::جی ہاں،، کبھی وہ جیت گئے کبھی ہم جیت گئے۔۔۔۔۔

ہر قل:::وہ تمہیں کس چیز کا حکم دیتے ہیں ؟؟؟

ابوسفیان::: وہ کہتے ہیں ایک اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ اور اپنے باپ دادا کی باتیں چھوڑ دو اور ہمیں نماز پڑھنے، سچ بولنے، پرہیزگاری اختیار کرنے اور صلہ رحمی کرنے کا حکم دیتے ہیں۔۔۔۔۔

ہر قل نے اپنے ترجمان سے کہا کہ انہیں((یعنی ابوسفیان کو)) کہو کہ میں نے تم سے ان کے نسب کے بارے میں پوچھا تم نے بتایا کہ وہ اعلیٰ نسب والے ہیں اور انبیاء اپنی قوم کے اعلی نسب میں ہی مبعوث ہوتے ہیں،، میں نے تم سے پوچھا کہ کیاان سے پہلے کسی نے ایسادعویٰ کیا تم نے کہا نہیں ،،تب میں نے سوچا کہ اگر ایسی بات پہلے کسی نے کہی ہوتی تو ضرور انہوں نے اس کی تقلید کی ہو گی،، پھر میں نے سوال کیا کہ ان کے آباؤاجداد میں سے کوئی بادشاہ تھا؟؟؟ تم نے کہا نہیں تو میں نے((دل میں)) کہا اگر ان کے آباؤاجداد میں کوئی بادشاہ ہوتا تو یہ اپنے باپ دادا کی بادشاہت چاہتے ہوں گے،، پھر میں نے پوچھا کیا کسی نے ان پہ جھوٹ کی تہمت لگائی ؟؟؟ تم نے نفی کی تو میں نے سوچا جو شخص لوگوں سے جھوٹ نہ بولتا ہو وہ اللہ کے بارے میں کیسے جھوٹ بول سکتا ہے ؟؟؟،، پھر میں نے پوچھا کہ ان کے پیروکار کمزور لوگ ہیں یا معزز لوگ ؟؟؟ تم نے کہا کمزور لوگ،، تو دراصل کمزور لوگ ہی انبیاء کے پیروکار ہوتے ہیں،، پھر میں نے پوچھا کہ ان کی تعداد میں اضافہ ہو رہاہے یا کمی ہو رہی ہے ؟؟؟ تم نے کہا اضافہ ہو رہاہے پس ایمان کا معاملہ یونہی ہوتاہے،، پھر میں نے پوچھا کیا کوئی ان کے دین سے مرتد ہواہے ؟؟؟ تم نے کہا نہیں،، پس ایمان کا یہ خاصہ ہے کہ جس دل میں بیٹھ جائے وہاں سے نکلتا نہیں،، پھر میں نے پوچھا کہ کیاوہ وعدہ خلافی کرتے ہیں ؟؟؟ تم نے کہا نہیں،، پس اللہ کے نبی وعدہ خلافی نہیں کرتے۔۔۔۔۔

پھر میں نے پوچھا کہ وہ کس چیز کا حکم دیتے ہیں تم نے مجھے ان کے احکامات بتائے،، اگر تمہاری باتیں سچی ہیں تو وہ عنقریب میرے قدموں کی جگہ کے مالک بن جائیں گے،، مجھے معلوم تھا کہ ایک نبی مبعوث ہوں گے لیکن یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ تم میں سے ہوں گے اگر میں ان تک پہنچ سکتا تو ضرور جاتا اور ان کے قدم دھوتا۔۔۔۔۔

سوال::: کون سے صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط لے کر ملک شام گئے تھے؟؟؟

جواب::: حضرت دحیہ کلبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط لے کر بصری گئے تھے اور پھر بصری کے گورنر نے انہیں ہر قل کے پاس بھیج دیا تھا۔۔۔۔

سوال::: ملک شام بھیجے جانے والے خط کا مضمون تحریر کریں۔۔۔۔

جواب::: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

من محمد عبداللہ ورسولہ الی ھر قل عظیم الروم سلام علی من اتبع الھدی۔۔۔۔

امابعد، فانی ادعوک بدعایۃ الاسلام اَسلِم تَسلَم یؤتک اللہ اجرک مرتین فان تولیت فان علیک اثم الیرسین

وَیَا اَھلَ الکِتَابِ تَعَالَوا اِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَاءٍ بَینَنَا وَبَینَکُم، اَن لَا نَعبُدَ اِلَّا اللّٰہَ وَلَا نُشرِکَ بِہٖ شَیئًا، وَلَا یَتَّخِذَ بَعضُنَا بَعضًا اَربَابًا مِن دُونِ اللّٰہِ، فَاِن تَوَلَّوا فَقُولوا: اشھَدُوا بِاَنَّا مُسلِمُونَ۔۔۔۔۔

ترجمہ:::

اللہ کے نام کے ساتھ جو نہایت مہربان اور رحم والا ہے۔۔۔۔

اللہ کے بندے اور اس کے پیغمبر محمد ﷺ کی طرف سے یہ خط شاہ روم کے لیے ہے،، اس شخص پر سلام ہو جو ہدایت کی پیروی کرے اس کے بعد میں تمہیں دعوت اسلام پیش کرتا ہوں۔ اگر تم اسلام لے آؤ گے تو (دین و دنیا میں) سلامتی نصیب ہو گی،، اللہ تمہیں دوہرا ثواب دے گا اور اگر تم (میری دعوت سے) روگردانی کرو گے تو تمہاری رعایا کا گناہ بھی تم ہی پر ہو گا۔۔۔۔

اور اے اہل کتاب! ایک ایسی بات پر آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں اور نہ ہم میں سے کوئی کسی کو خدا کے سوا اپنا رب بنائے۔ پھر اگر وہ اہل کتاب (اس بات سے) منہ پھیر لیں تو (مسلمانو!) تم ان سے کہہ دو کہ گواہ ہو جاؤ ہم تو ایک خدا کے اطاعت گزار ہیں۔۔۔۔۔

سوال::: ہر قل کے دربار میں یہ خط پڑھنے کے بعد کیا معاملہ پیش آیا؟؟؟

جواب::: جب یہ خط پڑھا گیا تو ہر قل کے دربار میں شور ہونے لگا پھر ابوسفیان اور ان کے ساتھیوں کو باہر نکال دیا گیا،، ابوسفیان نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ابن ابی کبشہ کا معاملہ بہت بڑا ہو گیا ہے کہ اب بنی اصفر ((یعنی روم)) کا بادشاہ بھی ان سے ڈرنے لگا ہے۔۔۔۔۔

سوال::: ابن ناطور کون تھا؟؟؟

جواب::: ابن ناطور ایلیاء کا حاکم اور ہر قل کا ساتھی تھا۔۔۔۔

سوال::: ہر قل بیت المقدس آنے کے بعد پریشان کیوں تھا؟؟؟

جواب::: ہر قل جب بیت المقدس آیا تو ایک صبح پریشان تھا جب وجہ دریافت کی گئی تو اس نے بتایا کہ آج رات میں نے ستاروں میں غور و فکر کیا ((ہر قل ایک نجومی بھی تھا)) تو دیکھا ختنہ کرنے والوں کا بادشاہ ہمارے اوپر غالب آگیا،، درباریوں نے کہا کہ یہودی ختنہ کرتے ہیں لہذا کوئی بڑا

مسئلہ نہیں ہیں آپ انہیں قتل کروادیں،، ابھی وہ یہ گفتگو کررہے تھے کہ ہرقل کے پاس ایک آدمی لایا گیا جسے شاہ غسان نے بھیجا تھا اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حالات بیان کیے پھر ہرقل کے حکم پہ جب اسے چیک کیا گیا تو وہ ختنہ شدہ تھا اس سے ہرقل سمجھ گیا کہ یہی ((محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)) وہ شخص ہیں جو ہم پہ غالب آجائیں گے۔۔۔۔۔

سوال::: ہرقل نے حمص میں روم کی بڑی بڑی شخصیات کو دروازہ بند کر کے کیا کہا؟؟؟

جواب::: ہرقل نے کہا"""اے اہل روم!!! کیا تمہارے لیے کامیابی وہدایت میں سے کوئی حصہ ہے؟؟؟ اگر تم اپنا ملک بچانا چاہتے ہو تو اس نبی کی بیعت کرلو"""۔۔۔۔۔

یہ سن کر رومی وحشی گدھوں کی طرح دروازوں کی جانب بھاگے جب ہرقل نے یہ حالت دیکھی تو ان کے ایمان سے مایوس ہو گیا اور واپس بلا کر کہنے لگا میں نے یہ بات اس لیے کی تھی تاکہ تمہارے دین پہ تمہاری شدت کا پتا چلا سکوں اور وہ میں نے دیکھ لی ہے یہ سن کر رومی اس کے سامنے سجدہ ریز ہو گئے۔۔۔۔۔

## ((کتاب الایمان))

## (( باب قول النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم """ بنی الاسلام علی خمس""" ))

سوال::: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ایمان کی کیا تعریف فرمائی ہے؟؟؟

جواب::: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں"""ایمان قول وفعل کا نام ہے جو کہ گھٹتا بڑھتا رہتا ہے"""((خیال رہے ہمارا موقف امام بخاری سے الگ ہے ہم ایمان کے گھٹنے یا بڑھنے کے قائل نہیں ہیں))۔۔۔۔۔

سوال::: ایمان گھٹتا بڑھتا رہتا ہے اس پہ امام بخاری نے قرآن سے کیا دلیل پیش کی ہے؟؟؟

جواب::: آپ نے کئی آیات کو بطور دلیل ذکر کیا ہے دو درج ذیل ہیں:::

(1) وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا

ترجمہ کنزالعرفان:::

اور ایمان والوں کا ایمان بڑھے۔۔۔۔

(2) لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ

ترجمہ کنزالعرفان:::

تاکہ ان کے یقین پر یقین میں اضافہ ہو۔۔۔۔

ان آیات مبارکہ میں اللہ پاک ایمان کے اضافے کی بات کررہا ہے تو ثابت ہوا ایمان میں کمی زیادتی ہوتی رہتی ہے۔۔۔۔۔

سوال::: عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے عدی بن عدی کی جانب کیا خط لکھا؟؟؟

جواب::: انہوں نے لکھا کہ بے شک ایمان میں کچھ فرائض، عقائد، حدود اور سنن((یعنی مندوبات)) داخل ہیں تو جس نے انہیں مکمل کیا اس نے ایمان مکمل کرلیا اور جس نے انہیں مکمل نہ کیا اس نے ایمان مکمل نہ کیا،، اگر میں زندہ رہا تو تمہیں ان کی تفصیل بیان کروں گا تاکہ تم اس پہ عمل کرو اور اگر میں فوت ہو گیا تو مجھے تمہاری صحبت کی ضرورت نہیں۔۔۔۔۔

اس روایت سے بھی امام بخاری ایمان کی کمی زیادتی پہ استدلال کرتے ہیں۔۔۔۔۔

سوال:::حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کس چیز کو پورا ایمان قرار دیا؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یقین کامل ایمان ہے۔۔۔۔

سوال:::بندہ کب تک تقوی کی حقیقت کو نہیں پہنچ سکتا؟؟؟

جواب:::حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بندہ تب تک تقوی کی حقیقت کو نہیں پہنچ سکتا جب تک اپنے دل میں کھٹکنے والی بات کو نہ چھوڑ دے۔۔۔۔

سوال:::امام مجاہد رحمہ اللہ نے آیت """شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّیْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا""" کی کیا تفسیر بیان فرمائی؟؟؟

جواب:::آپ رحمۃاللہ علیہ فرماتے ہیں اس کا مطلب ہے """اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم نے آپ کو اور نوح علیہ السلام کو ایک ہی دین کی وصیت فرمائی"""۔۔۔۔۔

سوال:::حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے """شِرْعَةً وَّ مِنْهَاجًا ؕ""" کا کیا مطلب بیان کیا ہے؟؟؟

جواب:::آپ نے فرمایا ان کا مطلب راستہ اور سنت ہے۔۔۔۔

سوال:::اسلام کی بنیاد کتنی شاخوں پہ ہے؟؟؟

جواب:::حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا"""اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پہ رکھی گئی::: (1)اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں (2) نماز قائم کرنا (3) زکوۃ دینا (4) حج کرنا (5) رمضان کے روزے رکھنا"""۔۔۔۔

## ((باب امور الایمان))

سوال:::امام بخاری رحمۃاللہ علیہ نے ایمان کے امور بیان کرنے کے لیے کون سی آیت پیش کی؟؟؟

جواب:::آپ رحمۃاللہ علیہ نے مندرجہ ذیل آیت پیش فرمائی:::

لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ الْمَلٰٓىٕكَةِ وَ الْكِتٰبِ وَ النَّبِیّٖنَ ۚ-وَ اٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِی الْقُرْبٰى وَ
الْیَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِیْنَ وَ ابْنَ السَّبِیْلِ ۙ-وَ السَّآىٕلِیْنَ وَ فِی الرِّقَابِ ۚ-وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ اٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ-وَ الْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ-وَ الصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَ
الضَّرَّآءِ وَ حِیْنَ الْبَاْسِ ؕ-اُولٰٓىٕكَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا ؕ-وَ اُولٰٓىٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ(177)

ترجمہ کنزالعرفان:::

اصل نیکی یہ نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف کرلو بلکہ اصلی نیک وہ ہے جو اللہ اور قیامت اور فرشتوں اور کتاب اور پیغمبروں پر ایمان لائے اور اللہ کی محبت میں عزیز مال رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سائلوں کو اور (غلام لونڈیوں کی) گردنیں آزاد کرانے میں خرچ کرے اور نماز قائم رکھے اور زکوۃ دے اور وہ لوگ جو عہد کرکے اپنا عہد پورا کرنے والے ہیں اور مصیبت اور سختی میں اور جہاد کے وقت صبر کرنے والے ہیں یہی لوگ سچے ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں۔۔۔۔۔

سوال:::ایمان کی کتنی شاخیں ہیں؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """ایمان کی ساٹھ سے زیادہ شاخیں ہیں اور حیاء ایمان کی ایک شاخ ہے"""۔۔۔۔

## ((باب المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ))

سوال::: مسلمان اور مہاجر کی تعریف بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں اور مہاجر وہ ہے جو اللہ کی منع کردہ چیزوں کو چھوڑ دے"""۔۔۔۔۔

## ((باب ای الاسلام افضل))

سوال::: کون سا اسلام افضل ہے؟؟؟((یعنی کون سا مسلمان افضل ہے؟؟؟))

جواب::: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا::: """وہ مسلمان جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں"""۔۔۔۔

سوال::: ایمان کی کون سی خصلت بہترین ہے؟؟؟

جواب::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا::: """((بہترین خصلت یہ ہے کہ)) تو کھانا کھلائے اور اپنے جاننے اور نہ جاننے والے لوگوں کو سلام کرے"""۔۔۔۔۔

## ((باب من الایمان ان یحب لاخیہ ما یحب لنفسہ))

سوال::: اسلام میں بھائی چارے کی کیا تعلیم دی گئی ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل مومن نہیں ہو سکتا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہ چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے کرتا ہے"""۔۔۔۔۔

## ((باب حب الرسول من الایمان))

سوال::: ایک مسلمان کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کس درجہ کی محبت ہونی چاہیے؟؟؟

جواب::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے والد اور اولاد سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں"""۔۔۔۔۔

تو اس سے ثابت ہوا کہ ایک مسلمان کو ہر چیز سے بڑھ کر رسول اللہ سے محبت کرنی چاہیے۔۔۔۔۔

## ((باب حلاوۃ الایمان))

سوال::: کس نے ایمان کی حلاوت کو پالیا؟؟؟

جواب:::حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""جس میں تین خصلتیں ہوئیں اس نے ایمان کی حلاوت((مٹھاس))کو پالیا:::(1)اسے اللہ اور اس کا رسول ہر چیز سے زیادہ محبوب ہو(2)وہ کسی سے صرف اللہ کی وجہ سے محبت کرے(3)اور((اسلام کے بعد))کفر میں لوٹنے کو آگ میں پھینکے جانے کی طرح ناپسند سمجھے۔۔۔

## ((باب علامۃ الایمان حب الانصار))

سوال:::انصار کی فضیلت بیان کریں۔۔۔

جواب:::حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""انصار سے محبت کرنا ایمان کی نشانی ہے اور ان سے بغض رکھنا نفاق کی علامت ہے""۔۔۔۔

## ((باب))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عقبہ گھاٹی میں مدینہ سے آئے ہوئے لوگوں سے کن باتوں پہ بیعت لی؟؟؟

جواب:::عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ جو کہ بدری صحابی ہیں فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""اس بات پہ میری بیعت کرو کہ تم اللہ کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراؤ گے،،چوری نہیں کرو گے،،زنا نہیں کرو گے،،اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے،،ناحق بہتان نہیں باندھو گے،،نیکی کے کام میں((اللہ کی))نافرمانی نہیں کرو گے،،پس جس نے اس عہد کو پورا کیا اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے اور جس نے کسی برائی کا ارتکاب کیا اور اگر اسے دنیا میں سزا دے دی گئی تو وہ اس کے گناہ کا کفارہ ہو گی لیکن اگر اللہ نے اسے چھپا لیا تو اس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے چاہے تو وہ معاف کر دے یا سزا دے""۔۔۔۔

پھر انصار نے ان چیزوں پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کر لی۔۔۔

## ((باب من الدین الفرار من الفتن))

سوال:::فتنوں کے دور میں ایک مسلمان کو کیا طرزِ زندگی اختیار کرنا چاہیے؟؟؟

جواب:::ایک مسلمان کو چاہیے کہ وہ الگ تھلگ رہنے لگ جائے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""عنقریب مسلمان کا بہترین مال بکریاں ہوں گی جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹیوں اور بارش کے مقامات کی جانب نکل جائے گا اور اپنے دین کو فتنوں سے بچالے گا""۔۔۔۔

## ((باب قول النبی انا اعلمکم باللہ))

سوال:::امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے معرفت کو کون سے افعال میں شمار کیا ہے؟؟؟

جواب:::امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں معرفت دل کے افعال میں سے ہے۔۔۔۔

سوال:::اللہ سے سب سے زیادہ ڈرنے اور اسے جاننے والا کون ہے؟؟؟

جواب:::پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم اللہ سے سب سے زیادہ ڈرنے والے اور جاننے والے ہیں جیسا کہ حدیث مبارکہ میں ہے:::

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے """رسول اللہ ﷺ جب صحابہ کو کوئی حکم دیتے تو ایسے عمل کا حکم دیتے جو وہ کر سکیں،، صحابہ کہتے::: یارسول اللہ!!! ہم آپ جیسے نہیں، اللہ نے تو آپ کے سبب آپ کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ معاف فرمادیے ہیں۔۔۔۔

(یہ سن کر) نبی ﷺ ناراض ہو جاتے، یہاں تک کہ چہرے پر ناراضگی ظاہر ہو جاتی، اور آپ فرماتے::: """اللہ سے سب سے زیادہ ڈرنے والا اور سب سے زیادہ اسے جاننے والا میں ہوں"""۔۔۔۔۔

## ((باب تفاضل اھل الایمان فی الاعمال))

سوال::: بروز قیامت ان لوگوں کا کیا انجام ہو گا جن کے دل میں رائی کے دانے برابر ایمان ہو گا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """جب جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں چلے جائیں گے تو اللہ پاک ((فرشتوں سے)) فرمائے گا::: جہنم سے ان لوگوں کو نکالو جن کے دل میں رائی کے دانے برابر ایمان ہے،، پس انہیں نکالا جائے گا وہ سیاہ ہو چکے ہوں گے پھر انہیں زندگی کی نہر میں ڈالا جائے گا وہ اس سے ایسے نکلیں گے جیسے دانہ پانی کے کنارے اگتا ہے"""۔۔۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو کیسے دیکھا نیز اس کی کیا تعبیر بیان کی؟؟؟

جواب::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """میں نے (خواب میں) لوگوں کو دیکھا کہ وہ میرے سامنے پیش کیے جا رہے ہیں، اور ان پر قمیصیں تھیں کسی کی قمیص چھاتی تک تھی اور کسی کی اس سے بھی کم،، پھر عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو میرے سامنے پیش کیا گیا اور ان کی قمیص بہت لمبی تھی جو وہ گھسیٹ رہے تھے"""۔۔۔۔

صحابہ نے پوچھا::: """یارسول اللہ!!! آپ نے اس کی کیا تعبیر کی"""؟؟؟ آپ ﷺ نے فرمایا::: دین۔۔۔۔۔

اس خواب سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی دین پہ مضبوطی بیان فرمائی۔۔۔۔

## ((باب الحیاء من الایمان))

سوال::: حیاء کی اہمیت بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک انصاری شخص کے پاس سے گزرے وہ اپنے بھائی کو حیاء سے منع کر رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """انہیں چھوڑ دو بے شک حیاء ایمان کا حصہ ہے"""۔۔۔۔۔

## ((باب """فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ"""))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لوگوں سے کس بنیاد پہ قتال کا حکم دیا گیا؟؟؟

جواب::: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک قتال کروں جب تک وہ گواہی نہ دے دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، اور نماز قائم کریں، اور زکوۃ ادا کریں۔۔۔۔

پھر جب وہ یہ سب کچھ کر لیں، تو وہ اسلام کے حق کے ساتھ مجھ سے اپنی جانوں اور مالوں کو محفوظ کر لیں گے اور ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے"""۔۔۔۔۔

## ((باب من قال::: ان الایمان ھو العمل))

سوال::: کیاامام بخاری کے نزدیک ایمان صرف قول کانام ہے ؟؟؟

جواب:::جی نہیں بلکہ امام بخاری کے نزدیک ایمان محض قول نہیں بلکہ عمل کا بھی نام ہے۔۔۔۔

دلیل اللہ پاک کافرمان ہے :::

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (72)

ترجمہ کنزالعرفان:::

اور یہی وہ جنت ہے جس کا تمہارے اعمال کے صدقے تمہیں وارث بنایا گیا ہے۔۔۔۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ جنت اعمال کے بدلے ملے گی لہذاایمان صرف قول کانام نہیں بلکہ قول و عمل دونوں کو شامل ہے۔۔۔۔۔

سوال:::سب سے افضل عمل کون سا ہے ؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے افضل عمل کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا:::""اللہ اور اس کے رسول پہ ایمان لانا""،، پوچھا گیا پھر اس کے بعد کون سا عمل افضل ہے ؟؟؟فرمایا:::""اللہ کے راستے میں جہاد کرنا""،، پوچھا گیا اس کے بعد کون سا ہے ؟؟؟""فرمایا:::""مقبول حج""۔۔۔۔۔

## ((باب اذالم یکن الاسلام علی الحقیقۃ وکان علی الاستسلام أوالخوف من القتل))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب ایک جماعت کو کچھ مال دیا تو ایک شخص کو کیوں چھوڑ دیا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک جماعت کو کچھ مال دیا اور ایک شخص کو چھوڑ دیا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی کہ آپ نے اسے کیوں نہیں عطا کیا حالانکہ اللہ کی قسم میں اسے مومن سمجھتا ہوں یوں تین مرتبہ انہوں نے کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""میں ایک شخص کو دیتا ہوں اور اس کا غیر (( جسے کچھ نہیں دیتا)) مجھے اس سے زیادہ محبوب ہوتا ہے،، اسے اس لیے دیتا ہوں کہیں اللہ اسے جہنم میں اوندھے منہ نہ ڈال دے""۔۔۔۔

اس سے مراد یہ ہے کہ جسے میں دیتا ہوں اسے تالیف قلب کے لیے دیتا ہوں تاکہ وہ اسلام پہ قائم رہے اور اس سے پھر کر جہنم کا حقدار نہ ہو اور جسے نہیں دیتا وہ مجھے پہلے والے سے زیادہ محبوب ہے کیونکہ اس کے اسلام سے پھر جانے کا خوف نہیں ہے۔۔۔۔۔

(( باب افشاء السلام من الاسلام ))

سوال:::وہ کون سی ایسی تین چیزیں ہیں جنہیں اگر کوئی شخص جمع کرلے تو اس نے ایمان جمع کر لیا؟؟؟

جواب':::حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تین چیزیں ایسی ہیں جس نے انہیں جمع کیا اس نے ایمان جمع کر لیا:::(1) اپنے نفس سے انصاف کرنا(2)سب کو سلام کرنا(3) تنگدستی میں خرچ کرنا

## ((باب کفران العشیر وکفر دون کفر))

سوال:::جہنم میں عورتوں کی کثرت کیوں ہوگی؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""مجھے جہنم دکھائی گئی تو اس میں زیادہ عورتیں تھیں جو کفر ((یعنی ناشکری)) کرتی ہیں""،، کہا گیا""کیا وہ اللہ کے ساتھ کفر کرتی ہیں؟؟؟""،، فرمایا:::""وہ اپنے شوہر کی ناشکری کرتی ہیں اور احسان نہیں مانتیں،، اگر تم ان میں سے کسی کے ساتھ زمانہ بھر احسان کرو پھر وہ تم میں کوئی بری چیز دیکھے تو کہے گی:::میں نے تم میں کبھی خیر نہیں دیکھی""۔۔۔۔۔

## ((باب المعاصی من امر الجاہلیۃ ولا یکفر صاحبھا بارتکابھا الا بالشرک))

سوال::: کیا گناہ کرنے سے کوئی شخص کافر ہو جائے گا؟؟؟

جواب::: جی نہیں بلکہ وہ مسلمان ہی رہے گا۔۔۔۔

دلیل اللہ پاک کا فرمان ہے:::

وَاِنۡ طَآىِٕفَتٰنِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اقۡتَتَلُوۡا فَاَصۡلِحُوۡا بَيۡنَهُمَا‌ ۚ

ترجمہ کنزالعرفان:::

اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو تم ان میں صلح کرا دو۔۔۔۔

یہاں اللہ عزوجل نے آپس میں لڑنے والوں کے لیے مؤمن کا لفظ استعمال کیا حالانکہ لڑنا گناہ کا کام ہے۔۔۔۔۔

سوال::: تلوار کے ذریعے لڑنے والے دو مسلمانوں کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا وعید ارشاد فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """اگر دو مسلمان تلوار کے ساتھ آپس میں لڑائی کریں تو قاتل و مقتول دونوں جہنم میں جائیں گے""، عرض کی گئی قاتل تو جہنم میں جائے گا مگر مقتول کا کیا قصور؟؟؟ فرمایا::: """وہ ((یعنی مقتول بھی)) اپنے ساتھی کو قتل کرنا چاہتا تھا"""۔۔۔۔

سوال::: غلام کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟؟؟

جواب::: معرور سے روایت ہے کہ میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو ربذہ کے مقام پہ ملا،، جو لباس ان کا تھا ویسا ہی ان کے غلام کا تھا تو میں نے اس حوالے سے سوال کیا انہوں نے فرمایا::: میں نے ایک ((غلام)) شخص کو ماں کی گالی دی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تھا::: """اے ابوذر!!! کیا تو نے اسے ماں کی گالی دی؟؟؟ بے شک تمہارے اندر کچھ جاہلیت ہے،، تمہارے خدام تمہارے بھائی ہیں اللہ نے انہیں تمہارے ماتحت کیا ہے پس جس کے ماتحت اس کا بھائی ہو تو اسے چاہیے جیسا خود کھائے ویسا اسے کھلائے جیسا خود پہنے ویسا اسے پہنائے اور ان کو طاقت سے زیادہ کام نہ دو اگر دے دیا ہے تو ان کی مدد کرو"""۔۔۔۔

## ((باب::: ظلم دون ظلم))

سوال::: آیت """اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَلَمۡ يَلۡبِسُوۡۤا اِيۡمَانَهُمۡ بِظُلۡمٍ اُولٰۤـئِكَ لَهُمُ الۡاَمۡنُ وَهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ۚ""" میں ظلم سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ پریشان ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ ہم میں سے تو ہر بندے نے کچھ نہ کچھ ظلم کیا ہے ((تو کیا ہم ہدایت یافتہ نہیں ہیں؟؟؟)) پھر اللہ پاک نے یہ آیت نازل فرمائی:::

اِنَّ الشِّرۡكَ لَظُلۡمٌ عَظِيۡمٌ

ترجمہ:::

بے شک شرک سب سے بڑا ظلم ہے۔۔۔۔

یعنی اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل کر کے بتایا کہ پہلے نازل ہونے والی آیت میں ظلم سے مراد شرک تھا۔۔۔۔

## ((باب علامۃ المنافق))

سوال::: حدیث مبارکہ میں منافق کی کون سی علامتیں بیان کی گئی ہیں ؟؟؟

جواب::: عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """جس میں چار خصلتیں پائی گئیں وہ خالص منافق ہے اور جس میں ایک پائی گئی تو اس میں نفاق کی ایک خصلت موجود ہے جب تک اسے چھوڑ نہ دے:::(1) جب امانت دی جائے تو اس میں خیانت کرے (2) جب بات کرے تو جھوٹ بولے (3) جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے (4) جب لڑائی کرے تو گالی دے""" ۔۔۔۔۔

## ((باب::: قیام لیلۃ القدر من الایمان))

سوال::: لیلۃ القدر میں قیام کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """جس نے ایمان اور ثواب کی نیت سے لیلۃ القدر کو قیام کیا تو اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے""" ۔۔۔۔۔

## ((باب:::الجہاد من الایمان))

سوال::: جہاد کی فضیلت واہمیت بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس شخص کو اللہ پہ ایمان لانے اور اس کے رسولوں کی تصدیق کرنے نے جہاد میں نکالا ہو تو اللہ نے اس کا ذمہ لیا ہے یا تو اسے اجر یا غنیمت کے ساتھ لوٹائے گا یا ((شہادت دے کر)) جنت میں داخل کرے گا،، اگر میری امت پہ بھاری نہ ہوتا تو میں کسی بھی سریہ سے پیچھے نہ رہتا اور میری یہ خواہش ہوتی کہ میں اللہ کی راہ میں شہید کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر شہید کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر شہید کیا جاؤں""" ۔۔۔۔۔

## ((باب::: تطوع قیام رمضان من الایمان))

سوال::: رمضان میں قیام کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """جس نے ایمان اور ثواب کی نیت کے ساتھ رمضان میں قیام کیا اس کے پچھلے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے""" ۔۔۔۔۔

## ((باب:::صوم رمضان احتسابا من الایمان))

سوال::: رمضان کے روزے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """جس نے ایمان اور ثواب کی نیت کے ساتھ رمضان میں روزہ رکھا اس کے پچھلے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے""" ۔۔۔۔۔

## ((باب:::الدین یسر))

سوال::: اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ دین کون سا ہے ؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""" اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ دین وہ ہے جو حق کی طرف مائل ہو اور آسان ہو۔۔۔۔

سوال:::دین اسلام کی اصل بنیاد کیا ہے؟؟؟ سختی یا آسانی؟؟؟

جواب:::اصل بنیاد آسانی ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""" بے شک دین آسان ہے اور جو دین میں سختی کرے گا دین اس پہ غالب آجائے گا لهذا تم درستگی اختیار کرو میانہ روی اپناؤ اور بشارت دیتے رہو،، صبح وشام اور رات کے آخری حصے میں ((عبادت کے ذریعے ))مدد طلب کرو"""۔۔۔۔۔

## ((باب:::الصلاۃ من الایمان))

سوال:::آیت"""وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ"""میں ایمان سے کیا مراد ہے؟؟؟ نیز اس کا شان نزول بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::اس آیت میں ایمان سے مراد نماز ہے،، شان نزول یہ ہے کہ جب قبلہ کی تبدیلی ہوئی تو تب صحابہ کرام نے عرض کی کہ جو لوگ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے اور اب وفات پا چکے ہیں ان کی پڑھی ہوئی نمازوں کا کیا حکم ہے تو اللہ پاک نے یہ آیت نازل کر کے بتایا کہ ان کی نمازیں ضائع نہیں ہوئیں۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینے تشریف لائے تو سب سے پہلے کہاں قیام کیا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے پہلے اپنے ننھیال یا ماموں کے پاس رکے۔۔۔۔

سوال:::قبلہ کی تبدیلی کا واقعہ لکھیں۔۔۔۔

جواب:::ہجرت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد آپ سولہ یا سترہ ماہ بیت المقدس کی جانب چہرہ کر کے نماز ادا کرتے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش تھی کہ کعبہ قبلہ ہونا چاہیے،، سب سے پہلی نماز جو مکہ کی طرف رخ کر کے پڑھی گئی وہ نماز عصر تھی،، اس نماز کے بعد ایک صحابی ((عباد بن نہیک رضی اللہ عنہ)) یہاں سے نکلے اور ایک مسجد والوں کے پاس سے گزرے جو بیت المقدس کی جانب منہ کر کے نماز ادا کر رہے تھے تو انہوں نے کہا::: میں اللہ کی گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ کی جانب منہ کر کے نماز ادا کی تو وہ لوگ نماز میں مکہ کی جانب پھر گئے۔۔۔۔۔

سوال:::قبلہ کی تبدیلی پہ یہود کا کیا رد عمل تھا؟؟؟

جواب:::جب تک مسلمان بیت المقدس کی جانب منہ کر کے نماز ادا کرتے رہے تب تک یہود اس چیز کو پسند کرتے تھے لیکن جب قبلہ تبدیل ہوا تو انہوں نے اسے ناپسند کیا۔۔۔۔۔

## ((باب حسن اسلام المرء))

سوال:::اسلام لانے سے قبل کے اعمال کا کیا حکم ہے؟؟؟ نیز مسلمان ہونے کے بعد نیکیوں کا اجر اور گناہوں کی سزا کس اعتبار سے دے جاتی ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """جب بندہ اسلام لاتا ہے اور اس کا اسلام عمدہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے پہلے کیے گئے تمام گناہ معاف فرمادیتا ہے،، پھر اس کے بعد (یعنی اسلام کے بعد کیے گئے اعمال پر) حساب وسزا (قصاص) ہوگا،، نیکی کو دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک بڑھادیا جاتا ہے اور گناہ کا بدلہ اس کے برابر ہوتا ہے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے معاف فرمادے"""۔۔۔۔

## ((باب:::احب الدین الی اللہ ادومہ))

سوال::: اللہ عزوجل کو دین کا کون سا عمل زیادہ پسند ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ کے پاس تشریف لائے تو وہاں ایک عورت موجود تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے عرض کی یہ فلاں عورت ہے اور پھر اس کی نماز کی پابندی کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """ٹھہر جاؤ،، تم پہ صرف وہی چیز لازم ہے جس کی تم طاقت رکھتے ہو،، اللہ عزوجل ((عمل کی جزاء دینے سے)) نہیں اکتائے گا جبکہ تم ((عمل کرنے سے)) اکتا جاؤ گے،، اللہ پاک کے نزدیک دین کا سب سے زیادہ پسندیدہ عمل وہ ہے جسے کرنے والا مستقل مزاجی سے کرے"""۔۔۔۔

## ((باب زیادۃ الایمان ونقصانہ))

سوال::: کیا دل میں معمولی ایمان رکھنے والا شخص بھی جہنم سے نجات پا جائے گا؟؟؟

جواب::: جی ہاں جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::

"""دوزخ سے وہ شخص نکال لیا جائے گا جس نے 'لاالٰہ الا اللہ' کہا ہو، اور اس کے دل میں جو کے دانے کے برابر بھی بھلائی ہو،، اور دوزخ سے وہ بھی نکال لیا جائے گا جس نے 'لاالٰہ الا اللہ' کہا ہو اور اس کے دل میں گندم کے دانے کے برابر بھی بھلائی ہو،، اور دوزخ سے وہ بھی نکال لیا جائے گا جس نے 'لاالٰہ الا اللہ' کہا ہو، اور اس کے دل میں ایک ذرہ برابر بھی بھلائی ہو"""۔۔۔

ایک دوسری روایت میں بھلائی کی جگہ ایمان کا لفظ آیا ہے۔۔۔۔

سوال::: آیت """الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي، وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا""" کے بارے میں ایک یہودی نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کیا کہا؟؟؟

جواب::: ایک یہودی شخص نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا::: اے امیر المومنین!!! آپ کے قرآن میں ایک آیت ہے، اگر وہ ہم یہودیوں پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید بنا لیتے۔۔۔۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا::: کون سی آیت؟؟؟ اس نے کہا:::

"الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي، وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا"

ترجمہ::: آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا، اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی، اور تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند کر لیا۔۔۔۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا::: ہم اس دن اور اس مقام کو خوب جانتے ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی تھی نبی ﷺ میدانِ عرفات میں جمعہ کے دن وقوف فرما رہے تھے۔۔۔۔۔

## ((باب الزکاۃ من الاسلام))

سوال::: کیا صرف فرائض ادا کرنے سے کوئی شخص کامیاب ہو سکتا ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں جیسا کہ ایک حدیث مبارکہ میں ہے:::

طلحہ بن عبید اللہ فرماتے ہیں نجد والوں میں سے ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا،اس کے بال بکھرے ہوئے تھے،ہم اس کی آواز کی بھنبھناہٹ سنتے تھے اور ہم سمجھ نہیں پا رہے تھے کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔یہاں تک کہ وہ قریب آگیا جب معلوم ہوا کہ وہ اسلام کے بارے میں پوچھ رہا ہے۔۔۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:::""اسلام دن رات میں پانچ نمازیں پڑھنا ہے""اس نے کہا:::بس اس کے سوا تو اور کوئی نماز مجھ پر نہیں؟؟؟آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:::""نہیں مگر تو نفل پڑھے(تو اور بات ہے)نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور رمضان کے روزے رکھنا""اس نے کہا:::اور تو کوئی روزہ مجھ پر نہیں ہے؟؟؟آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں مگر تو نفل روزے رکھے(تو اور بات ہے)،،نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے زکوٰۃ کا بیان کیا۔وہ کہنے لگا:::کہ بس اور کوئی صدقہ مجھ پر نہیں ہے؟؟؟آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں مگر یہ کہ تو نفل صدقہ دے(تو اور بات ہے)""۔۔۔۔پھر وہ شخص پیٹھ موڑ کر چلا اور یوں کہتا جاتا تھا:::اللہ کی قسم میں نہ اس سے بڑھاؤں گا نہ گھٹاؤں گا،،نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:::""اگر یہ سچا ہے تو اپنی مراد کو پہنچ گیا""۔۔۔۔۔

## ((باب:::اتباع الجنائز من الایمان))

سوال:::جنازہ ادا کرنا اور تدفین تک شرکت کرنے کی کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""جو شخص ایمان اور ثواب کی نیت کے ساتھ کسی جنازے کے پیچھے گیا اور نماز جنازہ ادا کرنے اور تدفین کرنے تک ساتھ رہا تو وہ دو قیراط اجر کے ساتھ لوٹے گا اور ہر قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے،،اور جس نے نماز جنازہ ادا کی پھر تدفین سے پہلے واپس آگیا تو وہ ایک قیراط اجر کے ساتھ لوٹے گا""۔۔۔۔۔

## ((باب خوف المؤمن ان یحبط عملہ وھو لایشعر))

سوال:::ابراہیم تیمی اپنے عمل کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟؟؟

جواب:::آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں نے جب بھی اپنے قول کو عمل پہ پیش کیا تو مجھے ڈر لگا کہ میں جھوٹا ہوں۔۔۔۔

((یعنی میں لوگوں کو تو بہت زیادہ وعظ و نصیحت کرتا ہوں لیکن جب اپنا عمل دیکھتا ہوں تو خود کے جھوٹے ہونے کا خوف ہوتا ہے،،انہوں نے بطور عاجزی یہ بات کہی تھی))۔۔۔۔۔

سوال:::ابن ابی ملیکہ کی کتنے صحابہ کرام سے ملاقات ہوئی اور ان میں کیا خوف پایا؟؟؟

جواب:::آپ فرماتے ہیں کہ میں نے تیس صحابہ کرام سے ملاقات کی ان میں سے ہر ایک کو اپنے اوپر نفاق کا خوف تھا اور کوئی بھی یہ بات نہیں کہتا تھا:::بے شک وہ جبرائیل و میکائیل کے ایمان پہ ہے((یعنی ان کا ایمان جبرائیل و میکائیل کی مثل ہے))۔۔۔۔۔

سوال:::اللہ پاک سے بے خوف کون ہوتا ہے؟؟؟

جواب:::امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:::صرف مومن ہی اللہ پاک سے ڈرتا ہے اور محض منافق ہی اللہ سے بے خوف ہوتا ہے۔۔۔۔۔

سوال:::مسلمان کو گالی دینے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کے ساتھ قتال کرنا کفر ہے((یعنی کافروں والا کام ہے))۔۔۔۔۔

سوال:::لیلۃ القدر کو کن راتوں میں تلاش کرنا چاہیے؟؟؟نیز اس کا علم کیوں اٹھالیا گیا؟؟؟

جواب:::عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شب قدر کی خبر دینے کے لیے باہر تشریف لائے تو((دیکھا))دو مسلمان آپس میں لڑ رہے تھے پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""میں تمہیں لیلۃ القدر کی خبر دینے نکلا تھا لیکن دو لوگ لڑ رہے تھے جس کی وجہ سے اس رات کا علم اٹھالیا گیا ہے اور ہو سکتا ہے یہ تمہارے لیے بہتر ہو،،تم اسے ستائیسویں، چھبیسویں اور پچیسویں رات میں تلاش کرو""۔۔۔۔۔

## ((باب سوال جبریل النبی عن الایمان۔۔۔۔۔الخ))

سوال:::حضرت جبریل علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایمان،اسلام،احسان اور قیامت کے بارے میں کیا سوال پوچھے نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا جواب دیا؟؟؟پورا مکالمہ لکھیں۔۔۔۔

جواب:::حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ مجمع عام میں تشریف فرما تھے اتنے میں ایک شخص آیا اور اس نے کہا:::یا رسول اللہ!ایمان کیا ہے؟؟؟

آپ ﷺ:::"یہ کہ تم اللہ پر،اس کے فرشتوں پر،اس کی کتابوں پر،اس سے ملاقات پر،اس کے رسولوں پر،اور قیامت کے دن پر ایمان لاؤ""۔۔۔۔۔

اجنبی:::اسلام کیا ہے؟؟؟

آپ ﷺ:::""یہ کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ،نماز قائم کرو،فرض زکوٰۃ ادا کرو،اور رمضان کے روزے رکھو""۔۔۔۔۔

اجنبی:::احسان کیا ہے؟؟؟

آپ ﷺ:::""یہ کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو جیسے تم اسے دیکھ رہے ہو،اور اگر تم اسے نہیں دیکھ سکتے تو یہ یقین رکھو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے""۔۔۔۔۔۔

اجنبی:::قیامت کب آئے گی؟؟؟

آپ ﷺ:::""جس سے سوال کیا گیا وہ سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا البتہ میں تمہیں اس کی نشانیاں بتاتا ہوں:::جب باندی اپنے مالک کو جنم دے،،اور ننگے پاؤں،ننگے بدن،بکریاں چرانے والے سردار بن جائیں۔۔۔۔۔

پھر نبی ﷺ نے آیت تلاوت فرمائی:::اِنَّ اللّٰہَ عِندَہٗ عِلمُ السَّاعَۃِ

ترجمہ:::بے شک قیامت کا علم صرف اللہ کے پاس ہے۔۔۔۔

پھر وہ شخص چلا گیا،، نبی ﷺ نے فرمایا::: ""اسے واپس بلاؤ""، صحابہ کرام گئے مگر کچھ نظر نہ آیا، تب آپ ﷺ نے فرمایا::: ""یہ جبرائیل تھے جو لوگوں کو ان کا دین سکھانے آئے تھے""۔۔۔۔۔

## ((باب فضل من استبرأ لدینہ))

سوال::: مشتبہ چیزوں سے بچنے کا کیا فائدہ ہے؟؟؟

جواب::: دین میں حلال و حرام واضح ہیں اور ان کے درمیان کچھ مشتبہات ہیں جنہیں اکثر لوگ نہیں جانتے،، جو مشتبہ چیزوں سے بچ گیا اس نے اپنا دین اور عزت محفوظ کرلی لیکن جو ان میں پڑ گیا عنقریب وہ حرام میں پڑ جائے گا۔۔۔۔۔

سوال::: اللہ کی حدود کیا ہیں؟؟؟

جواب::: اللہ کی حدود اس کی حرام کردہ چیزیں ہیں۔۔۔۔

سوال::: جسم میں دل کی کیا اہمیت ہے؟؟؟

جواب::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: "" جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا ہے اگر وہ صحیح ہو تو سارا جسم صحیح ہوتا ہے اور اگر وہ خراب ہو جائے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے اور وہ دل ہے""۔۔۔۔۔

## ((باب اداء الخمس))

سوال::: قبیلہ ربیعہ والے کن مہینوں میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو سکتے تھے؟؟؟

جواب::: وہ صرف حرمت والے مہینوں میں حاضر ہو سکتے تھے،، کیونکہ ان کے راستے میں قبیلہ مضر آباد تھا جن کے ساتھ ان کی لڑائی رہتی تھی۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبیلہ ربیعہ والوں کون سی چیزوں کا حکم دیا اور منع کیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مندرجہ ذیل چیزوں کا حکم دیا:::

(1) ایک اللہ پہ ایمان لانے کا حکم دیا یعنی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔۔۔۔

(2) نماز قائم کرنا

(3) زکوۃ دینا

(4) رمضان میں روزے رکھنا

(5) مال غنیمت میں سے خمس کی ادائیگی کرنا

مندرجہ ذیل چیزوں سے منع کیا:::

(1) حنتم

(2) دباء

(3) نقیر

(4) مزفت

یہ چار برتن تھے جن میں شراب بنائی جاتی تھی۔۔۔۔۔

## ((باب ماجاء ان الاعمال بالنیۃ والحسبۃ الخ))

سوال:::ثواب کی نیت سے گھر والوں پہ خرچ کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""اگر کوئی ثواب کی نیت سے اپنے گھر والوں پہ خرچ کرے تو وہ اس کے لیے صدقہ ہوگا ((یعنی صدقے کا ثواب ملے گا))۔۔۔۔۔

ایک اور روایت میں ہے کہ تم اللہ کی رضا کے لیے جو بھی خرچ کرو حتی کہ وہ بیوی کے منہ میں ڈالا جانے والا لقمہ ہی کیوں نہ ہو تو اس کا بھی تمہیں ثواب ملے گا۔۔۔۔۔

## ((باب قول النبی الدین النصیحۃ الخ))

سوال:::جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ نے کن باتوں پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کی؟؟؟

جواب:::انہوں نے مندرجہ ذیل چیزوں پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی:::

(1)نماز قائم کرنا

(2)زکوۃ دینا

(3)ہر مسلمان کی خیر خواہی چاہنا

## ((کتاب العلم))

## ((باب فضل العلم))

سوال:::علم کی فضیلت قرآن کریم کی روشنی میں بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::اللہ پاک کا فرمان ہے:::

یَرۡفَعِ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ ۙ-وَالَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ دَرَجٰتٍ ؕ-وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ(11)

ترجمہ کنزالعرفان:::

اللہ تم میں سے ایمان والوں کے اور ان کے درجات بلند فرماتا ہے جنہیں علم دیا گیا اور اللہ تمہارے کاموں سے خوب خبردار ہے۔۔۔۔۔

## ((باب من سئل علما وھو مشتغل الخ))

سوال:::جب امانت ضائع ہونے لگے تو پھر کس کا انتظار کیا جائے؟؟؟ نیز امانت کے ضائع ہونے سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب:::جب امانت ضائع کردی جائے تو پھر قیامت کا انتظار کرو اور امانت کے ضائع ہونے سے مراد معاملہ نااہل لوگوں کے سپرد کردینا ہے۔۔۔۔۔

## ((باب من رفع صوتہ بالعلم))

سوال:::دوران وضو ایڑیاں نہ دھونے پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا وعید ارشاد فرمائی؟؟؟

جواب:::صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ایک سفر میں ہم وضو کر رہے تھے اور پاؤں اچھی طرح سے نہیں دھو رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بلند آواز سے فرمایا""ایڑیوں کے لیے آگ سے ہلاکت ہے""ایسا دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمایا۔۔۔۔

## ((باب قول المحدث حدثنا الخ))

سوال:::کیا محدثین کے قول""حدثنا،اخبرنا،انبأنااور سمعت""میں کوئی فرق ہے؟؟؟

جواب:::ان میں فرق نہیں ہے بلکہ یہ ایک ہی معنی میں ہیں((یہ امام بخاری کا مؤقف ہے بقیہ محدثین کے مؤقف ان سے الگ ہیں))۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس درخت کو مسلمان کی مثل قرار دیا؟؟؟

جواب:::حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""ایک ایسا درخت ہے جس کے پتے نہیں گرتے اور وہ مسلمان کی مثل ہے مجھے بتاؤ وہ کون سا ہے؟؟؟""،،لوگوں کا خیال جنگلی درختوں کی جانب چلا گیا لیکن میرے دل میں خیال واقع ہوا کہ وہ کھجور کا درخت ہوگا لیکن حیاء کی وجہ سے جواب نہیں دیا،،پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""وہ کھجور کا درخت ہے""۔۔۔۔۔

## ((باب القراءة والعرض علی المحدث))

سوال:::کیا شاگرد اپنے شیخ پہ قرأت کر سکتا ہے؟؟؟

جواب:::جی اس میں کوئی حرج نہیں،،امام مالک اور سفیان کا کہنا ہے شاگرد اپنے شیخ کو پڑھ کر سنائے یا شیخ اپنے شاگردوں کو پڑھ کر سنائے دونوں برابر ہیں۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ضمام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کا مکالمہ لکھیں۔۔۔۔

جواب:::مسجد نبوی میں ایک شخص آیا اور اس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مکالمہ شروع کیا۔۔۔۔

اعرابی:::میں آپ سے سختی کے ساتھ کچھ سوالات پوچھوں گا آپ غصہ نہ کیجیے گا۔۔۔۔

رسول اللہ:::تمہارے جو سوال ہیں پوچھو۔۔۔۔

اعرابی:::میں آپ کو آپ کے اور آپ سے قبل لوگوں کے رب کی قسم دے کر سوال کرتا ہوں کیا اللہ نے آپ کو تمام لوگوں کی جانب بھیجا ہے؟؟؟

رسول اللہ:::اللھم نعم((یعنی جی ہاں،،یہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبرکاً اور اپنے بات کی سچائی میں تاکید پیدا کرنے کے لیے اللہ کا ذکر کیا))۔۔۔۔۔

اعرابی:::میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا اللہ نے آپ کو دن اور رات میں پانچ نمازوں کا حکم دیا ہے؟؟؟

رسول اللہ:::اللھم نعم

اعرابی:::میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا اللہ نے آپ کو سال کے اس مہینے میں روزہ رکھنے کا حکم دیا؟؟؟

رسول اللہ:::اللھم نعم

اعرابی::: میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کیا اللہ نے آپ کو اس چیز کا حکم دیا کہ ہمارے مالداروں سے صدقہ لو اور ہمارے غرباء میں تقسیم کرو؟؟؟

رسول اللہ::: اللھم نعم

اعرابی::: میں اس پہ ایمان لایا جو آپ لے کر آئے اور میں اپنی قوم کی جانب سے بھیجا گیا تھا،، میں ضمام بن ثعلبہ ہوں میرا تعلق بنو سعد بن بکر سے ہے-----

(( باب ما یذکر فی المناولۃ الخ ))

سوال::: مناولہ کی تعریف کریں نیز اس کا حکم بیان کریں----

جواب::: مناولہ اصول حدیث کی ایک اصطلاح ہے جس میں استاد اپنے شاگرد کو کوئی کتاب یا تحریر دیتا ہے کہ شاگرد استاد کی طرف سے یہ تحریر یا روایات آگے بیان کر سکتا ہے اور یہ بلکل جائز ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اپنی جانب سے قاصدوں کو مختلف بادشاہوں کی طرف خط دے کر روانہ کیا تھا-----

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسری کے خلاف دعائے ضرر کیوں کی؟؟؟

جواب::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط مبارک کسری تک پہنچا تو اس نے پڑھ کر شہید کر دیا پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے کی دعائے ضرر فرمائی-----

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انگوٹھی کیوں بنوائی؟؟؟

جواب::: جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مختلف بادشاہوں کو خط بھیجنے کا ارادہ کیا تو عرض کیا گیا کہ روم و عجم کے بادشاہ بغیر مہر کے خط نہیں پڑھتے لہذا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس پہ لکھا تھا""" محمد رسول اللہ """-----

(( باب من قعد حیث ینتھی بہ المجلس ومن رأی فرجۃ الخ ))

سوال::: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجلس میں آنے والے تین اشخاص کے بارے میں کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: ایک دفعہ مجلس نبوی میں تین اشخاص آئے دو وہیں رک گئے جبکہ ایک واپس چلا گیا،، ان دونوں میں سے ایک نے مجلس میں گنجائش دیکھی تو وہاں بیٹھ گیا جبکہ دوسرا پیچھے بیٹھ گیا،، گفتگو سے فارغ ہو کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا::: """ان میں سے ایک نے اللہ کے پاس پناہ لی تو اللہ نے اسے پناہ دی،، ایک نے حیاء کی تو اللہ پاک نے بھی اس سے حیاء کی ((یعنی اسے بخش دیا)) جبکہ تیسرے نے اعراض کیا ((یعنی منہ موڑا)) تو اللہ پاک نے اس سے اعراض کر لیا"""-----

## ((باب قول النبی رب مبلغ اوعی من سامع))

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے دریافت کیا یہ کون سا دن اور مہینہ ہے تو انہوں نے جاننے کے باوجود جواب کیوں نہیں دیا؟؟؟

جواب::: انہوں نے گمان کیا ہو سکتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دن اور مہینے کا نام تبدیل کر دیں لہذا وہ نہیں بولے-----

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نحر کے دن صحابہ کرام کو کیا نصیحت فرمائی؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""تمہارے خون، تمہارے اموال اور تمہاری عزتیں تمہارے درمیان اسی طرح حرام ہیں جس طرح آج کے دن کی حرمت تمہارے اس مہینے اور شہر میں ہے،، پس حاضر کو چاہیے کہ غائب تک((یہ بات)) پہنچادے ہو سکتا ہے غائب اس سے زیادہ یاد رکھنے والا ہو""۔۔۔۔

## ((باب:::العلم قبل القول والعمل))

سوال:::کوئی عمل کرنے سے پہلے اس کا علم ہونا چاہیے،،اس پہ قرآن سے دلیل پیش کریں۔۔۔

جواب:::اللہ پاک کا فرمان ہے:::

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

ترجمہ:::

پس جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔۔۔

اللہ عزوجل نے اس آیت میں علم سے ابتداء کی تو ثابت ہوا عمل سے پہلے علم ہونا ضروری ہے۔۔۔

سوال:::علماء کی فضیلت قرآن کی روشنی میں بیان کریں۔۔۔

جواب:::اللہ پاک کا فرمان ہے:::

اِنَّمَا یَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُاؕ۔

ترجمہ کنز العرفان:::

اللہ سے اس کے بندوں میں سے وہی ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں۔۔۔

سوال:::حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ تبلیغ دین کا کس قدر جذبہ رکھتے تھے؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر تم میری گردن پہ تلوار رکھو اور پھر میں گمان کروں کہ وہ کلمہ جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہو بیان کر سکتا ہوں تو گردن کٹنے سے پہلے بیان کردوں گا۔۔۔۔

سوال:::""کونوا ربانیین"" میں ربانیین سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب:::حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ربانیین سے مراد حکماء، علماء اور فقہاء ہیں یعنی قرآن کریم علماء بننے کا حکم دے رہا ہے۔۔۔

سوال:::ربانی کسے کہتے ہیں؟؟؟

جواب:::ربانی اس شخص کو کہتے ہیں جو بڑے مسائل سنانے سے پہلے چھوٹے مسائل سنا کر لوگوں کی تربیت کرے۔۔۔۔

## ((باب ماکان النبی یتخولھم الخ))

سوال:::کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزانہ وعظ فرمایا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وعظ کرنے کے لیے کچھ دن مقرر کیے ہوئے تھے تاکہ لوگ اکتا نہ جائیں۔۔۔

چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:::

آسانی پیدا کرو تنگی پیدا نہ کرو اور خوشخبری دو نفرت نہ دلاؤ۔۔۔

## ((باب من جعل لاھل العلم ایاما معلومۃ))

سوال::: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ صرف جمعرات والے دن ہی کیوں وعظ فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ صرف ایک دن ہی وعظ فرماتے تھے تاکہ لوگ اکتا نہ جائیں۔۔۔۔

## ((باب من یرد اللہ بہ خیرا الخ))

سوال::: اللہ پاک کسے دین کی سمجھ عطا فرماتا ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا کرتا ہے بے شک میں تقسیم کرنے والا ہوں اور اللہ دینے والا ہے۔۔۔۔۔

سوال::: کب تک اس امت کو دشمن نقصان نہیں پہنچا سکے گا؟؟؟

جواب::: جب تک یہ امت اللہ پاک کے دین پر قائم رہے گی تب تک اس کو دشمن نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔۔۔۔

## ((باب الاغتباط فی العلم والحکمۃ))

سوال::: کیا علم دین سیکھنے کے لیے عمر کا کوئی حصہ مختص ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں عمر کا کوئی حصہ مختص نہیں بلکہ جب کوئی چاہے علم حاصل کر سکتا ہے،، کئی صحابہ کرام نے بڑھاپے میں علم حاصل کیا۔۔۔۔

سوال::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو سردار بننے سے پہلے کس چیز کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا::: سردار بننے سے پہلے علم سیکھو۔۔۔۔

سوال::: کن دو لوگوں پہ حسد ((بمعنی رشک)) کرنا چاہیے؟؟؟

جواب:::(1) وہ شخص جسے اللہ پاک نے مال دیا اور وہ حق کے راستے میں خرچ کرتا ہو۔۔۔۔

(2) وہ شخص جسے اللہ پاک نے حکمت دی وہ اس کے ذریعے فیصلے کرتا ہو اور لوگوں کو سکھاتا ہو۔۔۔۔

## ((باب ما ذکر فی ذھاب موسی فی البحر الی الخضر))

سوال::: حضرت ابن عباس اور حضرت حر بن قیس رضی اللہ عنہم کا کس چیز میں اختلاف ہوا؟؟؟

جواب::: ان دونوں شخصیات کا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے رفیق سفر کے بارے میں اختلاف ہوا،، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا مؤقف تھا کہ وہ حضرت خضر علیہ السلام تھے اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے ان کی تصدیق فرمائی۔۔۔۔۔

(( حضرت موسیٰ اور خضر علیہما السلام کا واقعہ تفصیل کے ساتھ آگے آرہا ہے ))۔۔۔

## ((باب قول النبی """اللھم علمہ الکتاب))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں کیا دعا فرمائی؟؟؟

جواب::: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فرمان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنے سینے سے لگایا اور فرمایا::: """اے اللہ!!! اسے کتاب ((یعنی قرآن)) کا علم عطا فرما"""۔۔۔۔۔

## ((باب متی یصح سماع الصغیر))

سوال::: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما قریب البلوغ کی حالت میں کس پہ سوار ہو کر منی تشریف لائے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ ایک گدھی پہ سوار ہو کر منی تشریف لائے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ کھڑے ہو کر نماز ادا کی۔۔۔۔

سوال::: کیا پانچ سال کے بچے سے حدیث کا سماع کرنا درست ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں اس کی دلیل بخاری شریف کی روایت ہے حضرت محمود بن ربیع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے یاد ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ڈول سے کلی کر کے پانی میرے چہرے پہ پھینکا تھا اس وقت میری عمر پانچ سال تھی۔۔۔

## ((باب الخروج فی طلب العلم))

سوال::: جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک حدیث مبارکہ سننے کے لیے کتنا لمبا سفر کیا؟؟؟

جواب::: جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث کے سماع کے لیے پورے مہینے کا سفر کیا۔۔۔۔

## ((باب فضل من علم وعلم))

سوال::: حدیث مبارکہ میں زمین کی کتنی اقسام بیان کی گئی ہیں نیز ان کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب::: تین اقسام بیان کی گئی ہیں:::

(1) ایک زمین صاف ستھری ہوتی ہے اور پانی کو قبول کرتی ہے پھر اس سے گھاس اگتا ہے جس سے لوگ نفع اٹھاتے ہیں،، علم کو بارش کے ساتھ تشبیہ دی گئی اور اس زمین کو ایسے شخص کے ساتھ تشبیہ دی گئی جو علم سیکھے اس پہ عمل کرے اور آگے لوگوں کو سکھائے۔۔۔۔

(2) کچھ زمین پتھریلی ہوتی ہے جو پانی کو جذب نہیں کرتی بلکہ جمع کر لیتی ہے اور لوگ اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں،، اس سے مراد وہ شخص ہے جو علم سیکھ کر خود عمل نہ کرے البتہ لوگوں کو سکھائے۔۔۔

(3) تیسری قسم بنجر زمین ہے جو نہ پانی کو روکتی ہے نہ اس سے کچھ اگاتی ہے،، اس سے مراد وہ شخص ہے جس نے نہ علم سیکھا اور نہ سکھایا۔۔۔۔

سوال::: صفصف کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب::: اس سے مراد وہ زمین ہے جو بلکل ہموار ہو۔۔۔

## ((باب رفع العلم وظہور الجہل))

سوال::: قرب قیامت عورتوں کی کس قدر کثرت ہو گی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """ قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ علم کم ہو جائے گا، جہالت ظاہر ہو جائے گی، زنا عام ہو جائے گا، عورتوں کی کثرت ہو گی اور مردوں کی تعداد کم ہو گی حتی کہ ایک مرد کے تحت پچاس پچاس عورتیں ہوں گی"""۔۔۔

## ((باب فضل العلم))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں دودھ دیکھنے کی کیا تعبیر فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں دودھ دیکھا پھر اسے نوش فرمایا اور اس کو انگلیوں کے ناخنوں تک محسوس کیا پھر بقیہ دودھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو دے دیا اور اس کی تعبیر """علم""" سے بیان فرمائی۔۔۔۔

## ((باب الفتیا وھو واقف علی ظھر الدابۃ أو غیرھا))

سوال::: کیا مفتی کھڑے کھڑے یا صرف اشارے سے سوال کا جواب دے سکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں یہ جائز ہے اور حدیث مبارکہ سے ثابت ہے کہ لوگ حج کے موقع پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوالات کر رہے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے کھڑے یا سر اور ہاتھ کے اشاروں سے جوابات ارشاد فرما رہے تھے۔۔۔

سوال::: ھرج سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: """علم اٹھا لیا جائے گا،، جہالت اور فتنے ظاہر ہو جائیں گے اور ھرج کثیر ہو جائے گا"""،، پوچھا گیا ھرج کیا ہے؟؟؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ کا اشارہ کیا گویا کہ قتل مراد لے رہے ہوں۔۔۔

## ((باب الرحلۃ فی المسألۃ النازلۃ))

سوال::: حضرت عقبہ بن حارث نے بنت ابو اھاب سے نکاح کیوں ختم کیا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی سے نکاح ختم کر لیا کیونکہ ایک عورت نے دعویٰ کیا تھا کہ میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہوا ہے لہذا احتیاطاً انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان پہ عمل کرتے ہوئے نکاح فسخ کر دیا۔۔۔

## ((باب التناوب فی العلم))

سوال::: صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اپنی مصروفیات کے باوجود کس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علم حاصل کرتے تھے؟؟؟

جواب::: صحابہ کرام اپنی مصروفیات کے باوجود بھی علم سیکھنے میں لگے رہتے تھے اس کی ایک مثال یہ ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک انصاری ساتھی کے ساتھ یہ بات طے کی ہوئی تھی کہ ایک دن بارگاہ رسالت میں میں حاضری دیا کروں گا اور جو کچھ بیان ہوا تمہیں بتایا کروں گا اور اگلے دن تم حاضری دیا کرو اور علم کی باتیں مجھے بتا دیا کرو۔۔۔۔

سوال::: کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واقعی اپنی بیویوں کو طلاق دے دی تھی؟؟؟

جواب::: جی نہیں یہ محض ایک افواہ تھی۔۔۔

## ((باب الغضب فی الموعظۃ الخ))

سوال::: لمبی نماز پڑھانے والوں کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟؟؟

جواب:::ایک شخص نے رسول اللہ کی بارگاہ میں ایک صحابی کی شکایت کی کہ وہ لمبی نماز پڑھاتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شدید غضبناک ہوئے اور فرمایا:::""اے لوگو!!!تم نفرت دلانے لگے ہو،،پس جو شخص نماز پڑھائے تو ہلکی پڑھائے کیونکہ لوگوں میں کمزور، بیمار اور حاجت مند((ہر قسم کے لوگ))ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

سوال:::اگر کوئی گری ہوئی چیز ملے تو اس کو استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::ایک سال تک اس کا مالک ڈھونڈا جائے اگر نہ ملے تو اسے استعمال کیا جائے اور پھر اگر مالک آجائے تو اسے واپس کر دی جائے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن سوالات پہ غصے کا اظہار فرمایا نیز اس وقت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کیا عرض کی؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غیر ضروری سوالات پہ غصے کا اظہار فرمایا اور جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہ غضب دیکھا تو عرض کیا:::اے اللہ کے رسول!!!ہم اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتے ہیں۔۔۔۔

ایک اور روایت کے مطابق آپ نے عرض کیا:::ہم اللہ کے رب ہونے اسلام کے دین ہونے اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پہ راضی ہیں۔۔۔۔

سوال:::جب دو لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے والد کے بارے میں پوچھا تو آپ نے کیا جواب دیا؟؟؟

جواب:::پہلے شخص کو جواب دیا تمہارا باپ حذافہ ہے جبکہ دوسرے شخص کو جواب دیا تمہارا باپ سالم ہے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی بات ارشاد فرماتے تو کتنی مرتبہ کہتے؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی کلمہ ارشاد فرماتے تو تین مرتبہ دہراتے تاکہ اگلا بندہ سمجھ لے یونہی جب سلام کرتے تو تین دفعہ کرتے((سلام تین دفعہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جب کہیں تشریف لے جاتے تو تین مرتبہ سلام کرتے اگر اجازت مل جاتی تو اندر تشریف لے جاتے وگرنہ واپس آجاتے))۔۔۔۔۔

سوال:::وہ کون سے تین اشخاص ہیں جن کے لیے دو اجر ہیں؟؟؟

جواب:::(1)وہ اہل کتاب جو اپنے نبی اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دونوں پہ ایمان لایا۔۔۔۔

(2)وہ غلام جو اللہ کا بھی حق ادا کرے اور اپنے آقا کا بھی۔۔۔۔

(3)وہ شخص جس کے پاس لونڈی ہو اس کے ساتھ ہمبستری کرے، اچھی تعلیم دے اور پھر آزاد کر کے اس سے نکاح کر لے۔۔۔۔۔

## ((باب عظۃ الامام النساء و تعلیمھن))

سوال:::کیا امام عورتوں کی مجلس میں جا کر وعظ و نصیحت کر سکتا ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں،،جیسا کہ روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر تشریف لائے حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تھے،،آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں کو وعظ و نصیحت فرمائی اور صدقہ کرنے کا حکم دیا تو عورتیں اپنی بالیاں اور انگوٹھیاں اتار کر دینے لگیں جنہیں حضرت بلال اپنے کرتے کے دامن میں جمع کرنے لگے۔۔۔۔۔

## ((باب الحرص علی الحدیث))

سوال:::قیامت کے دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے سب سے زیادہ فیض یاب کون ہو گا؟؟؟

جواب:::وہ شخص جس نے سچے دل سے لاالہ الااللہ کہا ہو گا۔۔۔۔

## ((باب کیف یقبض العلم))

سوال:::حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے ابو بکر بن حزم کو خط لکھ کر کیا اندیشہ ظاہر کیا؟؟؟

جواب:::آپ رحمۃاللہ علیہ نے لکھا مجھے علم اور علماء کے اٹھ جانے کا خوف ہے،، صرف حدیث نبوی قبول کیا کرو،، علم کو پھیلاؤ لوگوں میں بیٹھا کرو تاکہ لوگ علم حاصل کریں کیونکہ علم تب تک نہیں اٹھے گا جب تک اس کو چھپایا نہ جائے گا۔۔۔۔

سوال:::اللہ عزوجل کس طرح علم اٹھائے گا؟؟؟

جواب:::اللہ عزوجل لوگوں کے سینوں سے علم نہیں چھینے گا بلکہ علماء کو اٹھا کر علم اٹھالے گا،، پھر لوگ جاہلوں کو اپنا پیشوا بنالیں گے اور وہ بغیر علم کے فتویٰ دیا کریں گے۔۔۔

## ((باب ھل یجعل للنساء یوم علی حدۃ فی العلم))

سوال:::کیا عورتوں کے لیے الگ سے وعظ کا دن مقرر کرنا درست ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے۔۔۔

سوال:::جس عورت کے بچے نابالغی کی حالت میں فوت ہو گئے اس کے لیے کیا اجر ہو گا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::"""اگر کسی عورت نے اپنے تین بچے آگے بھیجے((یعنی وہ نابالغی کی حالت میں فوت ہو گئے))تو اس کے لیے آگ سے رکاوٹ بن جائیں گے"""،،ایک عورت نے پوچھا اگر دو ہوں؟؟؟فرمایا:::"""اگر دو ہوں تو وہ بھی رکاوٹ بن جائیں گے"""۔۔۔۔

## ((باب لیبلغ العلم الشاھد الغائب))

سوال:::کیا مکہ کی حرمت لوگوں کے کہنے کی وجہ سے مقرر کی گئی؟؟؟نیز اس میں لڑنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::مکہ کی حرمت اللہ پاک کی جانب سے مقرر کی گئی لہذا یہاں خون بہانا،اس کے پیڑ کاٹنا اور لڑنا جائز نہیں۔۔۔

اگر کوئی یہ دلیل بنائے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہاں لڑائی کی تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ نے اپنے رسول کو خود اجازت دی تھی اور وہ بھی دن کے کچھ حصے کے لیے اجازت ملی تھی۔۔۔۔

سوال:::کیا مکہ کسی خطاکار، قاتل یا فتنہ پھیلانے والے کو پناہ دیتا ہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں

## ((باب اثم من کذب علی النبی))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ جھوٹ باندھنے کی وعید بیان کریں۔۔۔

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::"""جس نے مجھ پہ جھوٹ باندھا وہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ بنالے"""۔۔۔۔

سوال:::کیا شیطان نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت اختیار کر سکتا ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: ""میرے نام پہ نام رکھو اور میری کنیت پہ کنیت نہ رکھو،، جس نے خواب میں مجھے دیکھا تو اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا""۔۔۔۔

## ((باب کتابۃ العلم))

سوال::: کیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس کوئی خاص کتاب تھی؟؟؟

جواب::: جی نہیں

سوال::: کیا مسلمان کو حربی کافر کے بدلے قتل کیا جائے گا؟؟؟

جواب::: جی نہیں

سوال::: فتح مکہ کے سال بنو خزاعہ نے کسے قتل کیا؟؟؟

جواب::: انہوں نے بنی لیث کے ایک شخص کو اپنے مقتول کے بدلے قتل کیا۔۔۔

سوال::: مکہ مکرمہ سے کون سی چیزوں کا کاٹنا منع ہے؟؟؟ نیز کسے کاٹنے کی اجازت ہے؟؟؟

جواب::: وہاں کا کانٹا نہ توڑا جائے،، درخت نہ کاٹے جائیں،، گری ہوئی چیز نہ اٹھائی جائے البتہ اگر اس نیت سے اٹھائی کہ اعلان کروا کر اس کے مالک تک پہنچادے گا تو جائز ہے۔۔۔

اگر وہاں کوئی شخص قتل ہو جائے تو اس کے اولیاء قصاص یا دیت کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔۔۔

صرف اذخر گھاس کاٹنے کی اجازت ہے کیونکہ اسے گھروں کی چھتوں اور قبور میں ڈالنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔۔۔

سوال::: صحابہ کرام میں سے سب سے زیادہ احادیث کسے یاد تھیں؟؟؟

جواب::: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں صحابہ میں سے کوئی بھی مجھ سے زیادہ احادیث والا نہیں تھا سوائے عبداللہ بن عمرو کے،، کیونکہ وہ احادیث لکھ لیا کرتے تھے اور میں لکھتا نہیں تھا۔۔۔

سوال::: حدیث قرطاس سپرد قلم کریں۔۔۔

جواب::: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جب نبی ﷺ کا مرض سخت ہو گیا تو فرمایا::: لکھنے کا سامان لاؤ میں ایسی تحریر لکھ دوں جس کے بعد تم لوگ گمراہ نہ ہو سکو،، حضرت عمر نے کہا کہ نبی ﷺ پر بیماری کا غلبہ ہے ((لہذا ان کے لیے لکھنا مشکل ہو گا)) اور ہمارے پاس اللہ کی کتاب (قرآن) موجود ہے جو کافی ہے،، اس پر حاضرین میں اختلاف ہوا اور شور ہونے لگ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: میرے پاس سے اُٹھو میرے پاس جھگڑا مناسب نہیں۔۔۔۔

## ((باب السمر بالعلم))

سوال::: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور ام المومنین حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کی کیا رشتہ داری تھی؟؟؟ نیز انہوں نے ام المومنین کے ہاں رات کیوں گزاری؟؟؟

جواب::: حضرت عبداللہ بن عباس ام المومنین کے بھانجے تھے۔۔۔

آپ نے ام المومنین کے ہاں رات اس لیے گزاری تاکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رات کی عبادت ملاحظہ فرمائیں۔۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عشاء کے بعد گھر تشریف لا کر چار رکعات ادا کیں پھر تھوڑی دیر آرام فرمایا،، پھر بیدار ہو کر پانچ رکعات پڑھیں اور پھر دو پڑھیں۔۔۔۔

## ((باب حفظ العلم))

سوال::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کن دو آیات کی وجہ سے کثرت سے احادیث بیان کرتے تھے؟؟؟

جواب::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے اگر یہ دو آیات نہ ہوتیں میں ایک بھی حدیث بیان نہ کرتا:::

اِنَّ الَّذِیۡنَ یَکۡتُمُوۡنَ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا مِنَ الۡبَیِّنٰتِ وَالۡ۔ ۔ ھُدٰی مِنۡ بَعۡدِ مَا بَیَّنّٰہُ لِلنَّاسِ فِی الۡکِتٰبِ اُولٓـــــئِکَ یَلۡعَنُہُمُ اللّٰہُ وَیَلۡعَنُہُمُ اللّٰعِنُوۡنَ O اِلَّا الَّذِیۡنَ تَابُوۡا وَاَصۡلَحُوۡا وَبَـ۔یَّنُوۡا فَاُولٰٓئِکَ اَتُوۡبُ عَلَـ۔یۡہِمۡ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِیۡمُ O (البقرہ:۱۵۹۔۱۶۰)

ترجمہ:::

جو لوگ ہماری اُتاری ہوئی روشن باتوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں اس کے بعد کہ ہم نے اسے لوگوں کے لیے کتاب میں واضح فرمادیا ان پر اللہ لعنت کرتا ہے اور لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں،، مگر جو توبہ کریں اور اصلاح کریں اور بیان کریں ان کی توبہ قبول فرمادوں گا میں ہی بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہوں۔۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو انصار و مہاجرین کے مقابلے میں زیادہ احادیث یاد کیوں تھیں؟؟؟

جواب::: مہاجرین تجارت میں مصروف رہتے تھے جبکہ انصار کھیتی باڑی میں مشغول رہتے تھے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہر وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر رہتے تھے اس لیے انہیں زیادہ احادیث یاد تھیں۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا حافظہ کیسے مضبوط ہوا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے بارگاہ رسالت میں کمزور حافظے کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں اپنی چادر بچھانے کو کہا،، پھر حضور نے اپنے دونوں ہاتھوں کو چلو کی طرح بنا کر چادر میں کچھ ڈالا اور فرمایا اسے اپنے سینے سے لگالو،، آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس کے بعد میں کبھی کچھ نہ بھولا۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کتنے علوم حفظ کیے؟؟؟

جواب::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دو علوم حفظ کیے،، ایک کو میں نے پھیلا دیا اگر دوسرے کو بیان کروں گا تو یہ ((میرا)) گلا کاٹ دیا جائے گا۔۔۔۔

## ((باب الانصات للعلماء))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پہ لوگوں کو چپ کروا کر کیا کہا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::""میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ بعض بعض کی گردنیں مارنے لگیں۔۔۔۔

## ((باب ما یستحب للعالم اذا سئل الخ))

سوال::: اللہ عزوجل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پہ عتاب کیوں فرمایا؟؟؟

جواب::: ایک دن موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو خطاب کر رہے تھے ایک شخص نے پوچھا::: لوگوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟؟؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا::: میں سب سے بڑا عالم ہوں۔۔۔۔

اس پہ اللہ عزوجل نے عتاب کیا اور فرمایا::: دو سمندروں کے ملنے کی جگہ پہ میرا ایک بندہ ہے جو آپ سے بڑا عالم ہے،، پھر آپ علیہ السلام نے ان سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی تو اللہ پاک نے فرمایا::: ایک ٹوکری میں مچھلی لے لو،، جہاں یہ غائب ہو جائے گی وہ وہیں ہوں گے۔۔۔۔۔

سوال::: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمسفر کا نام لکھیں۔۔۔۔

جواب::: حضرت یوشع بن نون علیہ السلام

سوال::: حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات کا واقعہ بخاری کی روشنی میں تفصیلاً لکھیں۔۔۔۔

جواب::: جب حضرت موسیٰ علیہ السلام صخرہ کے مقام پہ پہنچے تو مچھلی ٹوکری میں سے نکل کر غائب ہو گئی لیکن آپ کو خبر نہ ہوئی،، اگلے دن جب آپ نے ناشتہ طلب فرمایا تب یوشع بن نون علیہ السلام نے خبر دی کہ مچھلی غائب ہو چکی ہے پھر یہ دونوں اسی مقام پہ واپس آئے اور وہاں حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔۔۔۔((یہاں سے آگے یوشع بن نون نے ساتھ سفر نہیں کیا))

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خضر علیہ السلام کے ساتھ سفر کرنے کی خواہش کا اظہار کیا تو انہوں نے کہا::: آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے لیکن آپ علیہ السلام نے کہا::: آپ ان شاءاللہ عزوجل مجھے صابر پائیں گے۔۔۔۔

دونوں ہستیوں کا ساحلِ سمندر کے ساتھ سفر شروع ہوا،، ایک کشتی والے نے حضرت خضر علیہ السلام کو پہچان کر بغیر اجرت کے سوار کر لیا لیکن آپ علیہ السلام نے کشتی کا ایک تختہ نکال دیا جس پہ موسیٰ علیہ السلام نے اعتراض کیا تو آپ نے کہا::: میں نے کہا تھا آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے،، اس پہ موسیٰ علیہ السلام نے کہا::: میری بھول پہ گرفت نہ کریں،، پھر آگے جا کر حضرت خضر علیہ السلام نے ایک بچہ قتل کر دیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا::: کیا آپ نے ایک جان کو بغیر کسی وجہ کے قتل کر دیا؟؟؟ اس پہ انہوں نے کہا::: میں نے کہا تھا آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے۔۔۔۔

اس کے بعد دونوں انبیاء ایک بستی میں پہنچے اور لوگوں سے کھانا مانگا انہوں نے دینے سے انکار کر دیا،، اسی بستی میں حضرت خضر علیہ السلام نے ایک گرتی دیوار کو اپنے دست مبارک سے سیدھا کر دیا،، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا::: آپ اگر چاہتے تو اس کام پہ اجرت لے سکتے تھے،، انہوں نے کہا::: یہ میری اور آپ کی جدائی ہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت موسیٰ وخضر علیہما السلام والا واقعہ بیان کر کے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اللہ موسیٰ علیہ السلام پہ رحم کرے اگر وہ صبر کرتے تو ہمیں ان دونوں کے مزید احوال سننے کو ملتے۔۔۔۔

## ((باب من سأل وھو قائم عالما جالسا))

سوال::: کون سا قتال ""قتال فی سبیل اللہ"" ہے؟؟؟

جواب::: جو قتال کلمۃ اللہ کو بلند کرنے کے لیے کیا جائے وہ قتال فی سبیل اللہ ہے۔۔۔۔۔

سوال::: آیت ""وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا"" کا شان نزول بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::ایک دفعہ یہودیوں کی ایک جماعت نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روح کے بارے میں سوال کیاتب یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کعبہ کی عمارت کس طرح بناناچاہتے تھے؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش تھی کہ کعبہ کی عمارت کے دو دروازے بنائے جائیں ایک سے لوگ داخل ہوں اور دوسرے سے نکل جائیں۔۔۔۔

بعد میں حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے اسی طرز پہ کعبہ کو تعمیر کیا۔۔۔۔۔

## ((باب من خص بالعلم قوماالخ))

سوال:::لوگوں سے کیسا کلام کرناچاہیے؟؟؟

جواب:::حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ لوگوں سے وہی کلام کروجسے وہ سمجھیں،، کیاتم پسند کرتے ہو کہ اللہ اور اس کے رسول کو جھٹلادیاجائے؟؟؟

سوال:::حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے کون سی حدیث ساری زندگی لوگوں سے بیان نہ کی بلکہ اپنی وفات کے وقت بیان کی؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت معاذ سے فرمایا:::جو شخص سچے دل سے گواہی دیتاہے لاالہ الااللہ وأن محمدارسول اللہ،، اللہ پاک اس پہ جہنم کی آگ حرام فرمادیتاہے۔۔۔۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے عرض کی کیامیں لوگوں کو خوشخبری دوں؟؟؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::پھر اسی پہ بھروسہ کرلیں گے۔۔۔۔

یہ حدیث حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اپنی وفات سے قبل بیان کی تاکہ علم چھپانے کاالزام ان پہ نہ آئے۔۔۔۔

## ((باب الحیاء فی العلم))

سوال:::حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہانے انصار عورتوں کی تعریف کیوں کی؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہانے ان کی اس لیے تعریف کی کیونکہ وہ دینی احکامات سیکھنے میں شرم نہیں کرتی تھیں۔۔۔۔

سوال:::کیاعورت کو بھی احتلام ہوتاہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں،، عورت میں منی ہوتی ہے اسے احتلام بھی ہوتاہے اسی وجہ سے تو بعض اوقات بچہ اپنی ماں کے مشابہ ہوتاہے۔۔۔۔۔

سوال:::اگر عورت کواحتلام ہوجائے توکیاوہ بھی غسل کرے گی؟؟؟

جواب:::جی ہاں

## ((باب من استحیافأمر غیرہ بالسوال))

سوال:::کیامذی نکلنے سے غسل لازم ہوتاہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں بلکہ صرف وضولازم ہوتاہے۔۔۔۔

جیسا کہ حدیث میں ہے مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا فرمان ہے میں کثیر مذی والا مرد تھا((یعنی میری مذی بہت زیادہ خارج ہوتی تھی))تو میں نے حضرت مقداد کو اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کرنے کا کہا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::اس میں وضو لازم ہو گا۔۔۔

## ((باب ذکر العلم والفتیا فی المسجد))

سوال:::مختلف مقامات کے لوگوں کے میقات کے نام لکھیں۔۔۔

جواب:::اہل مدینہ کا میقات ذوالحلیفہ ہے وہ یہاں سے احرام باندھتے ہیں،،اہل شام کا جحفہ،،اہل نجد کا قرن اور اہل یمن کا یلملم ہے۔۔۔

سوال:::احرام باندھنے والا کون سے لباس نہیں پہنے گا؟؟؟

جواب:::محرم قمیص،شلوار،عمامہ اور سرپوش نہ پہنے،،اور نہ ہی زعفران اور ورس سے رنگا ہوا کپڑا پہنے،،اگر جوتے نہ ملیں تو موزے پہن لے لیکن انہیں ایسے کاٹے کہ وہ ٹخنوں سے نیچے ہو جائیں یعنی ٹخنوں کو نہ چھپائیں۔۔۔

## ((کتاب الصلاۃ))

## ((باب کیف فرضت الصلاۃ فی الاسراء))

سوال:::سفر معراج کی ابتداء کیسے ہوئی؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں تشریف فرما تھے کہ آپ کے گھر کی چھت کھولی گئی حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے سینہ مبارک شق کر کے زمزم کے پانی سے دھویا پھر ایمان و حکمت سے بھرا سونے کا ایک طشت لایا گیا اور اسے سینہ مبارک میں انڈیل کر سینے کو بند کر دیا اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آسمان کی طرف روانہ ہو گئے۔۔۔

سوال:::آسمان دنیا پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کس سے ملاقات ہوئی اور اس ملاقات کی کیفیت بیان کریں۔۔۔

جواب:::آسمانِ دنیا پہ حضرت آدم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یوں استقبال کیا"""مرحبا بالنبی الصالح والابن الصالح"""،،وہ بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے دائیں بائیں ان کی اولاد کی ارواح تھیں،،جب وہ دائیں جانب دیکھتے تو ہنستے کیونکہ وہ جنتی لوگ تھے اور جب بائیں جانب دیکھتے تو روتے کیونکہ وہ جہنمی لوگ تھے۔۔۔

سوال:::آسمان پہ حضرت آدم علیہ السلام کے علاوہ مزید کن کن انبیاء کرام علیہم السلام سے ملاقاتیں ہوئیں؟؟؟

جواب:::حضرت ابراہیم علیہ السلام،حضرت موسیٰ علیہ السلام،حضرت عیسیٰ علیہ السلام،حضرت ادریس علیہ السلام

سوال:::اولا امت محمدیہ پہ کتنی نمازیں فرض ہوئیں؟؟؟پھر ان میں کمی کیسے ہوئی؟؟؟

جواب:::اولا امت محمدیہ پہ پچاس نمازیں فرض ہوئیں لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی کہ آپ کی امت اس کی طاقت نہیں رکھتی لہذا اللہ پاک سے تعداد کم کروائیں تو یوں پھر تعداد کم کرواتے کرواتے پانچ نمازیں رہ گئیں،،اگرچہ تعداد کم ہوئی لیکن اس امت کو پانچ نمازیں پڑھنے پہ پچاس نمازوں کا ثواب ملے گا۔۔۔

سوال:::معراج کے موقع پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت میں کیا دیکھا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موتیوں کے ہار دیکھے اور یہ دیکھا کہ اس کی مٹی مشک کی ہے۔۔۔

سوال:::اولا تمام نمازوں کی رکعات کی تعداد کتنی تھی؟؟؟

جواب:::اولا تمام نمازوں کی رکعات دو دو تھیں لیکن پھر سفر کی نماز میں وہی دو رکعات رکھی گئیں اور حضر کی نمازوں کی رکعات میں اضافہ کر دیا گیا۔۔۔

## ((باب وجوب الصلاۃ فی الثیاب و قول اللہ عزو جل الخ))

سوال:::کیا ایک ہی کپڑے میں نماز ادا ہو سکتی ہے؟؟؟ نیز جس کپڑے میں جماع کیا ہو اس میں نماز کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::اگر ایک ہی کپڑا پہن کر نماز ادا کرے تو ہو جائے گی اور جس کپڑے میں جماع کیا ہو اگر اس پہ نجاست نہ لگی ہو تو اس میں بھی نماز درست ہے۔۔۔۔

سوال:::کیا عورتیں عیدین کے دن جماعت میں شریک ہو سکتی ہیں؟؟؟

جواب:::حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمیں عیدین کے دن حائضہ اور پردہ نشین عورتوں کو باہر لے جانے کا حکم ہوا تاکہ وہ جماعت اور دعا میں شرکت کر سکیں البتہ حائضہ عورتوں کو نماز کی جگہ سے دور رکھیں۔۔۔

اگر کسی عورت کے پاس چادر نہ ہو تو اس کے ساتھ والی اپنی چادر کا ایک حصہ دوسری کو اوڑھا دے۔۔۔۔

## ((باب عقد الازار علی القفافی الصلاۃ))

سوال:::حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایک کپڑے میں نماز کیوں پڑھی؟؟؟

جواب:::حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایک کپڑے میں نماز پڑھی تاکہ دیکھنے والے کو بتائیں کہ ایک کپڑے میں بھی نماز درست ہو جائے گی کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں لوگوں کے پاس اتنی وسعت نہیں ہوتی تھی کہ وہ دو کپڑوں میں نماز پڑھیں لہذا ایک کپڑا بھی استعمال کیا جاتا تھا۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی الثوب الواحد ملتحفا بہ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک کپڑے میں نماز پڑھتے ہوئے اسے کس طرح لپیٹا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک کپڑے میں نماز پڑھی اور کپڑے کے دونوں کناروں کو مخالف کندھوں پہ ڈال دیا۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پہ چاشت کی کتنی رکعات ادا کیں؟؟؟

جواب:::آٹھ رکعات

سوال:::کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورت کی دی ہوئی پناہ کو قبول کیا؟؟؟

جواب:::جی ہاں،، چنانچہ فتح مکہ کے موقع پہ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے ہبیرہ کے بیٹے کو پناہ دی لیکن مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم اسے قتل کرنا چاہتے تھے انہوں نے جب یہ معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا تو آپ نے فرمایا:::اے ام ہانی!!! جسے آپ نے پناہ دی اسے ہم نے پناہ دی۔۔۔

## ((باب اذا کان الثوب ضیقا))

سوال:::اگر کپڑا تنگ ہو تو اسے کس طرح لپیٹنا چاہیے؟؟؟

جواب:::اگر کپڑا تنگ ہو تو اس کا تہبند بنا لینا چاہیے تاکہ ستر عورت ہو جائے۔۔۔۔

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں عورتیں کب سجدے سے سر اٹھاتی تھیں؟؟؟

جواب:::جب مرد سیدھے ہو کر بیٹھ جاتے تب عورتیں سجدے سے سر اٹھاتی تھیں۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی الجبۃ الشامیۃ))

سوال:::کیا کفار کے تیار کردہ کپڑوں میں نماز درست ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں جب تک اس پہ بظاہر کوئی نجاست نہ لگی ہو تب تک نماز درست ہے۔۔۔۔

سوال:::امام زہری حلال جانور کے پیشاب سے رنگے ہوئے کپڑے پہن کر نماز کیوں پڑھتے تھے؟؟؟

جواب:::ان کے نزدیک حلال جانور کا پیشاب پاک تھا اس لیے ایسا کرتے تھے۔۔۔۔

سوال:::جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبہ شامیہ پہنا ہوا تھا تو اس حالت میں کیسے وضو کیا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی آستین اوپر چڑھائی لیکن آستین تنگ تھی لہذا اوپر نہ چڑھی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آستین سے ہاتھ باہر نکال کر وضو کیا اور اسی میں نماز ادا کی۔۔۔۔

## ((باب کراھیۃ التعری فی الصلاۃ وغیرھا))

سوال:::جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پتھر اٹھانے کے دوران تہبند اتارا تو کیا واقعہ پیش آیا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ والوں کے ساتھ مل کر کعبہ کے لیے پتھر اٹھا رہے تھے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے مشورے پہ تہبند اتار کر کندھے پہ رکھنا چاہا تو فوراً بیہوش ہو گئے اور اس کے بعد کبھی آپ کو برہنہ نہیں دیکھا گیا۔۔۔۔

## ((الصلاۃ فی القمیص والسراویل الخ))

سوال:::صماء اور احتباء کی وضاحت کریں۔۔۔۔

جواب:::صماء یہ ہے ایک چادر کو جسم پہ یوں لپیٹنا کہ ہاتھ باہر نہ نکال سکے یا بغیر تہبند کے صرف ایک چادر لپیٹ لینا کہ شرمگاہ ظاہر ہونے کا خدشہ ہو۔۔۔۔

احتباء یہ ہے کہ جب کسی شخص کی شرمگاہ پہ کوئی کپڑا نہ ہو اور وہ سرین کے بل بیٹھ جائے اور گھٹنوں کو کھڑا کر کے دونوں ہاتھوں کو پنڈلی میں حمائل کر دے((یعنی دونوں ہاتھوں کو جوڑ دے))۔۔۔۔

ان دونوں سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا۔۔۔۔

سوال:::حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یوم نحر کو منی میں کیا اعلان کروایا؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ نے یہ اعلان کروایا کہ آئندہ کسی بھی مشرک کو حج کرنے کی اجازت نہیں اور نہ ہی کوئی برہنہ شخص طواف کرے گا۔۔۔۔

## ((باب مایذ کر فی الفخذ))

سوال::: کیاران ستر عورت میں شامل ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابی کی آمد پہ اپنے گھٹنے ڈھک دیئے؟؟؟

جواب::: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی آمد پہ

سوال::: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو اپنی ران ٹوٹنے کا خدشہ کیوں پیدا ہوا؟؟؟

جواب::: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ وحی نازل ہونا شروع ہوئی اور آپ کی ران حضرت زید کی ران پہ تھی،، نزول وحی کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ران مبارک اتنی وزنی ہوگئی کہ حضرت زید بن ثابت کو اپنی ران ٹوٹنے کا خدشہ پیدا ہوگیا۔۔۔

سوال::: غزوہ خیبر کے موقع پہ کس صحابی نے لونڈی کا مطالبہ کیا؟؟؟

جواب::: حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے

سوال::: غزوہ خیبر کے موقع پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نکاح کس سے ہوا؟؟؟ نیز ان کا حق مہر کیا تھا؟؟؟

جواب::: بنو قریظہ اور بنو نضیر کے سردار کی بیٹی حضرت صفیہ بنت حی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آزاد کر کے ان سے نکاح فرمالیا اور ان کی آزادی ہی ان کا حق مہر تھی۔۔۔

سوال::: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے بعد ولیمہ کی تقریب کیسے کی گئی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلان فرمایا جس کے پاس کھانے کی چیز ہو تو وہ یہاں لائے پھر ایک چمڑے کا دستر خوان بچھایا گیا بعض صحابہ گھی لائے جبکہ بعض ستو اور کھجور کے ساتھ حاضر ہوئے پھر ان سب چیزوں کا حلوہ بنالیا گیا اور یہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ولیمہ تھا۔۔۔

## ((باب فی کم تصلی المرأۃ فی الثیاب))

سوال::: عورت کی نماز کس قدر کپڑے میں درست ہے؟؟؟

جواب::: اگر ایک ہی کپڑے میں اس کا جسم چھپ جائے تو اس میں بھی نماز جائز ہے۔۔۔

سوال::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں عورتیں فجر کی نماز میں کس حالت میں مسجد میں حاضر ہوتیں؟؟؟

جواب::: وہ چادروں میں لپٹی ہوئی ہوتی تھیں اور نماز سے فارغ ہو کر اسی حالت میں واپس جاتی تھیں کہ کوئی انہیں پہچان نہ پاتا۔۔۔

## ((باب اذا صلی فی ثوب لہ اعلام و نظر الی علمھا))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو جہم کو نقش و نگار والی چادر واپس کیوں کر دی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس چادر کو پہن کر نماز پڑھی تو اندیشہ ہوا کہیں یہ چادر نماز سے غافل نہ کر دے اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ چادر ابو جہم کو واپس کر دی اور انجابیہ ((بغیر نقش و نگار والی)) چادر منگوائی۔۔۔

سوال::: کیا ایسے پردے کے سامنے نماز پڑھنا درست ہے جس پہ تصویر بنی ہو؟؟؟

جواب:::جی نہیں،،کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ایسا پردہ اتارنے دینے کا حکم دیا تھا۔۔۔

## ((باب من صلی فی فروج حریر الخ))

سوال:::مرد کے لیے ریشمی کپڑے میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::مرد کے لیے ریشم کا استعمال درست نہیں،،نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دفعہ ریشمی قبہ میں نماز پڑھی لیکن پھر جلدی سے اسے ناپسند کرتے ہوئے اتار دیا اور فرمایا:::یہ متقین کے لیے مناسب نہیں۔۔۔

اس وقت ابھی ریشم حرام نہیں ہوا تھا لہذا ایسے فرمایا تھا لیکن بعد میں اس کو پہننا حرام کر دیا گیا تھا لہذا مرد کے لیے ریشمی کپڑا پہن کر نماز ادا کرنا درست نہیں۔۔۔

## ((باب فی الثوب الاحمر))

سوال:::صحابہ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وضو کے پانی سے کیسے تبرک حاصل کرتے تھے؟؟؟

جواب:::جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وضو فرماتے تو صحابہ کرام بڑھ چڑھ کر وضو سے بچے ہوئے پانی کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے اگر کسی کے ہاتھ پہ لگتا تو اسے اپنے جسم پہ مل لیتے اور اگر کسی کو پانی نہ ملتا تو تبرکا اپنے ساتھی کے ہاتھ سے تری حاصل کرنے کی کوشش کرتے۔۔۔

سوال:::نمازی کے آگے سترہ گاڑنا سنت رسول ہے،،دلیل دیں۔۔۔

جواب:::حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ایک برچھی جس کے نیچے لوہے کا پھل لگا ہوا تھا اسے زمین پہ گاڑا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی طرف منہ کر کے صحابہ کرام کو نماز پڑھائی،،لوگ اور جانور اس برچھی کے آگے سے گزر رہے تھے۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی السطوح المنبر والخشب))

سوال:::کیا برف پہ نماز پڑھنا جائز ہے؟؟؟

جواب:::اگر وہ سخت ہو چکی ہو اور پیشانی اس پہ جم جائے تو سجدہ کرنا جائز ہے،،حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی برف پہ نماز پڑھی تھی۔۔۔

سوال:::اگر امام نیچے کھڑا ہو اور مقتدی چھت پہ ہو تو کیا اس طرح نماز درست ہو گی؟؟؟

جواب:::ضرورت کے وقت ایسا کرنا جائز ہے۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منبر کس نے بنوایا تھا نیز اسے کس لکڑی سے بنایا گیا تھا؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منبر ایک عورت کے غلام نے بنایا تھا اور اسے جھاؤ کی لکڑی سے بنایا گیا تھا۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر پہ کس طرح نماز پڑھائی نیز اس سے کیا ثابت ہوتا ہے؟؟؟

جواب:::جب منبر تیار کر کے (مسجد میں) رکھا گیا تو رسول اللہ ﷺ اس پر کھڑے ہوئے اور آپ نے قبلہ کی طرف اپنا منہ کیا، تکبیر کہی اور لوگ آپ کے پیچھے کھڑے ہو گئے،،پھر آپ نے قرأت کی اور رکوع کیا پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا اور اسی حالت میں آپ الٹے پاؤں پیچھے ہٹے پھر زمین پر سجدہ کیا۔۔۔

سوال::: کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ازواج سے فقہی ایلاء کیا تھا؟؟؟
جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک ماہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی تھی اور اس سے فقہی ایلاء مراد نہیں ہے جو فقہاء کے درمیان متعارف ہے۔۔۔
سوال::: کیا امام بیٹھ کر نماز پڑھا سکتا ہے؟؟؟
جواب::: جی ہاں،، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کو بیٹھ کر نماز پڑھائی اور وہ آپ کے پیچھے کھڑے تھے۔۔۔

## ((باب اذا اصاب ثوب المصلی امرأتہ اذا سجد))

سوال::: خمرہ کسے کہتے ہیں؟؟؟
جواب::: چھوٹے مصلی کو خمرہ کہتے ہیں((یعنی وہ مصلی جس پہ عام طور پر ایک ہی بندہ نماز پڑھتا ہے جیسا کہ ہمارے ہاں پائے جاتے ہیں))اور جو بڑی چٹائی ہو اسے حصیر کہتے ہیں۔۔۔
سوال::: بحالت نماز اگر آدمی کا کپڑا بیوی سے ٹچ ہو جائے تو کیا نماز فاسد ہو جاتی ہے؟؟؟
جواب::: اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی چنانچہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا فرمان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھتے اور میں حیض کی حالت میں آپ کے برابر بیٹھی ہوتی اور کبھی کبھی ان کا کپڑا مجھ سے مس ہو جاتا۔۔۔

## ((باب الصلاۃ علی الحصیر))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس صحابی کے گھر دعوت پہ گئے اور وہاں دو رکعات نماز ادا فرمائی؟؟؟
جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے گھر دعوت پہ تشریف لے گئے اور وہاں دو رکعات نماز ادا فرمائی ،، حضرت انس اور یتیم نے آپ کے پیچھے کھڑے ہو کر نماز ادا کی جبکہ ان کی دادی ان کے پیچھے کھڑی تھیں((اس سے یہ مسئلہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ عورتوں کی صف مردوں اور بچوں کے پیچھے ہونی چاہیے))۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ علی الفراش))

سوال::: کیا عورت کو ہاتھ لگانا نقض وضو ہے؟؟؟
جواب::: جی نہیں،، چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے ہوتے اور میں سامنے لیٹی ہوتی جب آپ نے سجدہ کرنا ہوتا تو میرے پاؤں آہستہ سے دباتے میں انہیں سمیٹ لیتی اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیام فرماتے تو میں دوبارہ بچھا دیتی۔۔۔
سوال::: کیا اس بستر پہ نماز درست ہے جس پہ میاں بیوی نے رات کو آرام کیا ہو؟؟؟
جواب::: اگر اس پہ کوئی نجاست نہ لگی ہو تو بلاشبہ نماز درست ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے۔۔۔

## ((باب السجود علی الثوب فی شدۃ الحر))

سوال::: کیا عمامہ، ٹوپی، یا اپنے کپڑوں کے دامن یا آستین پہ سجدہ کرنا درست ہے؟؟؟

جواب:::جی ہاں،، چنانچہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین موسم کی شدت کی وجہ سے عمامہ، ٹوپی اور اپنی آستین پہ سجدہ کیا کرتے تھے۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی النعال))

سوال:::کیا جوتا پہن کر نماز ادا کی جاسکتی ہے؟؟؟

جواب:::اگر جوتا ناپاک نہ ہو اور ایسا ہو کہ سجدہ کرتے وقت مڑ سکتا ہو تاکہ پاؤں کی انگلیاں مڑ جائیں تو نماز درست ہے،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی جوتا پہن کر نماز ادا فرمائی۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی الخفاف))

سوال:::موزوں پہ مسح کرنے اور ان میں نماز پڑھنے کے جواز پہ دلیل پیش کریں۔۔۔

جواب:::جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے وضو کیا موزوں پہ مسح کیا اور پھر نماز ادا فرمائی جب ان سے سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا تھا۔۔۔

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کروایا انہوں نے اپنے موزوں پہ مسح کیا اور نماز پڑھی۔۔۔

## ((باب اذا لم یتم السجود))

سوال:::جب ایک شخص نے نماز میں رکوع و سجود اچھے طریقے سے ادا نہ کیا تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب:::انہوں نے فرمایا:::تونے نماز نہیں پڑھی ((یعنی تیری نماز کامل نہیں ہے)) اور اگر تو ایسے ہی مر گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پہ نہیں مرا۔۔۔

## ((باب یبدی ضبعیہ ویجافی جنبیہ فی السجود))

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس طرح سجدہ کیا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سجدہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو پہلوؤں سے جدا رکھتے حتی کہ بغل مبارک کی سفیدی ظاہر ہو جاتی۔۔۔

## ((باب فضل استقبال القبلۃ الخ))

سوال:::دوران سجدہ پاؤں کی انگلیوں کا رخ کس جانب ہونا چاہیے؟؟؟

جواب:::دوران سجدہ پاؤں کی انگلیوں کا رخ جانب قبلہ ہونا چاہیے دونوں پاؤں کی ایک ایک انگلی کا پیٹ زمین پہ لگانا فرض جبکہ تین تین کا پیٹ لگانا واجب ہے۔۔۔۔

سوال:::قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے ہماری نماز جیسی نماز پڑھی ہمارے قبلے کی طرف منہ کیا اور ہمارا ذبیحہ کھایا تو وہ مسلمان اللہ اور اس کے رسول کی امان میں ہے لہذا تم اللہ کی امان میں خیانت نہ کرو، ایک اور روایت میں ہے کہ اس کا مال اور خون ہم پہ حرام ہو گیا۔۔۔

سوال:::اہل مدینہ کا قبلہ کس جانب تھا؟؟؟

جواب::: مدینہ شریف کے شمال میں بیت المقدس ہے اور جنوب میں بیت اللہ واقع ہے تو وہاں سے قبلہ جنوب کی طرف بنتا ہے۔۔۔۔

اسی لیے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبلہ کی طرف منہ کر کے بول و براز کرنے سے منع کیا تو فرمایا مشرق یا مغرب کی طرف منہ کرو ((کیونکہ اس صورت میں قبلہ کی طرف نہ پیٹھ ہو سکے گی اور نہ چہرہ))۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے ملک شام میں کیا دیکھا؟؟؟

جواب:::انہوں نے شام میں دیکھا کہ بیت الخلاء کے رخ قبلہ کی جانب کیے گئے تھے،، چنانچہ صحابہ کرام اس سے منہ پھیر لیتے اور استغفار کرتے۔۔۔۔

سوال::: کیا عمرہ کرنے والا طواف کے بعد اور سعی سے پہلے بیوی کے قریب جا سکتا ہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں،، چنانچہ جب ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمرہ کے لیے تشریف لائے، طواف کیا، مقام ابراہیم کے پاس دو رکعات نماز ادا کی پھر صفا و مروہ کی سعی کی اور تمہارے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی بہترین نمونہ ہے۔۔۔۔

سوال::: سواری پہ نماز پڑھتے ہوئے چہرہ کس جانب کیا جائے گا؟؟؟

جواب:::

## ((باب ماجاء فی القبلۃ))

سوال:::اگر تحری کے باوجود غیر قبلہ کی جانب چہرہ کر کے نماز ادا کی تو کیا اس کا اعادہ کرنا واجب ہے؟؟؟

جواب:::جی نہیں

سوال:::اللہ عزوجل نے کن تین امور میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی موافقت فرمائی؟؟؟

جواب::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ پاک نے تین امور میں میری موافقت فرمائی:::

(1) میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر ہم مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بنالیں تو کتنا اچھا ہو،، چنانچہ اللہ پاک نے آیت نازل فرمائی:::

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى

ترجمہ کنزالعرفان:::

اور (اے مسلمانو!!!) تم ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کا مقام بناؤ۔۔۔۔

(2) میں نے عرض کی یارسول اللہ اگر آپ ازواج مطہرات کو پردہ کا حکم دے دیں تو کتنا اچھا ہو کیونکہ ان سے اچھا برا ہر قسم کا بندہ بات کرتا ہے،، تو اسی وقت آیت حجاب نازل ہوئی۔۔۔۔

(3) ایک دفعہ ازواج مطہرات کچھ مطالبات لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں تو میں نے کہا::: اگر رسول اللہ تمہیں طلاق دے دیں تو اللہ انہیں تم سے بہتر بیویاں عطا کرے گا تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی:::

عَسٰی رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓىٕبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓىٕحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّ اَبْكَارًا

ترجمہ کنزالعرفان:::

اگر وہ(نبی) تمہیں طلاق دے دیں تو قریب ہے کہ ان کا رب انہیں تم سے بہتر بیویاں بدل دے جو اطاعت والیاں، ایمان والیاں، ادب والیاں، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار، روزہ دار، بیاہیاں اور کنواریاں ہوں۔۔۔

سوال:::مسجد قباء میں صبح کے وقت آنے والے نے کیا خبر دی؟؟؟

جواب:::مسلمان مسجد قباء میں بیت المقدس کی جانب منہ کر کے نماز ادا کر رہے تھے تو آنے والے شخص نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ آیت نازل ہوئی ہے اور انہیں کعبہ کی جانب چہرہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے تو لوگ نماز کے اندر ہی کعبہ کی جانب پھر گئے۔۔۔

## ((باب حک البزاق بالید من المسجد))

سوال:::قبلہ کی جانب تھوکنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::قبلہ کی جانب تھوکنا جائز نہیں،، چنانچہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبلہ کی دیوار پہ بلغم دیکھا تو ناگواری کا اظہار کیا اسے اپنے دست انور سے صاف کیا اور فرمایا:::جب تم میں سے کوئی شخص نماز میں ہوتا ہے تو اپنے رب سے سرگوشی کر رہا ہوتا ہے لہذا قبلہ کی جانب نہ تھوکے البتہ اپنے دائیں جانب یا قدم کے نیچے تھوک لے،، پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی چادر کا کنارہ لیا اس میں لعاب مبارک ڈالا اور الٹ پلٹ کر کے فرمایا:::یا اس طرح کر لیا کرو۔۔۔

## ((باب کفارۃ البزاق فی المسجد))

سوال:::مسجد میں تھوکنے کا کیا کفارہ ہے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::مسجد میں تھوکنا خطا ہے اور اس کا کفارہ اسے دفن کرنا ہے۔۔۔

## ((باب عظۃ الامام الناس الخ))

سوال:::کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس آنکھیں دیگر لوگوں کی طرح تھیں؟؟؟

جواب:::جی نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگے پیچھے برابر دیکھ سکتے تھے چنانچہ فرمان ہے:::تمہارا کیا خیال ہے کہ میرا منہ نماز میں قبلہ کی طرف ہے؟؟؟اللہ کی قسم مجھ پہ تمہارا خشوع اور رکوع مخفی نہیں ہے،، میں اپنی پیٹھ پیچھے سے تمہیں دیکھتا ہوں۔۔۔

ایک اور روایت میں ہے میں پیچھے سے تمہیں ایسے دیکھتا ہوں جیسے((سامنے سے)) تمہیں دیکھ رہا ہوں۔۔۔

## ((باب ھل یقال مسجد بنی فلان))

سوال:::گھوڑوں کو اضمار کرنے سے کیا مراد ہے؟؟؟

جواب:::

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھوڑوں کی دوڑ کہاں سے کہاں تک لگوائی؟؟؟

جواب:::وہ گھوڑے جنہیں اضمار کیا گیا تھاان کی دوڑ حفیاء سے ثنیۃالوداع تک اور وہ گھوڑے جو اضمار شدہ نہیں تھے ان کی ثنیۃالوداع سے مسجد بنی زریق تک دوڑ لگوائی۔۔۔۔

## ((باب القسمۃ و تعلیق القنو فی المسجد))

سوال:::""قنو""کا کیا مطلب ہے؟؟؟نیز اس کا تثنیہ اور جمع کا صیغہ لکھیں۔۔۔۔

جواب:::""قنو""کا مطلب ہے""کھجور کا خوشہ""،،اس کے تثنیہ اور جمع کے لیے ایک ہی صیغہ ""قنوان""استعمال ہوتا ہے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سب سے زیادہ مال کہاں سے آیا نیز اس مال کا کیا کیا گیا؟؟؟

جواب:::آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سب سے زیادہ مال بحرین سے آیا اور وہ سارے کا سارا تقسیم کر دیا۔۔۔۔

## ((باب من دعا لطعام فی المسجد و من اجاب منہ))

سوال:::حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کیا رشتہ تھا؟؟؟نیز انہوں نے حضرت انس کو مسجد کیوں بھیجا؟؟؟

جواب:::حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ حضرت انس کے ستیلے والد تھے اور انہوں نے حضرت انس کو مسجد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھانے کی دعوت کا پیغام دینے کے لیے بھیجا۔۔۔۔

## ((باب القضاء واللعان فی المسجد))

سوال:::مسجد میں مقدمات کے فیصلے کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::مسجد میں مقدمات کے فیصلے کرنا جائز ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے البتہ یہ خیال رکھا جائے کہ وہاں شور وغل نہ ہو۔۔۔۔

سوال:::لعان کے شرعی احکامات بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::اگر مرد اپنی بیوی پہ زنا کرنے کا دعویٰ کرے اور اس کے پاس کوئی گواہ نہ ہو اور وہ دونوں میاں بیوی گواہی دینے کی اہلیت رکھتے ہوں تو عورت اس پر لعان کا مطالبہ کرے اگر وہ لِعان سے انکار کر دے تو اسے اس وقت تک قید میں رکھا جائے گا جب تک وہ لعان کرے یا اپنے جھوٹ کا اقرار کر لے،،اگر جھوٹ کا اقرار کرے تو اس کو حد قذف لگائی جائے گی۔۔۔۔

لعان کا طریقہ یہ ہے کہ اسے چار مرتبہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم کے ساتھ کہنا ہو گا کہ وہ اس عورت پر زنا کا الزام لگانے میں سچا ہے اور پانچویں مرتبہ کہنا ہو گا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی مجھ پر لعنت ہو اگر میں یہ الزام لگانے میں جھوٹا ہوں،،اتنا کرنے کے بعد مرد سے حد قذف ساقط ہو جائے گی اور عورت پر لعان واجب ہو گا اگر انکار کرے گی تو قید کی جائے گی یہاں تک کہ لعان منظور کرے یا شوہر کے الزام لگانے کی تصدیق کرے۔اگر تصدیق کی تو عورت پر زنا کی حد لگائی جائے گی اور اگر لعان کرنا چاہے تو اسے بھی چار مرتبہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی قسم کے ساتھ کہنا ہو گا کہ مرد اس پر زنا کی تہمت لگانے میں جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہنا ہو گا کہ اگر مرد اس الزام لگانے میں سچا ہو تو مجھ پر خدا عَزَّوَجَلَّ کا غضب ہو،،اتنا کہنے کے بعد عورت سے زنا کی حد ساقط ہو جائے گی اور لعان کے بعد قاضی کے جدائی کروا دینے سے میاں بیوی میں جدائی واقع ہو گی اور یہ جدائی طلاقِ بائنہ ہو گی۔۔۔۔

## ((باب المساجد فی البیوت))

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کے گھر کیوں تشریف لائے؟؟؟

جواب:::حضرت عتبان رضی اللہ عنہ کی نگاہ کمزور ہو چکی تھی انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی آپ میرے گھر تشریف لا کر نماز پڑھیں تاکہ میں اس جگہ کو مصلی بنالوں چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کے گھر تشریف لے گئے اور ایک کونے میں نماز پڑھی۔۔۔۔

سوال:::مالک بن دخشن کے بارے میں ایک شخص نے کیا کہا؟؟؟

جواب:::ایک شخص نے کہا کہ وہ منافق ہے اللہ اور اس کے رسول سے محبت نہیں کرتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع فرمایا۔۔۔

## ((باب التیمن فی دخول المسجد وغیرہ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے کام کس طرف سے کرنا پسند فرماتے تھے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے کام مثلاً پاکی حاصل کرنے، جوتا پہننے اور کنگھی کرنے میں دائیں طرف سے ابتداء فرماتے تھے۔۔۔۔

## ((باب ھل ینبش قبور مشرکی الجاھلیۃ الخ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہودیوں پہ لعنت کیوں فرمائی؟؟؟

جواب:::یہودیوں نے انبیاء کی قبور کو سجدہ گاہ بنالیا تھا اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پہ لعنت فرمائی۔۔۔۔

سوال:::قبر کے پاس نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::اگر نمازی نے اس طرح نماز پڑھی کہ قبر اس کے سامنے تھی تو نماز مکروہ ہو گی لیکن اس کا اعادہ نہیں کیا جائے گا،، چنانچہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت انس کو قبر کے پاس نماز پڑھتے دیکھا تو اس سے منع فرمایا لیکن دہرانے کا حکم نہیں دیا۔۔۔

سوال:::حضرت ام حبیبہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے حبشہ میں کیا دیکھا؟؟؟

جواب:::انہوں نے حبشہ میں دیکھا کہ کفار کے کنائس((یعنی عبادت گاہوں)) میں تصاویر لگی ہوئی تھیں۔۔۔۔

سوال:::پرانی امتوں میں جب کوئی نیک بزرگ فوت ہوتا تو وہ کیا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::پرانی امتوں میں جب کوئی نیک بندہ فوت ہوتا تو اس کی قبر پہ مسجد بناتے اور اس میں تصویر رکھتے یہ لوگ قیامت کے دن اللہ کے نزدیک سب سے برے ہوں گے۔۔۔۔

سوال:::جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو کہاں قیام فرمایا؟؟؟

جواب:::جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو بنی عمرو بن عوف کے ہاں چوبیس راتیں قیام فرمایا۔۔۔

سوال:::مشرکین کی قبریں اکھاڑ کر وہاں مسجد بنانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::مشرکین کی قبریں اکھاڑ کر مسجد بنانا جائز ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس قبیلے کے باغ کی جگہ پہ مسجد بنائی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنو نجار کے باغ کی جگہ پہ مسجد بنائی اور انہیں اس کی قیمت دی لیکن انہوں نے یہ کہہ کر لینے سے انکار کر دیا کہ ہم اس کا اجر اللہ سے حاصل کریں گے۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی مرابض الغنم ومواضع الابل))

سوال::: بکریوں اور اونٹ کے باڑے میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: اگر وہاں کوئی نجاست نہ ہو تو بکریوں اور اونٹ کے باڑے میں بھی نماز پڑھ سکتے ہیں،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی بکریوں اور اونٹوں کے باڑے میں نماز ادا فرمائی۔۔۔۔

## ((باب من صلی وقدامہ التنور الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس منظر کو سب سے خوفناک منظر قرار دیا؟؟؟

جواب::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورج گرہن کی نماز ادا فرمائی اور فرمایا مجھے دوزخ دکھائی گئی میں نے ایسا ڈراؤنا منظر کبھی نہیں دیکھا۔۔۔

سوال::: آگ کے سامنے نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک مجوسیوں کی مشابہت کی وجہ سے آگ کے سامنے نماز پڑھنا مکروہ ہے۔۔۔۔

## ((باب کراھیۃ الصلاۃ فی المقابر))

سوال::: جس گھر میں ذکر اللہ نہ ہوتا ہو اسے کس کے ساتھ تشبیہ دی گئی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اپنے گھروں میں ((نفل)) نماز پڑھا کرو اور گھروں کو قبریں مت بناؤ۔۔۔

اس حدیث مبارکہ میں ایسے گھر جن میں ذکر اللہ نہ ہوتا ہو انہیں قبور سے تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ قبور میں مردے ذکر و اذکار نہیں کرتے لہذا فرمایا کہ گھروں میں نفل نماز پڑھ لیا کرو اور انہیں قبریں مت بناؤ۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی مواضع الخسف والعذاب))

سوال::: جہاں عذاب الٰہی نازل ہوا ہو کیا وہاں نماز پڑھ سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: ایسی جگہوں پہ نماز پڑھنا مکروہ ہے چنانچہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے بابل میں نماز پڑھنا مکروہ سمجھی کیونکہ وہاں زمین عذاب الہی کی وجہ سے دھنس گئی تھی۔۔۔۔۔

سوال::: اگر عذاب والی جگہوں سے گزر ہو تو وہاں سے کیسے گزرنا چاہیے؟؟؟

جواب::: اگر وہاں سے کسی کا گزر ہو تو اسے روتے ہوئے گزرنا چاہیے کہیں ان جیسا عذاب اس پہ نہ آجائے۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی البیعۃ))

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ گرجا گھر کیوں نہیں جاتے تھے؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ گرجاگھر نہیں جاتے تھے کیونکہ وہاں تصاویر لگی ہوتی تھیں۔۔۔۔

سوال:::کیا گرجاگھر میں نماز پڑھ سکتے ہیں؟؟؟

جواب:::اگر کوئی مانع شرعی نہ پایا جائے تو بوقت ضرورت وہاں نماز پڑھ سکتے ہیں چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس گرجے میں نماز پڑھ لیتے تھے جس میں تصاویر نہیں ہوتی تھیں۔۔۔۔

سوال:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کون سی پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئیں جو پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئیں۔۔۔۔

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئیں جو پہلے کسی نبی کو نہیں دی گئیں:::

(1)ایک مہینے کی راہ سے میرا رعب ڈال کر میری مدد کی گئی۔۔۔۔

(2)میرے لیے پوری زمین میں نماز پڑھنے اور پاکی حاصل کرنے کی اجازت دی گئی۔۔۔۔

(3)میرے لیے مال غنیمت حلال کیا گیا۔۔۔۔

(4)سابقہ انبیاء کسی خاص قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے لیکن مجھے دنیا کے تمام انسانوں کی ہدایت کے لیے بھیجا گیا۔۔۔۔

(5)مجھے شفاعت عطا کی گئی۔۔۔۔

## ((باب نوم المرأۃ فی المسجد))

سوال:::مندرجہ ذیل شعر کا پس منظر بیان کریں:::

ویوم الوشاح من تعاجیب ربنا

الا انہ من بلدۃ الکفر انجانی

جواب:::یہ ایک سیاہ فام لونڈی کا شعر تھا اس کا پس منظر یہ ہے کہ یہ ایک قبیلے کے پاس رہتی تھی ایک بار ایسا ہوا کہ اس قبیلے کی ایک دلہن غسل خانے میں گئی اور اپنا کمر بند اتار کر رکھ دیا،،ایک چیل نے اسے دیکھا اور اٹھا کر لے گئی قبیلے کے لوگوں نے تلاش کیا لیکن نہیں ملا چنانچہ انہوں نے اس لونڈی پر شک کیا اور اس کی تلاشی لی حتی کہ اس کی شرمگاہ میں بھی تلاشی لی گئی اتنے میں وہاں سے ایک چیل گزری اور اس نے وہ کمر بند پھینک دیا پھر لونڈی نے ان سے کہا:::یہی وہ کمر بند ہے جس کی چوری کا الزام مجھ پہ لگایا گیا؟؟؟،،اس واقعے کے بعد وہ مسلمان ہو گئی حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ وہ میرے پاس آیا کرتی اور کبھی کبھی یہ شعر پڑھتی جس کا ترجمہ یہ ہے:::

ہار والا دن خدا کے عجائبات میں سے ہے اسی خدا نے مجھے کفر کے شہر سے نجات دی۔۔۔۔

پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پوچھنے پہ اس نے یہ سارا واقعہ بیان کیا۔۔۔۔

## ((باب نوم الرجال فی المسجد))

سوال:::مسجد میں سونے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::ضرورت کے تحت مسجد میں سونا جائز ہے۔۔۔۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مسجد نبوی میں سوتے تھے اور اس وقت وہ غیر شادی شدہ تھے۔۔۔۔

سوال:::حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم کو""ابو تراب""کنیت کیسے عطا ہوئی؟؟؟

جواب:::ایک دفعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لائے تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو گھر میں نہ پایا پوچھنے پہ معلوم ہوا کہ حضرت علی اور حضرت فاطمہ کے درمیان تکرار ہوگئی اور وہ غصہ کر کے گھر سے چلے گئے ہیں،، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی سے فرمایا دیکھو حضرت علی کہاں سو رہے ہیں؟؟؟اس آدمی نے آکر کہا کہ مسجد میں سو رہے ہیں چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں آئے حضرت علی لیٹے ہوئے تھے اور ایک طرف سے ان کی چادر کھسک گئی تھی اور بدن پہ مٹی لگی ہوئی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے بدن سے مٹی صاف کرنے لگے اور فرمانے لگے:::اٹھو ابو تراب،، اٹھو ابو تراب۔۔۔

سوال:::اصحاب صفہ کی تعداد کتنی تھی نیز ان کی حالت زار بیان کریں۔۔۔

جواب:::اصحاب صفہ کی تعداد 70 تھی ان میں سے کسی کے پاس بھی چادر نہیں تھی فقط تہبند یا رات کو اوڑھنے کا کپڑا تھا جنہیں یہ لوگ اپنی گردنوں سے باندھتے اور وہ کپڑے کسی کے آدھی پنڈلی تک آتے اور کسی کے ٹخنوں تک آتے تھے۔۔۔

## ((باب الصلاۃ اذا قدم من سفر))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے کیا کام کرتے تھے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو پہلے مسجد میں جاکر نفل پڑھتے تھے۔۔۔

سوال:::کیا مقروض قرض کی رقم سے زیادہ رقم قرض خواہ کو واپس کر سکتا ہے؟؟؟

جواب:::اگر مقروض اپنی رضامندی سے ایسا کرے تو یہ جائز ہے چنانچہ حضرت مسعر رضی اللہ عنہ کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرض دینا تھا آپ نے وہ ادا کیا اور کچھ زائد رقم بھی عطا فرمائی۔۔۔

## ((باب اذا دخل احدکم المسجد فلیرکع رکعتین الخ))

سوال:::جو شخص مسجد آئے تو اسے سب سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:::تم میں سے جو مسجد میں داخل ہو تو وہ بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز ادا کرے۔۔۔

## ((باب الحدث فی المسجد))

سوال:::نمازی جب تک نماز پڑھنے کی جگہ بیٹھا رہتا ہے تو اس کے لیے کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب:::جب تک نمازی نماز کی جگہ پہ بیٹھا رہے اور اس کا وضو نہ ٹوٹے فرشتے اس کے لیے دعا کرتے رہتے ہیں:::الٰہی اس کو بخش دے اس پہ رحم فرما۔۔۔

## ((باب بنیان المسجد))

سوال:::مسجد نبوی کی بتدریج تعمیر و توسیع پہ نوٹ لکھیں۔۔۔

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں مسجد نبوی کچی اینٹوں سے بنائی گئی تھی اس کی چھت کھجور کی شاخوں اور ستون کھجور کی لکڑیوں کے تھے،،، پھر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اس میں کچھ اضافہ نہیں فرمایا چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ میں مسجد میں

توسیع کی لیکن ساز وسامان وہی رکھا جو عہد نبوی میں تھا یعنی تزیین وآرائش سے اجتناب کیا پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ میں کافی توسیع کی اور اس کی دیواریں منقش پتھر اور چونے کی بنوائیں اور ستون بھی منقش پتھر کے لگوائے اور چھت ساگوان کی لکڑی سے بنائی۔۔۔

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسجد کی تزئین وآرائش سے کیوں اجتناب کیا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے اس لیے اجتناب کیا تاکہ لوگ فتنے میں نہ پڑ جائیں۔۔۔

## ((باب التعاون فی بناء المسجد الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد نبوی کی تعمیر کے دوران حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: افسوس عمار کو باغی گروہ شہید کرے گا یہ انہیں جنت کی طرف بلا رہے ہوں گے اور وہ ان کو جہنم کی طرف بلائیں گے۔۔۔

## ((باب من بنی مسجدا))

سوال::: مسجد بنانے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو بندہ اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائے تو اللہ پاک اس کے لیے جنت میں ویسا ہی گھر بنائے گا۔۔۔

## ((باب یاخذ بنصول النبل الخ))

سوال::: کیا مسجد میں ہتھیار لے کر داخل ہونا جائز ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں مسجد میں ہتھیار لے کر داخل ہونا جائز ہے لیکن یہ خیال کیا جائے کہ انہیں کھلا نہ رکھے تاکہ کسی مسلمان کو تکلیف نہ ہو چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جو کوئی ہماری مسجدوں یا بازاروں میں سے تیر لے کر گزرے تو وہ اس کا پھل تھامے رکھے ایسا نہ ہو کہ کسی مسلمان کو اپنے ہاتھ سے زخمی کرے۔۔۔

## ((باب الشعر فی المسجد))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابی کو کفار کا جواب دینے کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا::: اللہ کے رسول کی طرف سے کفار کو جواب دو۔۔۔

## ((باب اصحاب الحراب فی المسجد))

سوال::: کیا مسجد میں فن حرب کا مظاہرہ کرنا جائز ہے نیز کیا مسلمان عورتیں اس چیز کو دیکھ سکتی ہیں؟؟؟

جواب::: جی ہاں مسجد میں فن حرب کا مظاہرہ کرنا جائز ہے اور عورتیں باپردہ ان کے کرتب دیکھ سکتی ہیں چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا گھر کے دروازے سے حبشیوں کو دیکھ رہی تھیں جو مسجد میں فن حرب کا مظاہرہ کر رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو ڈھانپے ہوئے تھے۔۔۔

سوال::: غلام کی ولاء کس کے لیے ہوتی ہے؟؟؟

جواب::: غلام کی ولاء اسی کی ہے جو اسے آزاد کرے یا کروائے۔۔۔۔

## ((باب التقاضی والملازمة فی المسجد))

سوال::: قرض کے معاملے کی وجہ سے کن دو صحابہ کی مسجد میں آوازیں بلند ہوئیں؟؟؟

جواب::: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن ابی حدرد رضی اللہ عنہ سے اپنے قرض کا مطالبہ کیا اور یوں مسجد میں دونوں کی آوازیں بلند ہوئیں،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آوازیں سن کر باہر تشریف لائے اور حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے آدھا قرضہ معاف کرنے کا فرمایا اور حضرت عبداللہ کو بقیہ آدھا قرض ادا کرنے کا حکم دیا۔۔۔۔

## ((باب کنس المسجد والتقاط الخرق الخ))

سوال::: مسجد میں صفائی کرنے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔

جواب::: ایک حبشی مرد یا عورت مسجد میں جھاڑو دیا کرتے تھے جب ان کے انتقال کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتہ چلا تو آپ قبر پر تشریف لائے اور ان کی نماز جنازہ پڑھی۔۔۔۔

سوال::: کیا کسی کی قبر پہ نماز جنازہ ادا کی جاسکتی ہے؟؟؟

جواب::: شوافع اور حنابلہ کے نزدیک قبر پہ نماز جنازہ ادا کرنا جائز ہے،، احناف کے نزدیک اگر میت کو نماز جنازہ پڑھے بغیر دفن کر دیا گیا تو جب تک لاش پھٹنے کا گمان نہ ہو اس کی قبر پہ نماز ادا کی جاسکتی ہے اسی طرح اگر ولی کی اجازت کے بغیر کسی اور نے نماز جنازہ پڑھائی اور ولی اس میں شریک نہ تھا تو وہ قبر پہ نماز پڑھ سکتا ہے۔۔۔۔۔

## ((باب الخدم للمسجد))

سوال::: آیت """اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا""" میں لفظ محرر کی ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کیا تفسیر بیان کی ہے؟؟؟

جواب::: وہ فرماتے ہیں محرر سے مراد مسجد کے لیے خادم رکھنا ہے۔۔۔۔

## ((باب الاسیر او الغریم الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن کو مسجد میں کیوں نہیں باندھا؟؟؟

جواب::: ایک شرارتی جن نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز میں خلل ڈالنا چاہا تو آپ نے اسے قابو فرمالیا اور سوچا کہ اسے مسجد کے کسی ستون سے باندھ دیں تاکہ صبح لوگ اس کو دیکھیں لیکن حضرت سلیمان علیہ السلام کی یہ دعا یاد آگئی:::

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْۚ

ترجمہ کنزالعرفان:::

اے میرے رب!!! مجھے بخش دے اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما جو میرے بعد کسی کو لائق نہ ہو۔۔۔

پھر اسے چھوڑ دیا۔۔۔۔

## ((باب الاغتسال اذا اسلم الخ))

سوال::: قاضی شریح قرض دار کو کس جگہ قید کرتے تھے؟؟؟

جواب::: قاضی شریح قرض دار کو مسجد کے ستون کے پاس قید کرنے کا حکم دیتے۔۔۔

سوال::: نجد کی طرف جانے والے سوار کسے قید کر کے لائے؟؟؟

جواب::: نجد کی طرف جانے والے سوار بنو حنیفہ کے ایک شخص ثمامہ بن اثال کو قید کر کے لائے اور مسجد کے ستون کے پاس باندھ دیا،، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں آزاد کرنے کا حکم دیا اور وہ کھجور کے درختوں کے قریب گئے غسل کیا اور مسجد میں آکر کلمہ پڑھ کے مسلمان ہو گئے۔۔۔

## ((باب الخیمۃ فی المسجد للمرضی وغیرھم))

سوال::: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کس غزوہ میں زخمی ہوئے نیز ان کا خیمہ کدھر لگایا گیا؟؟؟

جواب::: غزوہ خندق کے موقع پہ آپ رضی اللہ عنہ کو اکحل نامی رگ میں تیر لگا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا خیمہ مسجد میں لگایا تاکہ نزدیک سے ان کی عیادت کر لیا کریں اور وہ اسی زخم میں شہید ہو گئے تھے۔۔۔

## ((باب ادخال البعیر فی المسجد))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کسے اونٹ پہ طواف کرنے کی اجازت دی؟؟؟

جواب::: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی کہ میں بیماری کی وجہ سے پیدل طواف نہیں کر سکتی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لوگوں کے پیچھے سواری پر طواف کرو تو انہوں نے اونٹ پر طواف کیا۔۔۔

سوال::: جب دو صحابہ کرام رات گئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس سے اپنے گھر روانہ ہوئے تو ان کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟؟؟

جواب::: جب وہ اپنے گھروں کو روانہ ہوئے تو ان کے ساتھ دو شمعیں ہو گئیں جو ان کے آگے روشنی کرنے لگیں اور جب وہ ایک دوسرے سے جدا ہوئے تو ہر ایک کے ساتھ ایک ایک شمع ہو گئی یہاں تک کہ وہ اپنے گھر پہنچ گئے۔۔۔

## ((باب الخوخۃ والممر فی المسجد))

سوال::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خطبہ کے دوران حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کیوں رونے لگ گئے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ خطبے میں فرمایا::: اللہ پاک نے اپنے ایک بندے کو اختیار دیا چاہے تو دنیا میں رہے یا جو اللہ کے پاس ہے اسے اختیار کرلے تو اس بندے نے وہ اختیار کیا جو اللہ کے پاس ہے یہ سن کر سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ رونے لگے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس جملے کا مطلب تھا کہ عنقریب آپ وصال ظاہری فرما جائیں گے۔۔۔

سوال::: کس صحابی نے سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ اپنی جان اور مال کو لٹایا؟؟؟

جواب::: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے،، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: سب لوگوں میں سے کسی کے مال اور صحبت کا احسان مجھ پر اتنا نہیں جتنا ابو بکر کا ہے اگر میں اپنی امت میں سے کسی کو خلیل بناتا تو ابو بکر کو بناتا۔۔۔۔

سوال::: مسجد کی جانب کس صحابی کا دروازہ باقی رکھا گیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم پہ صرف حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مسجد کی جانب دروازہ باقی رکھا گیا اور بقیہ تمام دروازے بند کردیے گئے۔۔۔

## ((باب الابواب والغلق الخ))

سوال::: کعبہ کی چابیاں کس کے پاس ہوتی تھیں؟؟؟

جواب::: کعبہ کی چابیاں حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھیں اور نسل در نسل انہی کے خاندان میں چلتی آرہی ہیں۔۔۔

## ((باب دخول المشرک فی المسجد))

سوال::: مشرک کو مسجد میں داخل کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: تعلیم کے لیے یا کسی ضرورت کے تحت مشرک کو مسجد میں داخل کرنا جائز ہے،، چنانچہ نجد جانے والے سوار بنو حنیفہ کے ایک شخص ثمامہ بن اثال کو قید کرکے لائے اور انہیں مسجد میں ایک ستون سے باندھ دیا گیا حالانکہ اس وقت وہ غیر مسلم تھے۔۔۔

## ((باب رفع الصوت فی المساجد))

سوال::: مسجد میں آوازیں بلند کرنے والے دو آدمیوں کو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سزا کیوں نہ دی؟؟؟

جواب::: ان دونوں کا تعلق طائف سے تھا اس بناء پہ سزا نہ دی اگر ان کا تعلق شہر مدینہ سے ہوتا تو آپ رضی اللہ عنہ انہیں سخت سزا دیتے۔۔۔

## ((باب الحلق الجلوس فی المسجد))

سوال::: جب ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نماز تہجد کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے کیا جواب دیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دو دو رکعت کرکے پڑھو اور جب صبح قریب ہونے لگے تو ایک رکعت پڑھو یہ ایک رکعت اس ساری نماز کو طاق بنادے گی۔۔۔

سوال::: مسجد میں آنے والے تین آدمیوں کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: ایک دفعہ تین آدمی مسجد نبوی میں حاضر ہوئے ان میں سے دو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں حاضری کے لیے آگے بڑھے لیکن تیسرا چلا گیا،، ان دو میں سے ایک نے درمیان میں خالی جگہ دیکھی اور وہاں بیٹھ گیا جبکہ دوسرا شخص پیچھے بیٹھ گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب وعظ سے فارغ ہوئے تو فرمایا ایک شخص تو خدا کی طرف بڑھا اور خدا نے اسے جگہ دی دوسرے شخص نے لوگوں میں گھسنے سے شرم کی تو اللہ نے بھی اس سے حیا فرمائی تیسرے نے منہ پھیر لیا تو اللہ نے بھی اس سے منہ پھیر لیا۔۔۔

## ((باب الاستلقاء فی المسجد الخ))

سوال::: کیا مسجد میں چت لیٹنا جائز ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں،، چنانچہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسجد میں پاؤں پر پاؤں رکھے چت لیٹے ہوئے دیکھا۔۔۔

## ((باب المسجد یکون فی الطریق الخ))

سوال:::قریش کے سردار حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تلاوت سن کر کیوں گھبرا گئے؟؟؟

جواب:::حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر کے صحن میں ایک مسجد بنائی تھی وہ وہاں نماز پڑھتے اور قرآن کی تلاوت کرتے تھے جب تلاوت کرتے تو اپنے آنسو نہ روک پاتے،،چنانچہ مشرکوں کی عورتیں اور بچے کھڑے ہو کر تلاوت سنتے اور تعجب کرتے اس وجہ سے کفار کے سردار گھبرا گئے کہیں قرآن سن کر ان کی عورتیں اور بچے مسلمان نہ ہو جائیں۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ فی مسجد السوق))

سوال:::باجماعت نماز پڑھنے کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب:::مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنا گھر میں اور بازار میں نماز پڑھنے سے 25 درجے زیادہ فضیلت رکھتا ہے کیونکہ جب کوئی شخص اچھی طرح وضو کر کے مسجد میں نماز کے لیے جاتا ہے تو اللہ ہر قدم پہ ایک درجہ بلند کرتا ہے اور ایک گناہ مٹا دیتا ہے،،جب وہ مسجد میں داخل ہو کر نماز کے انتظار میں بیٹھا رہتا ہے تو اس کو نماز کا ثواب ملتا رہتا ہے اور فرشتے اس کی بخشش کے لیے دعا کرتے ہیں۔۔۔۔

## ((باب تشبیک الاصابع فی المسجد وغیرہ))

سوال:::تشبیک یعنی ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::ایسا کرنا جائز ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے البتہ بلاوجہ ایسا نہ کیا جائے لیکن اگر وعظ و نصیحت کے دوران مثال دینے اور بات سمجھانے کے لیے تشبیہ دی جائے تو بلاشبہ جائز ہے کوئی حرج نہیں۔۔۔۔

سوال:::ایک مومن دوسرے مومن کے لیے کیا حیثیت رکھتا ہے؟؟؟

جواب:::ایک مومن دوسرے مومن کے لیے عمارت کی طرح ہے جس کا ایک حصہ دوسرے کو مضبوط رکھتا ہے۔۔۔۔

## ((باب المساجد التی علی طرق المدینہ الخ))

سوال:::سالم بن عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ راستوں میں متعدد جگہوں کو ڈھونڈ کر وہاں نماز کیوں پڑھتے تھے؟؟؟

جواب:::حضرت سالم بن عبداللہ متعدد جگہوں کو ڈھونڈ کر وہاں نماز پڑھتے اور فرماتے کہ ان کے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما وہاں نماز پڑھا کرتے تھے اور عبداللہ بن عمر نے ان مقامات پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا۔۔۔۔

سوال:::مکہ اور مدینہ کے راستے کے کچھ ایسے مقامات بتائیں جہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑاؤ کیا اور نمازیں ادا فرمائی ہوں؟؟؟

جواب:::(1) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب عمرہ کے لیے جاتے اور اسی طرح جب حجۃ الوداع کے لیے تشریف لے گئے تو ذوالحلیفہ میں ببول کے درخت کے نیچے قیام فرمایا جہاں اب مسجد ذوالحلیفہ بنی ہوئی ہے۔۔۔۔

(2) جب جہاد، حج یا عمرہ سے واپسی ہوتی تو وادی عتیق کے نشیبی علاقے میں اترتے،،پھر جب نشیب سے اوپر چڑھتے تو وادی کے بالائی کنارے کے مشرقی حصے پہ پڑاؤ فرماتے جہاں ریت اور کنکریوں کا ایک کشادہ نالا ہے،،اس جگہ رات بھر قیام فرماتے۔۔۔۔

(3) شرف روحاء کی مسجد کے قریب جو ایک چھوٹی مسجد ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہاں بھی نماز ادا فرمائی۔۔۔۔

(4)نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریہ رویثہ کے قریب گھنے درخت کے نیچے راستے کے بائیں جانب قیام فرمایا۔۔۔

(5)نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریہ عرج کے قریب اس نالے کے کنارے بھی نماز ادا فرمائی جو پہاڑ کی طرف جاتے ہوئے راستے میں آتا ہے۔۔۔

(6)نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وادی مر الظہران کے نشیب میں واقع ایک نالے پہ بھی قیام فرمایا کرتے تھے۔۔۔

(7)نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ جاتے ہوئے مقام ذی طوی میں رات کو قیام فرماتے اور صبح کی نماز پڑھ کر آگے روانہ ہوتے۔۔۔

## ((باب سترۃ الامام سترۃ من خلفہ))

سوال::: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کس پہ سوار ہو کے منی میں آئے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ گدھی پہ سوار ہو کر منی میں آئے اور اس وقت بالغ ہونے والے تھے۔۔۔

سوال::: کیا امام کا سترہ مقتدیوں کے لیے کافی ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں امام کا سترہ مقتدی کے لیے کافی ہے مقتدی کو جدید سترہ کی ضرورت نہیں۔۔۔

سوال::: بطحاء کس مقام کا نام ہے؟؟؟

جواب::: یہ مکہ سے باہر ایک جگہ کا نام ہے۔۔۔

## ((باب قدر کم ینبغی ان یکون بین المصلی والسترۃ))

سوال::: نمازی اور سترہ کے درمیان کتنا فاصلہ ہونا چاہیے؟؟؟

جواب::: نمازی اور سترہ کے درمیان کم سے کم فاصلہ ہونا چاہیے علماء نے اس نزدیکی کو مستحب قرار دیا ہے،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جہاں نماز پڑھاتے وہاں آپ سے اور دیوار میں اتنا فاصلہ ہوتا کہ اس میں سے بکری گزر جاتی۔۔۔

## ((باب السترۃ بمکۃ وغیرھا))

سوال::: کیا سترہ قائم کرنے کا حکم غیر مکہ کے ساتھ خاص ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں بلکہ مکہ ہو یا غیر مکہ سترہ قائم کرنا مستحب ہے۔۔۔۔

## ((باب الصلاۃ الی الاسطوانۃ))

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب ایک آدمی کو ستونوں کے درمیان نماز پڑھتے دیکھا تو کیا کیا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ایک ستون کی طرف کر دیا((یعنی ستون کی آڑ میں کر دیا تاکہ وہ اس کے لیے سترہ بن جائے))اور فرمایا یہاں نماز پڑھو۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد نبوی کے کس ستون کے پاس قصدا نماز ادا فرمایا کرتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس ستون کے پاس قصدا نماز ادا فرمایا کرتے تھے جس کے پاس قرآن پاک رکھا ہوتا تھا۔۔۔

## ((باب الصلاۃ بین السواری فی غیر جماعۃ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ میں کس جگہ نماز پڑھی نیز اس میں کتنے ستون تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ میں دو ستونوں کے درمیان نماز پڑھی اور ان دنوں کعبہ میں چھ ستون تھے۔۔۔

سوال::: کعبہ میں کس جگہ نماز پڑھ سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: کعبہ کے کسی بھی کونے میں نماز ادا کی جاسکتی ہے۔۔۔

## ((باب الصلاۃ الی الراحلۃ والبعیر الخ))

سوال::: کیا سترہ بنانے کے لیے کسی مخصوص چیز مثلا برچھی یا دیوار وغیرہ کا ہونا ضروری ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں بلکہ ہر وہ چیز جو آڑ بن سکے سترہ کے کام آسکتی ہے چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی اونٹ کو سترہ بنا کر اور کبھی پالان کی لکڑی کو سترہ بنا کر نماز پڑھا کرتے تھے۔۔۔

## ((باب یرد المصلی من مر بین یدیہ))

سوال::: دوران نماز جب حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے سامنے سے ایک جوان گزرا تو آپ نے کیا کیا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے اس کے منہ پر ایک مکا مارا اس نے پھر گزرنا چاہا تو آپ نے پہلے سے بھی زیادہ زور سے مکا مارا۔۔۔

سوال::: نمازی کے آگے سے گزرنے کا کتنا گناہ ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر گزرنے والا یہ جان لے کہ یہ کتنا بڑا جرم ہے تو وہ سامنے سے گزرنے کی بجائے 40 تک وہیں کھڑے رہنے کو ترجیح دے۔۔۔

اب راوی کو یاد نہیں رہا یہاں 40 سے مراد 40 دن، 40 مہینے، یا 40 سال ہیں۔۔۔

## ((باب استقبال الرجل صاحبہ الخ))

سوال::: نمازی کی طرف منہ کرکے بیٹھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک مطلقا مکروہ ہے کہ نمازی کے سامنے منہ کرکے بیٹھا جائے البتہ امام بخاری کے نزدیک یہ اس وقت مکروہ ہوگا جب نمازی کا خیال بٹے اگر اس کی نماز میں خلل نہیں آتا تو کوئی حرج نہیں۔۔۔

سوال::: ازواج مطہرات میں سے کس نے لوگوں سے یہ کہا کہ تم نے ہمیں کتے اور گدھے کے برابر کردیا؟؟؟

جواب::: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے

سوال::: اگر نمازی کے آگے کوئی مرد یا عورت بیٹھی یا لیٹی ہو تو کیا اس سے نماز فاسد ہوجاتی ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں،، چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا فرمان ہے کہ میں چارپائی پہ لیٹی ہوتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لاتے اور چارپائی کی طرف منہ کرکے نماز ادا کرنے لگ جاتے ہیں۔۔۔

## ((باب اذا حمل جاریۃ صغیرۃ الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسے اپنے کندھے پہ اٹھا کر نماز پڑھی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی نواسی حضرت امامہ جو کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی بیٹی تھیں انہیں اپنے کندھے پہ اٹھا کے نماز پڑھی چونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فعل عمل کثیر نہیں تھا تو اس طرح عمل کرنے سے نماز میں کوئی فساد نہیں آتا۔۔۔

## ((باب المرأۃ تطرح عن المصلی شیئا من الاذی))

سوال::: کس بد بخت نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ حالت سجدہ میں اونٹ کی اوجھڑی رکھی؟؟؟

جواب::: عقبہ بن ابی معیط نامی بد بخت نے یہ قبیح فعل سرانجام دیا،، جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو پتہ چلا تو فوراً تشریف لائیں اور غلاظت کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوپر سے ہٹایا اور مشرکین کو برا بھلا کہا،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پوری کر کے چند سرداران قریش عمرو بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف، عقبہ بن ابی معیط اور عمارہ ابن ولید کا نام لے کر ان کے لیے دعائے ضرر فرمائی اور یہ سب غزوہ بدر میں ہلاک ہوئے۔۔۔

## ((کتاب التہجد))

## ((باب التہجد باللیل))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز تہجد میں کون سی دعا پڑھتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تہجد میں مندرجہ ذیل دعا پڑھتے تھے:::

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَیِّمُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِیْھِنَّ، وَلَکَ الْحَمْدُ لَکَ مُلْکُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَمَنْ فِیْھِنَّ وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَلَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُکَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُکَ حَقٌّ، وَقَوْلُکَ حَقٌّ، وَالْجَنَّۃُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ، وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقٌّ، وَالسَّاعَۃُ حَقٌّ، اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ آمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ، فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ، اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ، اَوْلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ

ترجمہ::: اے میرے اللہ!!! ہر طرح کی تعریف تیرے ہی لیے ہے، تو آسمان اور زمین اور ان میں رہنے والی تمام مخلوق کا سنبھالنے والا ہے اور تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں آسمان اور زمین اور ان کی تمام مخلوقات پر صرف تیری حکومت ہے اور تعریف تیرے ہی لیے ہے، تو آسمان اور زمین کا نور ہے اور تعریف تیرے ہی لیے زیبا ہے، تو سچا ہے، تیرا وعدہ سچا، تیری ملاقات سچی، تیرا فرمان سچا ہے، جنت سچ ہے، دوزخ سچ ہے، انبیاء سچے ہیں۔ محمد ﷺ سچے ہیں اور قیامت کا ہونا سچ ہے۔ اے میرے اللہ!!! میں تیرا ہی فرمان بردار ہوں اور تجھی پر ایمان رکھتا ہوں، تجھی پر بھروسہ ہے، تیری ہی طرف رجوع کرتا ہوں، تیرے ہی عطا کئے ہوئے دلائل کے ذریعہ بحث کرتا ہوں اور تجھی کو حکم بناتا ہوں پس جو خطائیں مجھ سے پہلے ہوئیں اور جو بعد میں ہوں گی ان سب کی مغفرت فرما، خواہ وہ ظاہر ہوئی ہوں یا پوشیدہ۔ آگے کرنے والا اور پیچھے رکھنے والا تو ہی ہے۔ معبود صرف تو ہی ہے۔ یا (یہ کہا کہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔۔۔۔

سوال::: صحابہ کرام جب خواب دیکھتے تو کس سے بیان کرتے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں جب صحابہ کرام خواب دیکھتے تو آپ کی بارگاہ میں عرض کرتے اور پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس خواب کی تعبیر بیان کرتے۔۔۔

سوال::: سورۃ والضحی کا شان نزول بیان کریں۔۔۔

جواب::: کچھ دن حضرت جبرائیل علیہ السلام وحی لے کر نازل نہ ہوئے تو ایک قریشی عورت نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے شیطان نے چھوڑ دیا تو اس وقت یہ سورت نازل ہوئی:::

وَالضُّحٰى ۙ(1) وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰى ۙ(2) مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى (3)

ترجمہ کنزالعرفان:::

چڑھتے دن کے وقت کی قسم۔اور رات کی جب وہ ڈھانپ دے۔تمہارے رب نے نہ تمہیں چھوڑا اور نہ ناپسند کیا۔

## ((باب تحریض النبی علی قیام اللیل الخ))

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مولا علی کرم اللہ وجہ الکریم کو تہجد کی ترغیب دلائی تو انہوں نے کیا جواب دیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی کے گھر تشریف لائے اور فرمایا تم نماز تہجد نہیں پڑھتے؟؟؟ انہوں نے عرض کی::: یا رسول اللہ ہمارے نفس اللہ کے ہاتھ میں ہے جب وہ ہم کو اٹھانا چاہتا ہے ہم اٹھ جاتے ہیں۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعض اوقات اپنا پسندیدہ کام کیوں چھوڑ دیتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس خوف سے بعض اوقات اپنا پسندیدہ کام چھوڑ دیتے تھے کہیں یہ لوگوں پر فرض نہ ہو جائے۔۔۔۔

## ((باب قیام النبی حتی ترم قدماہ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنا لمبا قیام فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتنا لمبا قیام فرماتے تھے کہ آپ کے پاؤں مبارک سوجھ جاتے تھے جب آپ سے عرض کی گئی کہ اتنا لمبا قیام کیوں فرماتے ہیں؟؟؟ تو آپ نے فرمایا::: کیا میں خدا کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟؟؟

## ((باب من نام عند السحر))

سوال::: اللہ عزوجل کے نزدیک کس نبی کی نماز پسندیدہ ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ نماز حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز ہے وہ آدھی رات سوتے تھے پھر تہائی رات قیام کرتے اور پھر رات کے چھٹے حصے میں سو جاتے تھے۔۔۔۔

سوال::: حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا کیا طریقہ کار تھا؟؟؟

جواب::: آپ علیہ السلام ایک دن روزہ رکھتے تھے اور دوسرے دن نہیں رکھتے تھے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کون سا عمل پسند تھا؟؟؟

جواب::: وہ عمل جس پہ ہیشگی اختیار کی جائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پسند تھا۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس وقت تہجد ادا فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرغ کی اذان سنتے تو تہجد ادا فرماتے۔۔۔۔

## ((باب من تسحر فلم ینم الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سحری اور نماز میں کتنا فرق کیا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے سحری کی اور 50 آیات پڑھنے کی مقدار کا وقفہ کر کے نماز شروع کی۔۔۔

## ((باب طول الصلاۃ فی قیام اللیل))

سوال::: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کس امر سوء کا ارادہ فرمایا؟؟؟

جواب::: ایک دفعہ رات کے وقت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافی دیر کھڑے رہے حتی کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے """امر سوء""کا ارادہ فرمایا اور وہ یہ تھا کہ خود بیٹھ جائیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھڑا رہنے دیں۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسواک کا کس قدر اہتمام فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب رات کو تہجد کے لیے کھڑے ہوتے تو مسواک فرماتے تھے۔۔۔

## ((باب کیف صلاۃ اللیل الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تہجد کی نماز میں کتنی رکعات ادا فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: اس بارے میں مختلف روایات آئی ہیں بعض میں 7 بعض میں 9 بعض میں 11 اور بعض میں 13 کا عدد لکھا ہوا ہے۔۔۔

سات رکعات میں 4 تہجد کی اور 3 وتر شامل ہیں،، 9 رکعات میں سے 6 تہجد کی رکعات اور 3 وتر ہوا کرتے تھے،، جب 11 رکعات ہوتیں تو 8 رکعات تہجد اور 3 وتر شامل ہوتے تھے اور جس روایت میں 13 رکعات درج ہے اس میں 8 رکعات تہجد 3 وتر اور دو فجر کی سنتیں شامل ہیں۔۔۔

## ((باب قیام النبی باللیل الخ))

سوال::: نشأ کس زبان کا لفظ ہے نیز وطئا کا کیا مطلب ہے؟؟؟

جواب::: نشأ حبشی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی کھڑا ہونا ہے جبکہ وطئا کے معنی قرآن یاد کرنے کے ہیں۔۔۔

(( باب عقد الشيطان على قافية الرأس الخ ))

سوال::: جب کوئی شخص سوتا ہے تو شیطان اس کی گدی میں کتنی گرہیں لگاتا ہے نیز وہ گرہیں کیسے کھلتی ہیں؟؟؟

جواب::: جب کوئی شخص سوتا ہے تو شیطان اس کی گدی میں تین گرہیں لگاتا ہے اور کہتا ہے سو جاؤ ابھی تو رات پڑی ہے،، پس اگر وہ شخص جاگ جائے اور اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اور اگر وضو کر لیتا ہے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے اسی طرح اگر نماز پڑھ لیتا ہے تو تیسری گرہ بھی کھل جاتی ہے۔۔۔۔۔

سوال::: قران کریم یاد کر کے بھلا دینے اور فرض نماز چھوڑ کر سونے والے کا کیا انجام ہوگا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں ایسے شخص کو دیکھا جس کا سر پتھر سے کچلا جارہا تھا اور یہ وہ تھا جو قرآن پاک یاد کر کے بھلا دیتا تھا اور فرض نماز پڑھے بغیر سو جاتا تھا۔۔۔

## ((باب اذا نام ولم یصل الخ))

سوال::: شیطان کس کے کان میں پیشاب کرتا ہے؟؟؟

جواب::: جو شخص صبح تک سوتا رہتا ہے اور نماز کے لیے نہیں اٹھتا شیطان اس کے کان میں پیشاب کر دیتا ہے۔۔۔

## ((باب الدعاء والصلاۃ من آخر اللیل))

سوال::: اللہ عزوجل کس وقت آسمانِ دنیا کی جانب نزول کرتا ہے اور کیا فرماتا ہے؟؟؟

جواب::: جب رات کا تیسرا حصہ باقی رہ جاتا ہے تو اللہ عزوجل آسمان دنیا کی طرف نزول کرتا ہے اور فرماتا ہے::: کون ہے جو مجھے پکارے میں اس کی پکار کو قبول کروں، کون ہے جو مجھ سے مانگے میں اس کو دوں، کون ہے جو مجھ سے بخشش چاہے پس میں اس کو بخش دوں؟؟؟

(( باب من نام اول اللیل واحیا آخرہ ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رات کو کیا معمول ہوتا تھا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے پہلے حصے میں سو جاتے اور پچھلی رات کو اٹھتے اور نماز پڑھتے پھر اپنے بچھونے پہ تشریف لے جاتے،، پس جب مؤذن اذان دیتا تو اٹھتے اور اگر آپ کو بیوی سے حاجت ہوتی تو پوری کر کے غسل کرتے ورنہ وضو کر کے مسجد میں تشریف لے جاتے۔۔۔۔

## ((باب قیام النبی باللیل الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان کی راتوں میں کس طرح نماز پڑھتے تھے؟؟؟

جواب::: جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں 11 رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھا کرتے تھے آپ پہلے چار رکعتیں پڑھتے پھر چار رکعتیں پڑھتے پھر تین رکعتیں وتر پڑھتے۔۔۔

سوال::: کیا انبیاء کا دل بھی سوتا ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں،، انبیاء کی صرف آنکھیں سوتی ہیں دل بیدار ہوتا ہے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کب بیٹھ کر نماز پڑھنا شروع کی؟؟؟

جواب::: جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک زیادہ ہو گئی تو بیٹھ کر نماز پڑھنے لگے۔۔۔

## ((باب فضل الطهور باللیل والنهار الخ))

سوال::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کس عمل کے باعث ان کے جوتوں کی آواز جنت میں سنی؟؟؟

جواب::: حضرت بلال رضی اللہ عنہ دن یا رات میں جب بھی وضو کرتے تو اس کے ساتھ ((تحیۃ الوضوء)) نماز پڑھتے تھے۔۔۔

## ((باب مایکرہ من التشدید فی العبادۃ))

سوال::: عبادت میں مشقت اٹھانے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: عبادت میں مشقت اٹھانا مکروہ ہے،، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو ستونوں کے درمیان رسی بندی دیکھی تو اس کے بارے میں دریافت کیا لوگوں نے عرض کیا یہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے لگائی ہے جب وہ عبادت کرتے تھک جاتی ہیں تو اس سے لٹک جاتی

ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اسے کھول دو تم میں سے جو بھی نماز پڑھے وہ اپنی خوشی سے پڑھے اور جب تھک جائے تو بیٹھ جائے۔۔۔

## ((باب مایکرہ من ترک قیام اللیل الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کو کس کی طرح ہو جانے سے منع فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اے عبداللہ!!! فلاں کی طرح نہ ہو جانا جو رات میں تہجد پڑھتا تھا پھر اس نے چھوڑ دی۔۔۔

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے رات بھر کے قیام اور دن کو روزہ رکھنے کی خبر ملی تو کیا نصیحت فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جب تم ایسا کرتے ہو تو تمہاری بینائی کمزور ہو جائے گی اور تمہارا نفس تھک جائے گا،، بے شک تیرے نفس اور تیری بیوی کا تجھ پہ حق ہے ایک دن روزہ رکھ ایک دن افطار کر،، رات کے کچھ حصے میں قیام کر اور کچھ حصے میں آرام کر۔۔۔

## ((باب فضل من تعار من اللیل الخ))

سوال::: راتوں کو جاگ کر دعا کرنے اور نماز پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کو جاگا اور یہ دعا پڑھی:::

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ثم قال اللھم اغفرلی

یا اس کے علاوہ کوئی اور دعا کی تو قبول کی جائے گی اور اگر وضو کر کے نماز پڑھی تو اس کی نماز قبول ہو گی۔۔۔

سوال::: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کیا خواب دیکھا نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی کیا تعبیر بیان فرمائی؟؟؟

جواب::: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے خواب دیکھا میرے ہاتھ میں موٹے ریشم کا ایک ٹکڑا ہے میں جنت میں جہاں بھی جانا چاہتا ہوں وہ ٹکڑا مجھے اس جگہ لے جاتا ہے،، ایک اور خواب دیکھا کہ دو فرشتے میرے پاس آئے اور مجھے جہنم کی طرف لے جانے کا ارادہ کیا تو ایک فرشتہ ان سے آکر ملا اور کہا انہیں چھوڑ دو،، جب یہ خواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بیان کیا گیا تو آپ نے فرمایا عبداللہ کتنا ہی اچھا آدمی ہے اگر وہ تہجد ادا کرتا،، اس کے بعد حضرت عبداللہ رات کو تہجد پڑھا کرتے تھے۔۔۔

سوال::: شب قدر کو کن راتوں میں تلاش کیا جائے؟؟؟

جواب::: شب قدر کو رمضان کی آخری طاق راتوں میں تلاش کیا جائے۔۔۔

## ((باب المداومۃ علی رکعتی الفجر))

سوال::: نماز کی کن سنتوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی نہیں چھوڑا؟؟؟

جواب::: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر سے پہلے چار رکعت اور فجر سے پہلے دو رکعت سنت کو کبھی نہیں چھوڑا۔۔۔

## ((باب الضجعۃ علی الشق الایمن الخ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی دو سنتیں ادا کر کے کیا کرتے تھے؟؟؟

جواب::: اگر اس وقت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جاگ رہی ہوتیں تو ان سے گفتگو فرماتے وگرنہ سیدھی کروٹ پر لیٹ جاتے حتی کہ فجر کی نماز کے لیے اقامت ہو جاتی۔۔۔

## ((باب ماجاء فی التطوع مثنی مثنی))

سوال::: حضرت یحیی بن سعید انصاری اپنے شہر کے فقہاء کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟؟؟

جواب::: آپ نے فرمایا کہ میں نے اپنے شہر کے فقہاء کو دن کے نوافل میں دو رکعتوں پر سلام پھیرتے ہوئے پایا۔۔۔

سوال::: نفلی نماز کتنی رکعات کے ساتھ پڑھنا افضل ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک رات کے وقت نفلی نماز دو دو رکعت پڑھنا افضل ہے جبکہ شوافع کے نزدیک نفلی نماز خواہ رات کی ہو یا دن کی ہو دو دو رکعت کر کے پڑھنا افضل ہے۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام کو استخارے کی تعلیم کس اہتمام کے ساتھ دیا کرتے تھے؟؟؟

جواب::: جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں قرآن پاک کی سورت سکھاتے تھے اسی طرح استخارے کے بارے میں بھی تعلیم دیتے تھے۔۔۔

سوال::: بخاری شریف کی روشنی میں استخارے کا طریقہ بیان کریں۔۔۔

جواب::: جب کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے تو فرض نمازوں کے علاوہ دو رکعت ادا کرے پھر یوں دعا مانگے:::

اَللّٰھُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اَللّٰھُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ قَالَ عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاقْدُرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي ثُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ، وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ قَالَ فِي عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاصْرِفْهُ عَنِّي وَاصْرِفْنِي عَنْهُ، وَاقْدُرْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِي

ترجمہ::: اے میرے اللہ! میں تجھ سے تیرے علم کی بدولت خیر طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کی بدولت تجھ سے طاقت مانگتا ہوں اور تیرے فضل عظیم کا طلبگار ہوں کہ قدرت تو ہی رکھتا ہے اور مجھے کوئی قدرت نہیں۔ علم تجھ ہی کو ہے اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو تمام پوشیدہ باتوں کو جاننے والا ہے۔ اے میرے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام جس کے لیے استخارہ کیا جا رہا ہے میرے دین، دنیا اور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے میرے لیے بہتر ہے یا (آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ) میرے لیے وقتی طور پر اور انجام کے اعتبار سے یہ (خیر ہے) تو اسے میرے لیے نصیب کر اور اس کا حصول میرے لیے آسان کر اور پھر اس میں مجھے برکت عطا کر اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین، دنیا اور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے برا ہے۔ یا (آپ ﷺ نے یہ کہا کہ) میرے معاملہ میں وقتی طور پر اور انجام کے اعتبار سے (برا ہے) تو اسے مجھ سے ہٹا دے اور مجھے بھی اس سے ہٹا دے۔ پھر میرے لیے خیر مقدر فرما دے، جہاں بھی وہ ہو اور اس سے میرے دل کو مطمئن بھی کر دے۔۔۔

سوال::: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ کس کس نماز کی کتنی سنتیں ادا فرمائیں؟؟؟

جواب:::انہوں نے ظہر سے پہلے دو رکعت اور دو رکعت ظہر کے بعد،،اسی طرح مغرب، جمعہ اور عشاء کے بعد بھی دو دو رکعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ ادا کیں۔۔۔۔

## ((باب مایقرأفی رکعتی الفجر))

سوال:::فجر کی دو سنتوں میں کتنی قرأت کی جائے گی؟؟؟

جواب:::فجر کی دو سنتوں میں انتہائی مختصر قرأت کی جائے گی،،حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان میں اتنی ہلکی قرات کرتے کہ میں کہتی آپ نے سورۃ فاتحہ بھی پڑھی ہے یا نہیں؟؟؟

## ((باب صلاۃ الضحی فی السفر))

سوال:::کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور شیخین کریمین چاشت کی نماز ادا کیا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور شیخین کریمین چاشت کی نماز پہ ہیشگی نہیں فرماتے تھے بلکہ کبھی پڑھ لیتے کبھی چھوڑ دیتے۔۔۔۔

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابیہ کے گھر چاشت ادا فرمائی؟؟؟

جواب:::حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر

## ((باب صلاۃ الضحی فی الحضر))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو کتنے کاموں کی وصیت فرمائی؟؟؟

جواب:::تین کاموں کی وصیت فرمائی کہ انہیں کبھی نہ چھوڑنا:::

(1)ہر مہینے تین دن روزے رکھنا

(2)چاشت کی نماز ادا کرنا

(3)سونے سے پہلے وتر پڑھنا

## ((باب الصلاۃ قبل المغرب))

سوال:::نماز مغرب سے پہلے دو رکعت سنت ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب:::مغرب کی نماز سے پہلے دو رکعت سنت ادا کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے لیکن سنت اخیرہ جس پہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جمہور صحابہ کا عمل ہوا اس میں یہ دو سنتیں موجود نہیں۔۔۔۔

سوال:::جس غزوہ میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے وفات پائی اس لشکر کا سپہ سالار کون تھا؟؟؟

جواب:::یزید بن معاویہ

## ((باب فضل الصلاۃ فی مسجد مکۃ والمدینۃ))

سوال:::حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کتنی غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شرکت کی؟؟؟

جواب:::12غزوات میں

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن تین مساجد کی طرف سفر کرنے کا حکم دیا نیز اس حدیث کا صحیح معنی کیا ہے؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا تین مساجد کے علاوہ کسی کی جانب کجاوے نہ کسے جائیں((یعنی سفر نہ کیا جائے))مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد اقصی۔۔۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ان تینوں مساجد میں نماز پڑھنے کا ثواب دیگر کی بنسبت زیادہ ہے لہذا زیادتِ ثواب کی نیت سے صرف انہی مساجد کی طرف سفر کیا جائے کیونکہ ان کے علاوہ دنیا کی کسی مسجد کو یہ خصوصیت حاصل نہیں۔۔۔

سوال:::مسجد نبوی میں ایک نماز ادا کرنے کا ثواب کتنی نمازوں کے برابر ہے؟؟؟

جواب:::ایک ہزار نمازوں کے برابر

## ((باب من اتی مسجد قباء کل سبت))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنے عرصے بعد مسجد قباء تشریف لے جایا کرتے تھے؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر ہفتے پیدل یا سوار ہو کر مسجد قباء تشریف لے جایا کرتے تھے۔۔۔

## ((باب فضل ما بین القبر والمنبر))

سوال:::زمین پہ کون سا ٹکڑا جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے گھر اور منبر کی درمیانی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔۔۔

## ((باب مسجد بیت المقدس))

سوال:::قزعہ نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کون سی چار باتیں سنیں جو انہیں بہت پسند آئیں؟؟؟

جواب:::(1)عورت اپنے خاوند یا محرم کے بغیر دو دن کا سفر نہ کرے۔۔۔

(2)دو دن کا روزہ نہیں رکھنا چاہیے ایک عید الفطر اور دوسرا عید الاضحی۔۔۔

(3)دو نمازوں کے بعد کوئی نماز پڑھنا جائز نہیں ایک صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک اور دوسری عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک۔۔۔

(4)صرف تین مساجد کی جانب کجاوے کسے جائیں:::مسجد حرام مسجد نبوی اور مسجد اقصی

## ((باب استعانۃ الید فی الصلاۃ الخ))

سوال:::کیا نماز میں ہاتھ سے کوئی کام کرنا درست ہے؟؟؟

جواب:::اگر کوئی ضرورت ہو اور وہ کام عمل کثیر میں نہ آتا ہو تو کرنا درست ہوگا،، چنانچہ روایت ہے کہ ابو اسحاق تابعی نے نماز میں اپنی ٹوپی اتار کر رکھ دی اور نماز میں ہی دوبارہ پہن لی ایک اور روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز میں بدن کھجالیا کرتے تھے۔۔۔

## ((باب ما ینھی من الکلام فی الصلاۃ))

سوال:::جب مسلمان حبشہ سے مدینہ ہجرت کر کے آئے تو انہوں نے دوران نماز کیا تبدیلی محسوس کی تھی؟؟؟

جواب::: پہلے پہل صحابہ کرام نماز میں کلام کر لیا کرتے تھے لیکن بعد میں منع کر دیا گیا تھا،، چنانچہ حبشہ سے آئے ہوئے مسلمانوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوران نماز سلام کیا ((کیونکہ انہیں نماز میں کلام نہ کرنے والے حکم کا علم نہیں تھا)) لیکن آپ نے جواب نہ دیا اور فرمایا ::: بے شک نماز میں مصروفیت ہوتی ہے۔۔۔۔

سوال::: کس آیت کے نازل ہونے کے بعد صحابہ کرام نے نماز میں کلام کرنا چھوڑ دیا؟؟؟

جواب::: مندرجہ ذیل آیت کے نازل ہونے کے بعد صحابہ کرام نے نماز میں کلام کرنا چھوڑ دیا:::

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ (238)

ترجمہ کنزالعرفان::: تمام نمازوں کی پابندی کرو اور خصوصاً درمیانی نماز کی اور اللہ کے حضور ادب سے کھڑے ہوا کرو۔۔۔

## ((باب ما یجوز من التسبیح والحمد فی الصلاۃ للرجال))

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بنی عمرو بن عوف کے درمیان صلح کرانے کے لیے تشریف لے گئے تو پیچھے سے جماعت کس نے کروائی؟؟؟

جواب::: حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے

سوال::: دوران نماز جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم واپس تشریف لائے تو صحابہ کرام نے کیا کرنا شروع کیا؟؟؟

جواب::: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو متوجہ کرنے کے لیے تصفیق شروع کر دی،، جب انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کا پتہ چلا تو الٹے پاؤں پیچھے ہو گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آگے ہو کر نماز پڑھائی۔۔۔۔

سوال::: تصفیق کسے کہتے ہیں؟؟؟

جواب::: دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو بائیں ہاتھ کی پشت پہ مارنا تصفیق کہلاتا ہے،، تصفیق اور تصفیح مترادف المعنی ہیں۔۔۔۔

## ((باب::: التصفیق للنساء))

سوال::: مردوں اور عورتوں میں سے کس کے لیے تصفیق کرنا مناسب ہے؟؟؟

جواب::: عورتوں کو تصفیق کرنی چاہیے جبکہ مردوں کے لیے امام کو متوجہ کرنے کے لیے تسبیح کرنا مناسب ہے۔۔۔۔

## ((باب من رجع القھقری فی صلاتہ الخ))

سوال::: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت بلافصل پہ دلیل دیں۔۔۔۔

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے مرض وفات میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امام مقرر فرمایا اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ظاہری حیات میں 17 نمازیں پڑھائیں۔۔۔۔

ایک دن صبح کے وقت حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ صحابہ کرام کو نماز پڑھا رہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کا پردہ اٹھایا اور مسلمانوں کو دیکھا،، صحابہ کرام کی خوشی ومسرت کی کیفیت یہ تھی کہ نماز چھوڑنے کے قریب ہوگئے اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ بھی مصلی امامت سے پیچھے ہٹنے لگے لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہاتھ کے اشارے سے فرمایا اپنی نماز پوری کرو اور اسی دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا۔۔۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنی زندگی میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو نمازیں پڑھانے کا حکم دینا ان کی خلافت بلافصل پہ دلیل ہے۔۔۔

## ((باب اذا دعت الام ولدھا فی الصلاۃ))

سوال:::بنی اسرائیل کے عابد جریج کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟؟؟

جواب::: جریج بنی اسرائیل کے بہت بڑے عابد تھے ایک دفعہ وہ اپنے عبادت خانے میں نماز ادا کر رہے تھے کہ ان کی ماں نے انہیں آواز دی::: اے جریج،، وہ اپنے دل میں کہنے لگے::: یا اللہ ادھر میری ماں مجھے بلا رہی ہے اور ادھر نماز ہے،، یوں تین دفعہ ماں نے آواز ماری لیکن جب انہوں نے کوئی جواب نہ دیا تو ماں نے یہ دعا کی::: یا اللہ جب تک میرا بیٹا کسی فاحشہ اور بدکار عورت کی شکل نہ دیکھ لے تب تک نہ مرے۔۔۔

جریج کے عبادت خانے کے پاس ایک عورت رہتی تھی جو بکریاں چراتی تھی،، اس کا بغیر نکاح کے بچہ ہوا تو لوگوں نے کہا یہ بچہ کس کا ہے؟؟؟ اس نے کہا یہ جریج کا لڑکا ہے چنانچہ لوگ جریج کو مارتے ہوئے عبادت خانے سے باہر لے آئے انہوں نے کہا مجھے عورت اور بچے کے پاس لے چلو،، بچے کے پاس جا کر اس سے پوچھا تیرا باپ کون ہے؟؟؟ اس نے کلام کیا کہ میرا باپ فلاں چرواہا ہے،، یوں ان کی ماں کی دعا پوری ہوئی۔۔۔

سوال::: کیا والدین کی آواز پہ نماز چھوڑ سکتے ہیں؟؟؟

جواب::: اگر نفل نماز ہو اور ان کو نماز پڑھنے کا معلوم نہیں تو ان کے معمولی طور پر بلانے پہ نماز توڑ کر جواب دینا چاہیے۔۔۔

اگر فرض نماز ہو اور ان کا پکارنا کسی بڑی مصیبت کی وجہ سے ہے تو اس صورت میں نماز توڑی جائے۔۔۔

## ((باب مسح الحصی فی الصلاۃ))

سوال::: سجدے کی جگہ کو مٹی سے برابر کرنے والے شخص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر ایسا کرنا ہے تو ایک ہی مرتبہ کر لو((تا کہ عمل کثیر لازم نہ آئے))۔۔۔۔

## ((باب اذا انفلتت الدابۃ فی الصلاۃ))

سوال::: اگر نماز میں کسی شخص کا جانور بھاگ جائے تو کیا اس کے لیے نماز توڑنا جائز ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں اس کے لیے نماز توڑنا جائز ہے چنانچہ روایت ہے کہ ایک صحابی گھوڑے کی لگام پکڑ کر نماز پڑھ رہے تھے کہ ان کا گھوڑا چھوٹ کر بھاگنے لگا اور وہ اس کے پیچھے گئے۔۔۔

سوال::: جب سورج یا چاند کو گرہن لگے تو کیا کرنا چاہیے؟؟؟

جواب::: سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں جب ان کو گرہن لگے تو نماز شروع کر دینی چاہیے یہاں تک کہ یہ صاف ہو جائیں۔۔۔

سوال::: عمرو بن لحہ کون تھا؟؟؟

جواب::: یہ زمانہ جاہلیت کا ایک مشرک تھا جس نے بتوں کے نام پر زندہ جانور چھوڑنے کی رسم نکالی تھی۔۔۔

(( باب ما یجوز من النفخ فی الصلاۃ الخ ))

سوال::: کیا نماز میں پھونک مارنے سے وہ فاسد ہو جائے گی؟؟؟

جواب::: اگر پھونکنے سے آواز پیدا نہیں ہوئی اور وہ سانس کی طرح ہے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوگی البتہ اگر پھونکنے سے ایک دو حرف پیدا ہو جائیں تو نماز فاسد ہو جائے گی۔۔۔

## (( باب اذا قیل للمصلی الخ ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوران جماعت عورتوں کو کس وقت سجدے سے سر اٹھانے کا حکم دیا؟؟؟

جواب::: جب تک مرد سیدھے ہو کر نہ بیٹھ جائیں تب تک عورتیں سجدے سے سر نہ اٹھائیں،، یہ حکم اس لیے دیا گیا تھا کیونکہ اس وقت کپڑے کی کمی کی وجہ سے صحابہ کرام نے گردن سے تہبند باندھے ہوتے تھے اور وہ چھوٹے ہوتے تھے،، عورتوں کی صف چونکہ مردوں سے پیچھے ہوتی تھی اس لیے حیا کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ حکم دیا گیا۔۔۔

سوال::: نماز میں کوکھ پہ ہاتھ رکھنے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: نماز میں کوکھ پہ ہاتھ رکھنا جائز نہیں۔۔۔

## ((باب یفکر الرجل الشئی فی الصلاۃ))

سوال::: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے نماز میں کس کی تیاری کے متعلق سوچا؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ نے نماز میں لشکر کی تیاری کے متعلق سوچا۔۔۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ نماز میں سوچ وبچار کرنی چاہیے بلکہ مقصود یہ بتانا ہے کہ اگر نماز کی حالت میں کسی کام کے متعلق خیال آجائے تو اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عصر کی نماز پڑھ کر جلدی سے مکان میں کیوں تشریف لے گئے؟؟؟

جواب::: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلدی سے مکان میں تشریف لے گئے اور پھر باہر تشریف لائے اور لوگوں سے فرمایا::: میرے پاس سونے کی ایک ڈلی تھی اس کا مجھے نماز میں خیال آیا تو مجھے یہ ناگوار گزرا کہ یہ شام یا صبح تک میرے پاس رہے پس میں نے اس کی تقسیم کا حکم دے دیا۔۔۔

سوال::: اذان واقامت کے وقت شیطان کدھر جاتا ہے؟؟؟

جواب::: جب اذان دی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ موڑ کر ہوا خارج کرتا ہوا بھاگ جاتا ہے اس کو اذان کی آواز نہیں سنائی دیتی جب مؤذن اذان دے کر خاموش ہوتا ہے تو پھر واپس آجاتا ہے اسی طرح جب تکبیر ہوتی ہے تو وہ بھاگ پڑتا ہے اور تکبیر ختم ہونے کے بعد واپس آجاتا ہے۔۔۔

سوال::: شیطان کس طرح نمازی کی نماز میں خلل ڈالتا ہے؟؟؟

جواب::: شیطان نمازی کو بھولی ہوئی باتیں یاد دلاتا ہے جس کا اسے خیال بھی نہیں ہوتا یہاں تک کہ نمازی کو یاد نہیں رہتا کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھیں۔۔۔۔

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظہر یا عصر کی نماز میں کم رکعات پڑھائیں تو کس صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس حوالے سے عرض کیا؟؟؟

جواب::: حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ نے

## ((ابواب العمرہ))

سوال::: عمرے کا کیا حکم ہے؟؟؟

جواب::: احناف کے نزدیک عمرہ واجب ہے جبکہ شوافع کے نزدیک فرض کا درجہ رکھتا ہے۔۔۔۔

سوال::: اللہ عزوجل نے قرآن پاک میں حج کے ساتھ کس کا ذکر کیا؟؟؟

جواب::: عمرہ کا

سوال::: حج اور عمرہ کی فضیلت بیان کریں۔۔۔۔

جواب::: مقبول حج کا بدلہ جنت ہے،،ایک عمرہ سے دوسرے عمرہ تک جتنے گناہ ہوتے ہیں عمرہ کرنے سے ختم ہو جاتے ہیں۔۔۔۔

## ((باب من اعتمر قبل الحج))

سوال::: کیا حج سے پہلے عمرہ کرنا درست ہے؟؟؟

جواب::: جی ہاں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا کیا تھا۔۔۔۔

## ((باب کم اعتمر النبی))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے حج اور عمرے کیے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حج کیا جبکہ چار عمرے کیے:::

(1) حدیبیہ والا عمرہ جب مشرکین نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو روکا تھا۔۔۔۔

(2) اس سے اگلے سال ذیقعدہ میں عمرہ ادا کیا۔۔۔۔

(3) تیسرا عمرہ جعرانہ سے کیا جب حنین کا مال غنیمت تقسیم کیا تھا۔۔۔

(4) چوتھا عمرہ حج کے ساتھ کیا۔۔۔۔

سوال::: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رجب میں کوئی عمرہ کیا تھا؟؟؟

جواب:::حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رجب میں کوئی عمرہ نہیں کیا۔۔۔

## ((باب عمرۃ فی رمضان))

سوال:::رمضان میں عمرہ کرنے کی کیا فضیلت ہے؟؟؟

جواب:::رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب حج کے برابر ہے۔۔۔

## ((باب عمرۃ التنعیم))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ تنعیم تک جانے کا حکم دیا؟؟؟

جواب:::حضرت عبدالرحمن بن ابو بکر رضی اللہ عنہما کو

## ((باب الاعتمار بعد الحج بغیر ھدی))

سوال:::کس وقت عمرہ کیا جائے تو قربانی واجب نہیں ہوتی؟؟؟

جواب:::حج کے بعد اور ایام تشریق گزرنے کے بعد عمرہ کرنے والے پہ قربانی واجب نہیں ہوتی۔۔۔

## ((باب یفعل فی العمرۃ ما یفعل فی الحج))

سوال:::عمرہ میں کن چیزوں سے پرہیز کرنی چاہیے؟؟؟

جواب:::عمرہ میں انہی چیزوں سے پرہیز کی جائے گی جن سے حج میں کی جاتی ہے اور وہی کام کیے جائیں گے جو حج میں کیے جاتے ہیں البتہ عمرہ میں وقوف اور رمی جمار شامل نہیں ہے۔۔۔

سوال:::ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نزول وحی کے وقت کس حالت میں دیکھا؟؟؟

جواب:::انہوں نے دیکھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زور زور سے خراٹے لے رہے ہیں جیسا کہ اونٹ کے سانس کی آواز ہوتی ہے۔۔۔

سوال:::آیت """اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ""" کس کے بارے میں نازل ہوئی؟؟؟

جواب:::یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی جو زمانہ جاہلیت میں منات نامی بت کے نام کا احرام باندھتے تھے،،صفا و مروہ پہ پہلے ایک ایک بت رکھا ہوا تھا جسے سعی کے دوران مشرکین مکہ تعظیم سے ہاتھ لگاتے تھے اس لیے صحابہ کرام کو صفا و مروہ کی سعی کرنا ناگوار گزری تب یہ آیت نازل ہوئی:::

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ؕ

ترجمہ کنزالعرفان:::

بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں تو جو اس گھر کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ ان دونوں کے چکر لگائے۔۔۔

## ((باب متی یحل المعتمر))

سوال::: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں کیسا گھر ملے گا؟؟؟

جواب::: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت میں موتیوں سے بنا ایک گھر ملے گا جس میں نہ شور وغل ہوگا اور نہ کوئی تکلیف۔۔۔۔

سوال::: کیا عمرہ کرنے والا طواف اور سعی سے پہلے احرام سے باہر آسکتا ہے؟؟؟

جواب::: جی نہیں

## (( باب ما يقول اذا رجع من الحج الخ ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب حج، عمرہ، یا جہاد سے واپس تشریف لاتے تو کون کیا فرماتے؟؟؟

جواب::: واپسی پہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین کی ہر چڑھائی پر تین تکبیریں کہتے اور فرماتے:::

لَا إِلَہَ إِلَّا اللَّہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیکَ لَہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلَی کُلِّ شَيْءٍ قَدِیرٌ آیِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ سَاجِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ صَدَقَ اللَّہُ وَعْدَہُ وَنَصَرَ عَبْدَہُ وَھَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَہُ

ترجمہ:::

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، ملک اسی کا ہے اور حمد اسی کے لیے ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے، ہم واپس ہو رہے ہیں، توبہ کرتے ہوئے، عبادت کرتے ہوئے، اپنے رب کے حضور سجدہ کرتے ہوئے اور اس کی حمد کرتے ہوئے، اللہ نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا، اپنے بندے کی مدد کی اور سارے لشکر کو تنہا شکست دے دی۔۔۔

## (( باب استقبال الحج القادمين الخ ))

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ تشریف لائے تو کن لوگوں نے آپ کا استقبال کیا؟؟؟

جواب::: عبدالمطلب کی اولاد میں سے کئی لڑکوں نے استقبال کیا،، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان میں سے ایک کو سامنے بٹھالیا اور دوسرے کو اپنے پیچھے۔۔۔۔

## (( باب القدوم بالغداة ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مکہ کو روانہ ہوتے تو کس مسجد میں نماز پڑھتے؟؟؟ نیز جب مدینہ تشریف لاتے تو راستے میں کہاں نماز ادا فرماتے؟؟؟

جواب::: جب مدینہ سے مکہ روانہ ہوتے تو شجرہ کی مسجد میں نماز پڑھتے اور جب مدینہ واپس تشریف لاتے تو ذوالحلیفہ میں نالے کے نشیب میں نماز پڑھتے اور صبح تک وہیں رہتے۔۔۔۔

## (( باب الدخول بالعشی ))

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سفر سے واپسی پہ رات کو گھر آنے سے کیوں منع فرمایا؟؟؟

جواب:::اس کی وجہ یہ تھی کہ ہو سکتا ہے کوئی شخص بلا اطلاع دیئے رات کے وقت گھر آ جائے اور اس کی بیوی شوہر کی عدم موجودگی میں ایسی حالت میں ہو جو شوہر کو پسند نہ آئے۔۔۔

## ((باب من اسرع ناقتہ الخ))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس شہر کو دیکھ کر اپنی سواری تیز کر دیتے تھے؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر سے واپسی پہ مدینہ شریف دیکھتے تو اپنی سواری کے جانور کو تیز کر دیا کرتے تھے۔۔۔

## ((باب قول اللہ تعالیٰ وأتوا البیوت الخ))

سوال:::آیت """ولیس البر بان تاتوا البیوت"""کا شان نزول بیان کریں۔۔۔

جواب:::یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی جب وہ حج کر کے آتے تھے تو اپنے گھروں کے دروازوں سے داخل ہونے کی بجائے گھروں کی پشت سے داخل ہوتے تھے،،انصار میں سے ایک آدمی گھر کے دروازے سے داخل ہوئے تو ان کو ملامت کی جانے لگی اس وقت یہ آیت نازل ہوئی:::

وَلَیۡسَ الۡبِرُّ بِاَنۡ تَاۡتُوا الۡبُیُوۡتَ مِنۡ ظُہُوۡرِہَا وَلٰـکِنَّ الۡبِرَّ مَنِ اتَّقٰی ۚ وَاۡتُوا الۡبُیُوۡتَ مِنۡ اَبۡوَابِہَا

ترجمہ کنز العرفان:::اور یہ کوئی نیکی نہیں کہ تم گھروں میں پچھلی دیوار توڑ کر آؤ، ہاں اصل نیک تو پرہیزگار ہوتا ہے اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ۔۔۔

## ((باب السفر قطعۃ من العذاب))

سوال:::نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سفر کو عذاب کا ٹکڑا کیوں فرمایا؟؟؟

جواب:::رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سفر کو عذاب کا ٹکڑا قرار دیا کیونکہ دوران سفر آدمی کو گھر والی سہولیات مثلاً کھانا، پینا یا آرام کرنا وغیرہ نصیب نہیں ہوتا اس لیے سفر سے جلدی گھر لوٹ آنے کا ارشاد فرمایا۔۔۔

سوال:::حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو کس کی بیماری کی خبر ملی تو وہ تیز چلنے لگے؟؟؟

جواب:::آپ رضی اللہ عنہ کو دوران سفر اپنی بیوی حضرت صفیہ بنت ابی عبید کی بیماری کی خبر ملی تو تیز چلنے لگے،،جب شفق ڈوبنے لگی تو سواری سے اتر کر مغرب وعشاء ملا کر پڑھی اور کہا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا تھا۔۔۔

# ((کتاب فضائل المدینہ))

سوال::: مدینہ میں بدعت ایجاد کرنے والے یا بدعتی کو پناہ دینے والے کے بارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: جس نے مدینہ میں کوئی بدعت نکالی یا کسی بدعتی کو پناہ دی تو اس پہ اللہ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے،، نہ اس کا کوئی فرض قبول ہوگا نہ نفل۔۔۔۔

سوال::: مسجد نبوی کس زمین میں بنائی گئی؟؟؟

جواب::: بنو نجار کی زمین میں مسجد بنائی گئی انہوں نے اس کے پیسے نہیں لیے،، اس زمین میں موجود مشرکین کی قبور اکھاڑ دی گئیں،، ویرانے کو برابر کر دیا گیا درختوں کو کاٹ کر قبلہ کی طرف بچھا دیا گیا۔۔۔۔

سوال::: مدینہ منورہ کن لوگوں کو باہر نکال دیتا ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: مجھے ایسے شہر کی طرف ہجرت کا حکم ہوا جو دوسرے شہروں کو کھا لے گا وہ ((یعنی منافقین )) اسے یثرب کہتے ہیں لیکن اس کا نام مدینہ ہے وہ برے لوگوں کو اس طرح باہر نکال دیتا ہے جیسے بھٹی لوہے کا زنگ ختم کر دیتی ہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس مقام پہ مدینہ کو طابہ فرمایا؟؟؟

جواب::: جب غزوہِ تبوک سے واپسی پہ مدینہ کے قریب پہنچے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: یہ طابہ ہے۔۔۔۔

سوال::: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مدینہ کے ہرن کو کیوں نہ چھیڑتے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں مدینہ کے ہرنوں کو چرتے دیکھوں تو انہیں نہ چھیڑوں کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: دو پتھریلے میدانوں کے بیچ ((مدینہ کی زمین)) حرم ہے۔۔۔۔

سوال::: لوگ مدینہ کو کس حالت میں چھوڑ جائیں گے اور پھر وہ کیسا ہو جائے گا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: تم لوگ مدینہ کو بہتر حالت میں چھوڑ جاؤ گے پھر وہ ایسا اجاڑ ہو جائے گا کہ وہاں وحشی جانور، پرندے اور درندے بسنے لگیں گے،، آخر میں مزینہ کے دو چرواہے آئیں گے تاکہ وہ اپنی بکریوں کو ہانک لیں لیکن وہاں انہیں صرف وحشی جانور نظر آئیں گے جب وہ ثنیۃ الوداع تک پہنچیں گے تو منہ کے بل گر پڑیں گے۔۔۔۔

سوال::: جب یمن، شام اور عراق فتح ہوگا تو لوگوں کا کیا طرزِ عمل ہوگا؟؟؟

جواب::: لوگ مدینہ آئیں گے اور اپنے گھر والوں اور جو ان کی بات مانیں گے انہیں اپنے ساتھ لے جائیں گے،، لیکن ان کے لیے مدینہ بہتر ہوگا کاش انہیں معلوم ہوتا۔۔۔۔

سوال::: قرب قیامت ایمان سمٹ کر کہاں آئے گا؟؟؟

جواب::: قرب قیامت ایمان سمٹ کر مدینہ میں اس طرح آئے گا جیسے سانپ اپنے بل میں سمٹ کر آ جاتا ہے۔۔۔۔۔

سوال::: جو اہل مدینہ سے فریب کرے گا اس کا کیا انجام ہوگا؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اہل مدینہ کے ساتھ جو شخص فریب کرے گا وہ اس طرح گھل جائے گا جیسے نمک پانی میں گھلتا ہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کے گھروں کے حوالے سے کیا پیشین گوئی فرمائی؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک اونچے مکان پہ تشریف لے گئے اور فرمایا::: جو کچھ میں دیکھ رہا ہوں کیا تمہیں نظر آرہا ہے؟؟؟ میں بارش کی طرح تمہارے گھروں پہ واقع ہونے والے فتنے دیکھ رہا ہوں۔۔۔۔

سوال::: کیا قرب قیامت دجال مدینہ میں داخل ہو سکے گا؟؟؟

جواب::: جی نہیں،، چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: مدینہ پر دجال کا رعب بھی نہیں پڑے گا،، اس دور میں مدینہ کے سات دروازے ہوں گے اور ہر دروازے پہ دو فرشتے ہوں گے۔۔۔۔

ایک اور روایت میں ہے کہ دجال مکہ اور مدینہ کے سوا تمام شہروں کو پامال کرے گا ان کے ہر راستے پہ فرشتے کھڑے ہوں گے جو ان کی حفاظت کریں گے پھر مدینہ کی زمین تین مرتبہ کانپے گی جس سے ہر کافر اور منافق کو اللہ پاک ((مدینہ سے)) باہر نکال دے گا۔۔۔۔

سوال::: کیا طاعون مدینہ میں داخل ہو سکتا ہے؟؟؟

جواب::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: مدینہ کے راستوں پہ فرشتے ہیں نہ اس میں طاعون آسکتا ہے اور نہ دجال۔۔۔۔۔

سوال::: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کرنے کے بعد ایک اعرابی کو بخار چڑھا تو اس نے کیا کیا؟؟؟

جواب::: اس نے اگلے دن آکر تین مرتبہ کہا کہ میری بیعت توڑ دیں،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انکار کیا اور فرمایا::: مدینہ کی مثال بھٹی کی سی ہے جو میل کچیل دور کر کے خالص جوہر کو نکھار دیتی ہے۔۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ کے لیے کس قدر برکت کی دعا فرمائی؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: اے اللہ جتنی مکہ میں برکت عطا فرمائی ہے اس سے دگنی برکت مدینہ میں عطا فرما۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ سے کس قدر محبت فرماتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سفر سے واپسی پہ جب مدینہ کی دیواریں دیکھتے تو اپنی سواری تیز فرما دیتے اور اگر کسی جانور کی پشت پہ ہوتے تو مدینہ کی محبت میں اسے ایڑ لگا دیتے۔۔۔۔

سوال::: بنو سلمہ نے کس جگہ اقامت کا ارادہ کیا؟؟؟ نیز اس پہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟؟؟

جواب::: بنو سلمہ نے مسجد نبوی کے قریب اقامت کا ارادہ کیا لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مدینہ کے کسی حصے کا ویران ہونا پسند نہ تھا لہذا فرمایا::: تم اپنے قدموں کا ثواب نہیں چاہتے؟؟؟ چنانچہ بنو سلمہ کے لوگ اپنے سابقہ مکانات میں ہی رہے۔۔۔۔

سوال::: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس جگہ کو جنت کا باغ قرار دیا؟؟؟

جواب::: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا::: میرے گھر اور منبر کے درمیان والی جگہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر قیامت کے دن میرے حوض پہ ہوگا۔۔۔۔

سوال::: مدینہ ہجرت کے بعد کون سی شخصیات بخار میں مبتلا ہوئیں؟؟؟ نیز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا دعا فرمائی؟؟؟

جواب::: حضرت ابو بکر اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما کو ہجرت کے بعد بخار ہو گیا اور یہ دونوں حضرات مکہ کے فراق میں اشعار پڑھتے تھے،، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوں دعا کی::: اے اللہ ہمارے دلوں میں مدینہ کی محبت اسی طرح ڈال دے جس طرح مکہ کی محبت ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ،، اے اللہ!!! ہمارے صاع اور مد میں برکت عطا فرما،، مدینہ کی آب و ہوا کو ہمارے لیے صحت والی بنا اور یہاں کے بخار کو جحیفہ بھیج دے۔۔۔۔

سوال::: مدینہ کے کس نالہ سے بدبودار پانی بہا کرتا تھا؟؟؟

جواب::: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب ہم مدینہ آئے تو یہ اللہ کی سب سے زیادہ وباوالی سرزمین تھی،، مدینہ کے بطحان نامی نالہ سے بدمزہ اور بدبودار پانی بہا کرتا تھا۔۔۔

سوال::: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ کے حوالے سے کیا دعا کرتے تھے؟؟؟

جواب::: آپ رضی اللہ عنہ یہ دعا کرتے تھے اے اللہ!!! مجھے اپنے راستے میں شہادت عطا کر اور میری موت اپنے رسول کے شہر میں مقدر کر دے۔۔۔